www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور جنوب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | پیر 15 ربیع الثانی 1448ھ 28 ستمبر 2026ء صفحات 08 | شمارہ 77

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

پاک بحریہ آبدوز ہنگور کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ

طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل فائر کیا

راولپنڈی / اسلام آباد (شاکر رحمان) پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کرلی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کی اور پی این ایس / ایم ہنگور .... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

لانگ مارچ موخر، اسلام آباد آنیوالے راستے کھل گئے، پی ٹی آئی عوام کو اعتماد میں لئے بغیر امن قائم نہیں ہوسکتا، سہیل آفریدی

بند کمروں کے فیصلے نہیں مانتے، تین مسخرے نفرتیں بڑھا رہے ہیں، ادائیگی کے باوجود بکتر بند گاڑیاں نہیں دی گئیں، قیام امن کیلئے پولیس کو 35 ارب روپے فراہم کیے ہیں، وزیراعلیٰ کے پی کی گفتگو

صوبائی حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری طرح سنجیدہ ہے، ہمیں امن پیارا ہے، احساس ہے کہ ہمارے بچے، خواتین اور جوان شہید ہو رہے ہیں، دہشتگردی میں جو شہید ہوا اسے پیکیج دیا جائیگا

اٹک خیر آباد کے مقام پر جی ٹی روڈ پر چار روز بعد ٹریفک بحال، پشاور اسلام آباد موٹروے ایم ون سے رکاوٹیں ہٹانے کا سلسلہ جاری، ٹیکسلا میں پنجاب کے داخلی راستوں پر بھی ٹریفک روانی بحال ہوگئی

اسلام آباد، ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں گزشتہ روز ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو اعتماد میں لیے بغیر امن کا قیام ناممکن ہے۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے گھر الامین ہاؤس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ پاکستان کے خلاف جو بھی اسلحہ اٹھاتا ہے وہ دہشت گرد ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ اس جنگ میں صرف عوام نہیں بلکہ سیکیورٹی فورسز کے جوان بھی اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ صوبائی حکومت نے قیام امن کے لیے پولیس کو 35 ارب روپے کے فنڈز فراہم کیے ہیں اور حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری طرح سنجیدہ ہے۔ خیبر پختونخوا کے عوام کو اعتماد میں لیے بغیر امن کا قیام ناممکن ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہمیں امن پیارا ہے، احساس ہے کہ ہمارے بچے، خواتین اور جوان شہید ہو رہے ہیں، دہشت گردی کی لہر میں جو شہید ہوگا اسے شہید پیکیج دیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں حالات خراب ہیں جو حکومت کے بس کی بات نہیں۔ پریس کانفرنس کے دوران سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم بند کمروں کے فیصلوں کو نہیں مانتے، تین مسخرے ملک میں نفرتیں بڑھا رہے ہیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ادائیگی کے باوجود ہمیں بکتر بند گاڑیاں نہیں دی جا رہیں، وفاق کو کہا کہ اپنی گاڑیاں ہمیں دے دیں، جہاز ہے ہم اٹھا رہے ہیں، ہمارا صوبہ زخمی ہے، آپ تو جہاز لے رہے ہیں، وفاق سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جلد بکتر بند گاڑیاں دیں۔ دریں اثناء اٹک خیر آباد کے مقام پر جی ٹی روڈ پر چار روز .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کیخلاف پوری قوت سے کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعظم

بلوچستان میں 71 سے زائد دہشت گردوں کی ہلاکت فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا منہ بولتا ثبوت ہے

پاکستان کی سرزمین سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہمارا عزم ہے، بیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔ وزیراعظم نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گردوں کی .... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

فضائی حدود کی خلاف ورزی، پاکستان کا افغان طالبان کو ڈی مارش

پاکستانی حدود میں دہشت گردی کے واقعات اور سرحدی خلاف ورزیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا، پاکستان کا واضح پیغام

افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے، دہشت گرد عناصر کیخلاف کارروائی کرے، مطالبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے 23 ستمبر کو پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی اور افغانستان سے ہونے والے حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر افغان طالبان حکومت کو سخت احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے ڈی مارش حوالے کردیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے یہ ڈی مارش گزشتہ روز افغان حکام کے حوالے کیا گیا جس میں افغان سرزمین سے دہشت گردی کے حالیہ واقعات، سرحدی دراندازی اور پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی پر شدید تحفظات سے آگاہ کیا گیا۔ پاکستان نے افغان حکام پر واضح کیا کہ پاکستانی حدود .... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کا 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا کیساتھ گروپ فوٹو

دہشتگردی کیخلاف قومی عزم غیر متزلزل ہے، دہشتگرد اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پیدا نہیں کرسکتے، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں فوجی آپریشن، 4 روز میں 71 دہشتگرد ہلاک، فورسز کی کارروائیوں پر فخر ہے، وزیراعلیٰ

شعبان میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے ٹھکانوں کے خلاف انٹیلی جنس اطلاعات پر سیکورٹی فورسز نے 21 ستمبر کو کارروائی کی اور فائرنگ کے تبادلے میں 33 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا

25 ستمبر کو فورسز نے نوشکی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 11 مند میں نے فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گردوں ہلاک کیا کارروائی کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا

گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران بلوچستان میں 71 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کیا جاچکا ہے، دہشت گردی میں افغان طالبان رجیم کا ملوث ہونا امن کے لیے خطرے کا باعث ہے، آئی ایس پی آر

سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنا کر مقامی آبادی کو درپیش خطرات میں نمایاں کمی کی ہے، بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کی کوششیں جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران شعبان .... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کوئٹہ کے علاقے شعبان سمیت نوشکی اور مند میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے .... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے نورستان سے متعلق طالبان حکومت کے الزامات کو مسترد کردیا

پاکستان کا افغانستان میں کسی بھی اندرونی جھڑپ سے کوئی تعلق نہیں، کوئی قابل تصدیق ثبوت پیش نہیں کیا گیا

افغان سرزمین پر دہشت گرد گروہ خطے کے لیے خطرہ، پاکستان پر دہشت گردی کی حمایت کا الزام باعث تعجب ہے

طالبان حکومت افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے کا وعدہ پورا کرے، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے افغان صوبے نورستان سے متعلق افغان طالبان حکومت کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔ اس حوالے سے وزارت اطلاعات و نشریات نے کہا ہے کہ پاکستان کا نورستان یا افغانستان میں .... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا خطاب فلسطینی مشن نے سوشل میڈیا پر نمایاں کردیا

شہباز شریف نے جنرل اسمبلی سے خطاب میں فلسطین کا خصوصی ذکر کیا، مشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کے جنرل اسمبلی سے خطاب کے الفاظ کو اقوام متحدہ میں فلسطینی مشن نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر نمایاں کردیا۔ .... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کیساتھ جنگ کا فیصلہ کن مرحلہ شروع ہوگیا، ایرانی آرمی چیف

ایران جنگ میں کامیاب رہا ہے، امریکہ کو شدید نقصان پہنچا، آئندہ بھی ممکنہ حملے کا جواب دینے کے لیے تیار رہنا ہوگا

اگر امریکہ نے دوبارہ ایران پر حملہ کیا تو اسے پہلے سے زیادہ نقصان کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے، جنرل امیر حاتمی کا انٹرویو

تہران (م ڈ) ایرانی فوج کے سربراہ میجر جنرل امیر حاتمی نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی بلکہ یہ اس وقت ایک "اہم اور فیصلہ کن مرحلے" میں داخل ہوچکی ہے۔ انہوں نے ایرانی فوج کو مزید ممکنہ حملوں کے لیے تیار رہنے کی ہدایت بھی کی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امیر حاتمی نے ایک فوجی تقریب .... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

4 اکتوبر کو اسلام آباد موٹر سائیکلوں پر جائیں گے، سہیل آفریدی

جنید اکبر نے سومنات کا ذکر کیا تھا، جس پر کچھ لوگ غصہ ہوئے، خطاب

مالاکنڈ (م ڈ) مالاکنڈ میں پی ٹی آئی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا کہنا کہ ہمارے راستے روکے جا رہے ہیں، موٹر سائیکل .... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اور علی امین گنڈاپور پریس کانفرنس کررہے ہیں

نیپرا کی بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کے لیے نئے گرڈ شیئرنگ چارجز کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیپرا نے بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کے لیے گرڈ شیئرنگ چارجز سے متعلق نئے قواعد تجویز کیے ہیں، مجوزہ اسکیم پر عوام سے رائے طلب کرلی گئی۔ نیپرا کی جانب سے کنزیومر سروس .... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ: مسلح افراد نے سکول کی عمارت کو دھماکے سے اڑا دیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ کے علاقے کنڈ کوچہ میں نامعلوم افراد نے دھماکہ خیز مواد سے سکول کی عمارت کو اڑا دیا جس سے متعدد کمرے زمین بوس ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان نے کنڈ کوچہ کے .... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت ملک بھر میں مہنگائی کا طوفان امڈ آیا

مٹن سرکاری نرخ 2100 فروخت 3000 میں ہورہا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) کوئٹہ سمیت ملک بھر میں مہنگائی کا طوفان، سبزیوں، پھلوں اور گوشت کی قیمتیں بڑھ گئیں کوئٹہ میں سرکاری نرخ نامے کے باوجود شہری مہنگے .... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سہیل آفریدی کو بانی کا مکمل اعتماد حاصل ہے، بیرسٹر گوہر

کوششیں جاری ہیں معاملات کو مزید خراب ہونے سے بچایا جائے

پی ٹی آئی وزیراعلیٰ کے پی کی مکمل سپورٹ کریگی، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا مکمل اعتماد حاصل ہے، پی ٹی آئی بھی وزیراعلیٰ کی مکمل حمایت کرے گی۔ بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو میں کہا سب کو سمجھنا ہوگا کہ یہ حالات خراب کرنے کا وقت نہیں، بلکہ کوشش کرنی چاہیے کہ ملک کے حالات بہتر ہوں۔ انہوں .... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے، رانا ثنا اللہ

صوبائی حکومت آئین اور قانون کے مطابق نہیں چلائی جا رہی، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے تاہم اس پر ابھی تک کوئی .... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سہیل آفریدی جا رہے ہیں یا نہیں کچھ پتہ نہیں، گورنر کے پی

وزیراعلیٰ ہاؤس سے باقاعدہ چینل سے استعفیٰ آیا تو منظور کرونگا، فیصل کریم

پشاور (م ڈ) خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی جا رہے ہیں، علی امین گنڈاپور آ رہے ہیں، کچھ پتا نہیں ہے تاہم وزیراعلیٰ ہاؤس .... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا نے معلومات کی ترسیل کو غیر معمولی تیزی دی، شاہد رند

خبر کی صداقت، سچائی اور حقائق کی درست عکاسی صحافت کے بنیادی اصول ہیں، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے عالمی یوم خبر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ خبر کی صداقت، سچائی .... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت مستند اور بروقت معلومات کی فراہمی کے لیے پرعزم، عسکر خان

درست اور بروقت معلومات کی فراہمی عوام کے اعتماد کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے

خبر کی جامع تصویر کیلئے قابل اعتماد ذرائع سے تصدیق ضروری ہے، عالمی یوم خبر پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان عسکر خان نے عالمی یوم خبر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ درست، مستند اور بروقت معلومات کی .... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، زیر زمین پانی میں 5.66 فیصد کمی ریکارڈ

پنجاب کا 22.84 فیصد حصہ زیر زمین پانی سے محروم ہوگیا، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں 8 برسوں کے دوران زیر زمین پانی میں 5.66 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب کا 22.84 فیصد حصہ .... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان پاکستان کو مختلف خطوں سے جوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے، گورنر

گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں سے لے کر معدنی اور زرعی خطوں تک صوبہ ملکی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے

نیشنل ورکشاپ میں حاصل اجتماعی دانش کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ہی ورکشاپ کی حقیقی کامیابی ہوگی، خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اکیسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس ورکشاپ میں آپ نے ماہرین کے علم، تجربے اور بصیرت سے بھرپور استفادہ کیا ہوگا اور باہمی مکالمے اور مشاورت کے ذریعے بلوچستان اور پاکستان کو درپیش اہم چیلنجز کا بہتر ادراک حاصل کیا ہوگا لہٰذا اب اس اجتماعی دانش کو عملی .... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

افواج پاکستان ملکی دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں، وزیراعلیٰ

نئی آبدوز ایم ہنگور غیر معمولی آپریشنل صلاحیت کا بھرپور ثبوت ہے، بیان

پاک بحریہ کے بیڑے میں نئی آبدوز شامل کرنے پر فورسز کو خراج تحسین

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان بحریہ اور اس کی قیادت کو نئی شامل کی جانے والی آبدوز پی این ایس / ایم ہنگور کے پہلے کامیاب براہ راست ہتھیاروں کے تجربے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اینٹی شپ کروز میزائل کے ذریعے طویل فاصلے پر موجود ہدف کو درستگی کے ساتھ نشانہ بنانا پاکستان بحریہ کی آبدوز فورس کی غیر معمولی آپریشنل تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور بلند جنگی صلاحیت کا واضح ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کے دفاع اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ پاک بحریہ جدید آبدوز کی .... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

لانگ مارچ موخر ہونے کے باوجود کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کی جانب سے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کی کال موخر کیے جانے کے بعد بھی اسلام آباد کے ریڈ زون کے اطراف کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا، داخلی و خارجی راستے کھلے ہیں مگر سڑکوں کے قریب کنٹینرز بھی رکھے گئے ہیں۔ ٹیکسلا میں پنجاب کے داخلی راستوں پر رکھے .... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان

اسلام آباد (م ڈ) محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں میں ملک کے مختلف علاقوں میں بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اسلام آباد، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے بعض علاقوں میں بادل برس سکتے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد اور گردونواح میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہنے کے ساتھ بعض اوقات تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک .... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

درازندہ دھماکہ، شہدا کی نماز جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا

سیکورٹی فورسز کے دستے کی سلامی، شہدا قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، ڈی آئی جی

ڈیرہ اسماعیل خان (م ڈ) درازندہ امن میلہ جوائنٹ چیک پوسٹ دھماکے میں شہید کانسٹیبل حوالدار فرمان، سپاہی اسامہ اور ریسکیو 1122 اہلکار شریف اللہ .... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو ملتان سے ہی مارچ شروع کرینگے، نعیم الرحمن

جماعت اسلامی کا کوئی ذاتی ایجنڈا نہیں، ہماری جدوجہد صرف عوام کے حقوق کیلئے ہے، مافیاز سے عوام کو نجات دلانا ہوگی

کراچی سمیت پورے پاکستان میں احتجاجی کیمپ قائم، احتجاج کو روکنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی، مرکزی امیر جے آئی

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پیٹرولیم لیوی، مہنگی بجلی .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پوری قوم سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، وزیر ریلوے

بلوچستان میں کامیاب کارروائیوں پر حنیف عباسی کا فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی الیکشن کمیشن عالمی تنقید کی زد میں آگیا

نئی دہلی (م ڈ) مودی کے کٹھ پتلی بھارتی الیکشن کمیشن کی ہیرا پھیری نے بھارت میں نام نہاد جمہوریت کے دعوؤں کا پول کھول دیا، برطانوی جریدہ کے مطابق چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کیخلاف بے ضابطگیوں کی .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیکس چوری پکڑنے کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے مدد لینے کا فیصلہ

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے، ترجمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف بی آر نے ٹیکس چوری روکنے کیلئے پلان تیار کرلیا، مصنوعی ذہانت پر مبنی خودکار ڈیٹا نظام غلط فراہم کردہ معلومات کی نشاندہی کرے .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی محمد طاہر ضلع قلعہ عبداللہ کے دورے کے موقع پر پولیس اسٹیشن کا معائنہ اور اہلکاروں سے بات چیت کر رہے ہیں

ایران جنگ کا جلد خاتمہ ہوگا، تیل کی قیمتیں بھی گر جائینگی، ٹرمپ

امریکی مذاکرات کار رواں ہفتے کے دوران ایران کے ساتھ مزید بات چیت کریں گے، امریکی صدر

جنگ جلد ختم ہونے والی ہے، امریکی نشریاتی ادارے کو دیئے گئے ٹیلی فونک انٹرویو کے دوران پیشگوئی

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پیش گوئی کی ہے کہ ایران کے ساتھ جاری جنگ جلد ختم ہو جائے گی اور .... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق سی ٹی ڈی کی تحقیقات جاری

کوہاٹ (م ڈ) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کی تفتیشی ٹیم کی 18 ستمبر کو کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش دھماکے سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشت گرد پولیس لائنز تک .... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ قومی عزم ہے، طارق فضل

71 سے زائد دہشتگردوں کا خاتمہ فورسز کی مہارت کا ثبوت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیابیاں .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وزیرداخلہ منتخب ہوتے تو پتہ ہوتا استحقاق نئی ایجاد نہیں، بابر سلیم

استحقاق پارلیمانی روایات اور قوانین کا حصہ ہیں، اسپیکر کے پی اسمبلی

پشاور (م ڈ) اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ارکان اسمبلی کو حاصل پارلیمانی استحقاق .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

گینگ ریپ کا شکار غیر ملکی خاتون کا میڈیکل معائنہ مکمل

خاتون کی پنجاب اسمبلی میں موجودگی کی تصاویر بھی سامنے

دو ملزمان کی شناخت کرلی، گرفتاری کیلئے چھاپے جاری ہیں، پولیس

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کے علاقے ڈیفنس سی میں غیر ملکی خاتون سے مبینہ اجتماعی زیادتی کے واقعے میں پولیس نے واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی برآمد .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں پاکستان نے گولڈ میڈل جیت لیا

بلوچستان کے بلال احمد نے 180 سینٹی میٹر کیٹیگری میں گولڈ میڈل اپنے نام کیا

اسلام آباد (م ڈ) تھائی لینڈ میں جاری ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں پاکستان نے شاندار کارکردگی دکھاتے .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو آن لائن فراڈ و جرائم سے تحفظ کی فراہمی ترجیح ہے، محسن نقوی

این سی سی آئی اے کو جدید ٹیکنالوجی سمیت تمام وسائل فراہم کر رہے ہیں، شکایت پر فوری رسپانس یقینی بنایا جائے

سائبر جرائم کی بدلتی نوعیت سے نمٹنے کیلئے تحقیقاتی افسران کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا ضروری ہے، وزیرداخلہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا، وفاقی وزیر داخلہ نے سائبر کرائم اور آن لائن مالیاتی فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت اور بلا امتیاز کارروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ آن لائن مالیاتی .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: احتجاج میں غنڈے لانے کا منصوبہ تھا، ڈی آئی جی

احتجاج کے حوالے سے آڈیو سامنے آئی ہے، ایک شخص کو گرفتار کرلیا ہے

خاتون پی ٹی آئی رہنما تربیت دیکر لاہور بھیجنے کا مطالبہ کر رہی ہیں، گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کے ڈی آئی جی آپریشنز نے دعویٰ کیا ہے کہ پی ٹی آئی کی احتجاج کے حوالے سے آڈیو سامنے آئی ہے جس میں خاتون رہنما غنڈوں .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی قومی شاہراہیں سفر کیلئے محفوظ نہیں، ڈاکٹر مالک بلوچ

نیشنل پارٹی کی سیاست جمہوری تقاضوں پر متعین ہے عوام کے بنیادی حقوق کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں

خضدار کوچہ وقلات اور نوشکی میں باغات کاٹنے اور لوگوں کو علاقوں سے بے دخل کرنے کی پالیسی عوام دشمن اقدام ہے

آئین و قانون کی حکمرانی ہی عام شہری کی آزادی اور بنیادی حقوق کی ضمانت دیتی ہے، سربراہ نیشنل پارٹی کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے مرکزی کمیٹی کے دوسرے روز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی کی سیاست جمہوری تقاضوں پر متعین ہے کہ عوام کو شعوری طور پر جوڑنا اور ان کے بنیادی حقوق کے لیے جدوجہد کرنا ہے۔ سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ملتان: عمرہ کی آڑ میں خاتون کو سعودیہ بھیجنے کی کوشش ناکام

خاتون مسافر انیشہ بی بی کی نشاندہی پر امجد نامی ایجنٹ گرفتار کرلیا گیا

جنسی استحصال کیلئے بیرون ملک بھجوانے کے شواہد برآمد، ایف آئی اے

ملتان (م ڈ) ملتان ایئرپورٹ پر ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے عمرہ ویزے کی آڑ میں خاتون کو مبینہ جنسی استحصال کے لیے سعودی عرب بھیجنے کی کوشش ناکام .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ و دیگر مقررین کلی بہری ہنہ اوڑک میں گرینڈ شمولیتی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان باضابطہ مذاکرات آج ہونگے

معاشی کارکردگی اور موسمیاتی اقدامات کا جائزہ لیا جائیگا، آئندہ اقساط میں ایک ارب 20 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان

مذاکرات دو مراحل میں ہونگے، پہلے تکنیکی سطح پر معاشی اعداد و شمار اور مطلوبہ معلومات پھر پالیسی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے درمیان باضابطہ مذاکرات کا آغاز آج پیر سے اسلام آباد میں ہوگا، جس میں پاکستانی وفد کی قیادت وزیر خزانہ کریں گے جبکہ آئی ایم ایف مشن چیف کی سربراہی میں وفد مذاکرات میں شریک ہوگا .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے وفد ملاقات کر رہا ہے

گورنر بلوچستان جعفرمندوخیل کو 21ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے اختتامی تقریب کے موقع پر بریگیڈیئر شاہد خان یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سردار بزنجو کی رہائش گاہ پر فائرنگ قابل مذمت ہے، حمید بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) انجینئر حمید بلوچ نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائش گاہ پر فائرنگ کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے نہ صرف ایک قابل افسوس اور قابل مذمت اقدام قرار دیا بلکہ بلوچ روایات، اقدار اور قبائلی وسیاسی رواداری کے صریحاً منافی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے اور سیاسی اختلاف اپنی جگہ، مگر کسی کی رہائش گاہ پر فائرنگ جیسے اقدامات کسی بھی مہذب اور باوقار معاشرے میں قابل قبول نہیں۔

جاں بحق کانکنوں کے لواحقین کو معاوضہ ادا کیا جائے، عبدالستار

محنت کشوں کے تحفظ کیلئے حفاظتی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے پشاور کے نواحی علاقے حسن خیل کے علاقے بوروپسہ وٹی میں مائن حادثے کے نتیجے میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے تین کان کنوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق کان کنوں کیلئے دعائے مغفرت کی جبکہ حکومت سے مطالبہ کیا کہ جاں بحق کان کنوں کے لواحقین کو فوری طور پر مناسب معاوضہ ادا کیا جائے۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالستار، عبدالعلیم خان، عبدالستار جونیئر، شاہنواز زہری، ولید، منظور احمد بلوچ، شاہ علی بلتی، شاکر سماواتی، شاہ وزیر، آصف شاہ، حاجی سیف اللہ خان، محمد زمین، محمد قاسم، سعید بلانوشی، حاجی یونس، ساجد کھوکھر سمیت دیگر ٹریڈ یونین نمائندوں نے مشترکہ طور پر کہا کہ کوئلہ کانوں میں پیش آنے والے حادثات کی روک تھام اور کان کنوں کی قیمتی جانوں کے تحفظ کیلئے حفاظتی اقدامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے، کان کنوں کو حفاظتی سامان فراہم کرنے کیساتھ ساتھ انہیں ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے ضروری تربیت بھی دی جائے، متعلقہ ادارے اور کان مالکان کان کنوں کی جانوں کے تحفظ کو اولین ترجیح بنائیں تاکہ کوئلہ کانوں میں حادثات کی شرح کم کی جا سکے اور محنت کشوں کیلئے محفوظ ماحول یقینی بنایا جا سکے۔

کوئٹہ، ضلع موسیٰ خیل کے قبائل سردار عیسیٰ خان، پیرزادہ وندیر احمد و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

موسیٰ خیل کو لورالائی سے الگ کرنا قبول نہیں، سردار عیسیٰ خان

فیصلے کو قبول نہیں کریں گے، کسی بھی انتظامی تبدیلی سے قبل عوام اور قبائلی عمائدین کو اعتماد میں لیا جائے، سردار بہادر خان

آئینی قانونی حقوق کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا، موسیٰ خیل کی اپنی تاریخ اور جغرافیہ ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ضلع موسیٰ خیل قومی اتحاد کے رہنماؤں سردار عیسیٰ خان موسیٰ خیل، سردار بہادر خان موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف خوندی نے موسیٰ خیل کو لورالائی ڈویژن سے الگ کر کے کوہ سلیمان ڈویژن میں شامل کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے کسی بھی انتظامی تبدیلی سے قبل عوام، سیاسی و سماجی نمائندوں اور قبائلی عمائدین کو اعتماد میں لیا جائے۔ انتظامی فیصلے سیاسی یا انتخابات مفادات کی بجائے جغرافیائی حقائق کی بنیاد پر کیے جائیں۔ موسیٰ خیل کی صوبائی اسمبلی نشست انتخابات سے قبل بحال کر کے راڑہ شم اور اندر پڑ کو فوری طور پر ضلع موسیٰ خیل انتظام میں واپس لایا جائے۔ بصورت دیگر آئینی قانونی حقوق کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کی اس موقع پر دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ موسیٰ خیل ایک تاریخی، قبائلی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والا ضلع ہے حالیہ ممکنہ انتظامی تبدیلیوں اور خصوصاً اسے لورالائی ڈویژن سے الگ کر کے کوہ سلیمان ڈویژن میں شامل کرنے کے مبینہ فیصلے کو مسترد کرتے ہیں۔ موسیٰ خیل کو 1892ء میں تحصیل کا درجہ دیا گیا جب یہ ژوب ایجنسی کا انتظامی حصہ تھا 1903ء میں اسے ژوب کے انتظامی نظام سے نکال کر لورالائی کے ساتھ منسلک کیا گیا اور اس کے بعد موسیٰ خیل لورالائی کے انتظامی نظام کے ایک تحصیل کی حیثیت سے حصہ رہا ہے۔ حال ہی میں ضلع موسیٰ خیل کے دو یونین کونسلز راڑہ شم اور اندر پڑ کو انتظامی طور پر موسیٰ خیل سے الگ کر کے بارکھان میں شامل کیا گیا ہے موسیٰ خیل کی انتظامی اور ...

مسلم باغ ہسپتال میں ڈاکٹرز و عملہ کی حاضری یقینی بنائی جائے، حیات اللہ

او پی ڈی میں ڈاکٹرز اور عملہ کی باقاعدہ موجودگی کے حوالے سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، رہنما پی پی

عوام کی سہولت کیلئے فوری طور پر لیڈی ڈاکٹرز کی حاضری اور ڈیوٹی کے نظام کی نگرانی کی جائے، بیان

مسلم باغ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مسلم باغ سول ہسپتال میں خواتین مریضوں کو علاج ...

فزیالوجی آن لائن مقابلے کا انعقاد خوش آئند ہے، راز محمد کاکڑ

آئندہ سال انٹرنیشنل سطح پر مقابلے کا انعقاد ہوگا، پرنسپل بی ایم سی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پاکستان بولان فزیالوجی آن لائن چیمپئن شپ 2026 کا انعقاد خوش آئند قرار دیتے ہوئے بولان میڈیکل کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر راز محمد کاکڑ نے کہا کہ یہ چیمپئن شپ اگلے سال کوئٹہ سے انٹرنیشنل سطح پر مقابلے کا انعقاد کرے گی یہ بات انہوں نے منعقدہ چیمپئن شپ جس میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے تھرڈ، فورتھ اور فائنل سمسٹر کے منتخب طلبہ و طالبات سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ چیمپئن شپ کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر راز محمد کاکڑ کی سربراہی میں CASVAB کوئٹہ میں منعقد ہوئی۔ منتظمین کے مطابق چیمپئن شپ کا مقصد میڈیکل طلبہ کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور روایتی علمی طریقوں سے ہٹ کر درپیش چیلنجز کے حل کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے۔ بلوچستان میں پہلی مرتبہ ہونے والی اس چیمپئن شپ کو اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے اگلے سال کوئٹہ سے انٹرنیشنل سطح پر مقابلے کے انعقاد کی کوشش کا اعلان کیا۔ پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں بالترتیب 50، 30 اور 20 ہزار روپے نقد ...

ادبا و شعرا معاشرے کا حساس طبقہ ہیں، ڈاکٹر آمنہ سومرو

ادب انسانی جذبات کا ترجمان اور معاشرے کا آئینہ ہوتا ہے

حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد جاری ہے، عبدالغفار

وزیراعلیٰ مین ٹھیکیداروں کو نوازنے کا فوری نوٹس لیں، میر عبدالسلام

الائیڈ ہیلتھ الائنس کی پروفیسر ڈاکٹر مقبول احمد لانگو کو مبارکباد

12 سالہ طالب علم کے قتل میں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے، محمد ہاشم

پی ایم اے کا مرکز کی کال پر ہڑتال کی بھرپور حمایت کا اعلان

نجی طبی اداروں، کلینکس اور ڈاکٹرز پریکٹس کا نفاذ ناانصافی ہے، ترجمان

رسم سوئم ادا

ادب فکری اور تہذیبی شناخت کا آئینہ دار ہے، صدیقہ خان

محنت کشوں کو نشانہ بنانا کسی صورت قبول نہیں، سردار کھیتران

ملوث عناصر کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچایا جائے، بیان

ٹرانسپورٹروں سے بھتہ وصولی کا سلسلہ فوری بند کیا جائے، نور محمد شاہوانی

گاڑیوں کی ٹرانسفر اور سمارٹ کارڈ کے حصول میں تاخیر کا نوٹس لیکر ٹرک مالکان کو مشکلات سے نجات دلائی جائے

معمولی نوعیت کی چیزوں پر اعتراضات لگا کر ٹرانسپورٹرز کے جائز کام میں غیر ضروری رکاوٹیں پیدا کی جاتی ہیں

کوئٹہ، بی این پی رابعہ خواجہ خیل پریس کانفرنس کر رہی ہیں

غیر سرکاری تنظیم میں کوئی عہدہ نہیں، رابعہ خواجہ خیل

مجھ پر جھوٹے الزام کو برداشت نہیں کیا جائیگا، رہنما بی این پی

نقیب اللہ محسود کے لواحقین کو تا حال انصاف نہ مل سکا، پشتونخوا نیپ

برہام و حامس کو جزا ہونا چاہئے، سرکاری کی سرپرستی مضبوط بنانی جا سکتی ہیں، بیان

شیخ طارق نیو کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر منتخب

سرداراده فیصل خان جمالی کا عابد بخاری کے انتقال پر اظہار تعزیت

مرحوم کی صحافتی خدمات ناقابل فراموش ہیں، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

پی ٹی پی کے رہنما میر علی احمد بابکی ساتھیوں سمیت پیپلز پارٹی میں شامل ہوگئے

عوامی خدمت، جمہوری اقدار اور بلوچستان کی ترقی کیلئے جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان

کیسکو اہلکاروں کی جانوں کو تحفظ حاصل نہیں، ہائیڈرو یونین

افسروں کی تعداد میں 50 فیصد تک کمی لائی جائے، محمد رمضان اچکزئی

ملازمین کو تحفظ فراہم کرنا کیسکو انتظامیہ اور بورڈ کی ذمہ داری ہے

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کی داد رسی

اساتذہ کے جائز حقوق پر تاخیر قبول نہیں، جامعہ بلوچستان

اپ گریڈیشن سینڈیکیٹ سمیت متعلقہ مجاز اداروں سے منظور شدہ ہے

امن کا قیام اور قانون پر عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا، عالم خان کاکڑ

شہریوں کو ہراساں کرنا اختیارات سے تجاوز ہے، رہنما پی ٹی آئی

حاجی علی دوست کی بھائی کی شہادت پر فاتحہ خوانی

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

قوم اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے متحد ہیں، ثمینہ ممتاز

ڈیرہ اسماعیل خان میں خودکش دھماکہ اور ایمبولینس پر فائرنگ کی دہشت گردانہ بزدلانہ کارروائی قوم کے دہشت گردی کے خلاف پختہ عزم کو پست نہیں کر سکتی

دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق

تھانوں کو عوام دوست اور جدید سہولیات سے آراستہ کیا جائے، سہیل چوہدری

آئی جی اسلام آباد کا تھانہ کوہسار، شالیمار اور سیکرٹریٹ کے دورے کے موقع پر ہدایت

صالح بلوچ کو سیکرٹری لائیو اسٹاک بننے پر مالداروں کی جانب سے خیرمقدم

عوام کی بلاامتیاز خدمت مسلم لیگ (ن) کا مشن ہے، سینئر کارکن پارٹی کا سرمایہ ہیں، جمال شاہ

کارکن نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز کا پیغام گھر گھر پہنچائیں، رکن قومی اسمبلی، جنرل سیکرٹری بلوچستان

وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی کیلئے اربوں روپے کے ترقیاتی پروجیکٹ دے چکی ہے، پارٹی رہنماؤں سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کرتی ہے سینئر کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے جائز مسائل حل کئے جائیں گے مسلم لیگ (ن) کے کارکن پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ یہ بات انہوں نے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر رہنما ملک ابرار کی رہائش گاہ آمد پر آمد کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے رہنما ممبر سینٹرل ورکنگ کمیٹی حیدر خان اچکزئی، صوبائی ترجمان شاکر محمد حسنی، چیئرمین سوشل ویلفیئر کمیٹی حاجی وارث خان اچکزئی، صوبائی میڈیا کوآرڈینیٹر نثار احمد خان اچکزئی، عمر خان کاکڑ، کمانڈر رحمت محمد اللہ، ہمایوں خان کاکڑ، دوست محمد خلجی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ملک اور خاص کر بلوچستان کی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے کوشاں ہیں ... بلوچستان کی ترقی کیلئے وفاقی حکومت اربوں روپے کے پروجیکٹ دے رہی ہے ...

ڈپٹی کمشنر ژوب فضل الرحمٰن قربانی سے مسلم لیگ (ق) کے رہنما ایس آر ناصر ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان امن و ترقی کی راہ پر گامزن ہے، سیدال ناصر

تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے کیلئے معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پوری قوم افواج پاکستان اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، چیمبرز آف کامرس نمائندگان سے قائمقام چیئرمین سینیٹ کی بات چیت

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی نامور شخصیات، وکلاء، ڈاکٹرز، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور مختلف چیمبرز آف کامرس کے نمائندگان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال، تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ، ملکی سلامتی اور بین الاقوامی سطح پر سیکیورٹی و امن و امان کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ موجودہ سیاسی و عسکری قیادت خطے اور عالمی سطح پر امن و سلامتی کے فروغ، کشیدگی میں کمی اور معاشی و اقتصادی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب انتہائی اہمیت کا حامل ہے، جس میں انہوں نے پاکستان کے عوام کے جذبات، مؤقف اور قومی ترجیحات کو مؤثر انداز میں عالمی برادری کے سامنے پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین اور مقدس مقامات کا تحفظ ہر مسلمان کے دل کے قریب ہے اور پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ معاہدہ ایک اہم پیش رفت ہے اور اس پر من و عن عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ عالمی سطح پر کشیدگی میں کمی اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی کوششیں قابل ذکر ہیں۔ پاکستان امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان ملکی معاملات میں بہتری، معاشی استحکام اور عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی جانب سے معاشی چیلنجز سے نمٹنے اور ملکی معیشت کو مستحکم بنانے کے لیے کی جانے والی کوششیں اہم ہیں۔ ان شاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب ملک کے حالات مزید بہتری کی جانب گامزن ہوں گے، مہنگائی میں کمی آئے گی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مزید مؤثر اقدامات سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں دانشمندانہ فیصلوں اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے ملکی معیشت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کی کوششیں جاری ہیں۔ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، جس سے روزگار کے مواقع میں اضافہ اور ملکی معیشت کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں افواج پاکستان اور سیکیورٹی فورسز کے کردار کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کے جوان اور افسران بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں۔ پوری قوم افواج پاکستان اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم غیر متزلزل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امن، استحکام، معاشی ترقی اور قومی یکجہتی کے راستے پر آگے بڑھ رہا ہے اور تمام ریاستی اداروں، سیاسی قیادت، کاروباری برادری اور سول سوسائٹی کو ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

قونصل جنرل اسلامی جمہوریہ ایران، خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ سید ابوالحسن میری اور ڈائریکٹر سیاحت گہرام بلوچ عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء میں شیلڈز تقسیم کر رہے ہیں

قدرتی حسن، تاریخی ورثہ اور ثقافتی تنوع صوبے کا قیمتی اثاثہ ہیں، گہرام بخشی

بلوچستان کو ملکی و عالمی سیاحت کے نقشے پر نمایاں مقام دلانے کیلئے اقدامات جاری ہیں

تاریخی مقامات کے تحفظ اور سیاحتی مراکز کی ترقی کیلئے سرکاری و نجی شعبے میں اشتراک ضروری ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن، پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور سیکرٹری کلچر و سیاحت حمید اللہ خان ناصر کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ ٹورازم بلوچستان کے زیر اہتمام عالمی یوم سیاحت کے موقع پر اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا مقصد بلوچستان کے شاندار ثقافتی و تاریخی ورثے، قدرتی حسن اور وسیع سیاحتی امکانات کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ صوبے میں سیاحت کے فروغ کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنانا تھا۔ تقریب میں ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، ڈائریکٹر ٹورازم بلوچستان گہرام بخشی بلوچ، محکمہ کلچر اینڈ ٹورازم کے اعلیٰ حکام، متعلقہ اداروں کے نمائندگان اور سول سوسائٹی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں بلوچستان کے وسیع سیاحتی امکانات، تاریخی ورثے اور قدرتی حسن کو قومی و بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ تقریب کے شرکاء سے اپنے خطاب میں ڈائریکٹر ٹورازم گہرام بخشی بلوچ نے کہا کہ بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے اور ثقافتی تنوع کے اعتبار سے ملک کے منفرد صوبوں میں شامل ہے اور یہاں سیاحت کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کلچر اینڈ ٹورازم بلوچستان صوبے کے مختلف سیاحتی مقامات کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر متعارف کرانے، سیاحوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ گہرام بخشی بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے تاریخی مقامات، پہاڑی سلسلے، ساحلی پٹی، صحرائی مناظر، قدرتی وادیوں، قدیم آثار اور منفرد ثقافتی روایات ملکی و غیر ملکی سیاحوں کے لیے خصوصی کشش رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کا فروغ صرف تفریح تک محدود نہیں بلکہ اس کے ذریعے مقامی آبادی کے لیے روزگار کے نئے مواقع، چھوٹے کاروباروں کا فروغ اور مقامی معیشت کی بہتری ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی مقامات پر بنیادی سہولیات کی فراہمی، رسائی میں بہتری، صفائی، رہنمائی اور محفوظ ماحول کی فراہمی محکمہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر یاسر طاہر

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر طاہر اور پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ منیجر ڈاکٹر منیر احمد بلوچ کی زیرصدارت پی پی ایچ آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں تمام بنیادی مراکز کے انچارجز نے شرکت کی اجلاس میں ضلع گوادر کے بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی، طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، اسٹاف کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی صحت کی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ... ڈاکٹر یاسر طاہر نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی صحت عامہ کی پالیسی کے تحت شہریوں کو ان کی دہلیز پر بنیادی اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات کی دستیابی، مؤثر نگرانی اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے۔

بلوچستان میڈیا فورم صوبے بھر کے نمائندوں کی نمائندہ آواز بن گیا ہے، صداقت بلوچ

حکومت صحافیوں کے مسائل کے حل کیلئے 10 نکاتی مطالبات پر فوری عمل کرائے، مرکزی نائب صدر

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میڈیا فورم کے اپنے اپنے علاقوں سے نمائندگی کرنے والے مرکزی نائب صدور صداقت بلوچ (گوادر)، ندیم بابر مغل (سبی)، رمضان بھٹو (جھاگ)، شیخ فرید (کوئٹہ)، میر صفدر کھوسہ (نصیرآباد) اور سلطان کرد (مچھ بولان) نے بلوچستان میڈیا فورم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی پذیرائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میڈیا فورم اب میڈیا پرسنز کی ایک مضبوط اور نمائندہ تنظیم بن چکا ہے، جس کے 10 نکاتی مطالبات کو بلوچستان بھر کے صحافیوں اور میڈیا سے وابستہ افراد کی بھرپور حمایت اور اعتماد حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صحافیوں اور میڈیا پرسنز کو درپیش مسائل کے حل، حقوق کے تحفظ اور میڈیا سے وابستہ کارکنوں کی فلاح و بہبود کیلئے بلوچستان میڈیا فورم کی جدوجہد قابل تحسین ہے۔ حکومت فورم کے 10 نکاتی مطالبات پر فوری طور پر سنجیدگی سے غور کرتے ہوئے عملی اقدامات کرے تاکہ صحافیوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ممکن بنایا جا سکے اور میڈیا کے شعبے سے وابستہ افراد کو بہتر اور محفوظ ماحول فراہم ہو۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم کسی ایک علاقے یا مخصوص گروپ کی تنظیم نہیں بلکہ صوبے بھر کے میڈیا پرسنز کی مشترکہ آواز ہے اور فورم کے آئینی و جمہوری پلیٹ فارم سے صحافیوں کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ بلوچستان بھر میں فورم کو مزید منظم اور فعال بنایا جائے گا اور میڈیا پرسنز کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن آئینی و جمہوری راستہ اختیار کیا جائے گا۔

کوہلو میں ہیوم سولر کی مبینہ غیر منصفانہ تقسیم پر عوامی حلقوں کا اظہار تشویش

متاثرین کا سولر تقسیم کا مکمل ریکارڈ اور مستحقین کی فہرست منظر عام پر لانے کا مطالبہ

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں لوکل گورنمنٹ کے تحت فراہم کیے جانے والے ہیوم سولر کی مبینہ غیر منصفانہ تقسیم اور بندر بانٹ کے حوالے سے عوامی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے، ذرائع کے مطابق گزشتہ رات بھی ٹاؤن چیئرمین میونسپل کمیٹی کی نگرانی میں ہیوم سولر تقسیم کیے گئے، جبکہ اس سے قبل بھی سولر کی تقسیم میں مبینہ بے ضابطگیوں اور غیر منصفانہ تقسیم سے متعلق شکایات سامنے آتی رہی ہیں، عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر ہیوم سولر شفاف طریقے سے اور مستحق افراد میں تقسیم کیے جا رہے ہیں تو انہیں رات کے اوقات میں تقسیم کرنے کی ضرورت کیوں پیش آ رہی ہے؟ ان کا مطالبہ ہے کہ سولر کی تقسیم کا مکمل ریکارڈ، مستحقین کی فہرست اور تقسیم کے طریقہ کار کو منظر عام پر لایا جائے تاکہ کسی بھی قسم کے ابہام اور شکایات کا خاتمہ ہو سکے، عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت کی جانب سے عوام کی سہولت کے لیے فراہم کیے جانے والے ہیوم سولر کی تقسیم میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور اگر کسی قسم کی بے ضابطگی یا میرٹ کی خلاف ورزی ثابت ہو تو ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے۔

ساجد ہسپتال کے سامنے گندے پانی کی نکاسی کا مسئلہ حل کیا جائے

مریض اور شہری گندگی اور ابلتے گٹرز سے کوفت کا شکار ہیں، علاقہ مکین

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے معروف علاقے کی مشہور ساجد ہسپتال زرغون روڈ کوئٹہ کیچڑ اور نالے کے گندہ پانی سے شہری اور مریض پریشان ہو گئے ہیں، گندگی نے آس پاس کے علاقوں میں ڈیرہ ڈال دیا ہے، مریضوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ہسپتال حکام کا کہنا ہے متعلقہ حکام سے بھی رابطہ کیا گیا ہے تاہم کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے۔ نالی کا گندا پانی اور کیچڑ مین سڑک پر پڑا ہے، آنے جانے سے نمازی شہریوں کے کپڑے بھی گندے ہو جاتے ہیں۔ کوئی پرسان حال نہیں شہریوں نے حکام بالا سے اپیل کی ہے کہ خدارا ساجد ہسپتال کے سامنے مین شاہراہ زرغون روڈ پر گندے پانی اور ابلتے ہوئے گٹرز کو بند کر کے مذکورہ علاقے میں صفائی کا نظام جلد از جلد درست کیا جائے۔

اوستہ محمد، اینٹی نارکوٹکس پولیس کی کارروائی، ایک ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

دوران گشت ملزم کے قبضے سے ٹی ٹی پستول برآمد، مقدمہ درج، تفتیش شروع، پولیس ذرائع

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد اینٹی نارکوٹکس پولیس فورس کی کارروائی ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد پولیس ذرائع کے مطابق دوران گشت اینٹی نارکوٹکس پولیس فورس کے انچارج محمد اسلم رند نے دوران گشت رشید نامی شخص کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ٹی ٹی پستول برآمد کر لیا پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے جرم 13D میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے اور منفرد ثقافت سے مالا مال ہے، فیصل جمالی

پائیدار سیاحت سے صوبے میں روزگار اور کاروباری سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں

سیاحتی مقامات کو جدید سہولیات اور بہتر انفراسٹرکچر سے آراستہ کر کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کیا جا سکتا ہے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے بلوچستان یوم سیاحت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے اور منفرد ثقافت سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں طویل ساحلی پٹی، دلکش پہاڑی سلسلے، تاریخی مقامات اور قدیم ثقافتی روایات سیاحوں کے لیے خصوصی کشش کا باعث ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار سیاحت کو فروغ دے کر نہ صرف صوبے کے قدرتی و ثقافتی حسن کو ملکی اور عالمی سطح پر اجاگر کیا جا سکتا ہے بلکہ مقامی آبادی کے لیے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ سیاحت کے شعبے میں سرمایہ کاری سے مقامی معیشت کو مضبوط بنانے اور مختلف علاقوں میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں بھی مدد مل سکتی ہے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف سیاحتی مقامات کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے، انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے اور سیاحوں کو محفوظ و سازگار ماحول فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

ملکی مسائل کے حل کیلئے ذاتی مفادات سے بالاتر ہونا ہوگا، عوام پاکستان پارٹی

سیاسی جماعتیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے کردار ادا کریں، امان شاہ

ملکی استحکام، سیاسی و معاشی بہتری کیلئے تمام سیاسی قوتوں کو مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ اور صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش سیاسی و معاشی مسائل کا حل محاذ آرائی کے بجائے افہام و تفہیم، مذاکرات اور باہمی مشاورت میں ہے۔ سیاسی معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو سنجیدہ اور ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا، کیونکہ پاکستان مزید بحرانوں اور سیاسی کشیدگی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوری نظام کا حصہ ہیں، تاہم اختلاف رائے کو دشمنی اور محاذ آرائی میں تبدیل کرنے کے بجائے آئینی و جمہوری طریقہ کار کے تحت حل کیا جانا چاہیے۔ ملک میں سیاسی استحکام ہوگا تو معاشی سرگرمیوں میں بہتری، سرمایہ کاری کے فروغ اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بہتر ماحول پیدا ہوگا۔ سید امان شاہ اور پروفیسر ڈاکٹر حلیم نے کہا کہ موجودہ حالات میں سیاسی جماعتوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قومی مفاد کو ترجیح دیتے ہوئے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، اس لیے سیاسی قوتوں کو مزید کشیدگی پیدا کرنے کے بجائے مسائل کے حل اور عوامی ریلیف کیلئے مشترکہ کوششیں کرنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی ایک مستحکم، پرامن، جمہوری اور خوشحال پاکستان کیلئے سیاسی مکالمے، آئین کی بالادستی اور اداروں کے احترام کو ضروری سمجھتی ہے۔ تمام سیاسی قوتوں کو باہمی اختلافات کے باوجود قومی معاملات پر مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا ہوگا تاکہ ملک کو سیاسی بے یقینی سے نکال کر ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

عالمی نمائش کیلئے غیر ملکی خریداروں کی رجسٹریشن حوصلہ افزا ہے، کارپٹ مینوفیکچرر

صنعت کی مجموعی گروتھ، برآمدات، قیمتی زرمبادلہ کے تناظر میں اہم سنگ میل ثابت ہوگی، چیئرمین عتیق الرحمٰن

عالمی نمائش میں بڑے پیمانے پر برآمدی سودے ہونے کے واضح امکانات ہیں، چیئرمین ایگزیکٹو ریاض احمد

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمن اور چیئرمین ایگزیکٹو ریاض احمد نے کہا ہے کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی 42 ویں عالمی نمائش صنعت کی مجموعی گروتھ، نئے برآمدی مواقع پیدا کرنے اور قیمتی زرمبادلہ کمانے کے حوالے سے اہم سنگ میل ثابت ہوگی، مختلف ممالک سے 100 کے قریب غیر ملکی خریداروں کی شرکت کیلئے رجسٹریشن نہایت حوصلہ افزا ہے، نمائش کے نتیجے میں پاکستانی قالینوں کیلئے نئی عالمی منڈیوں کے دروازے کھلنے اور صنعت کی مجموعی ترقی کو نمایاں تقویت ملنے کی توقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور کے مقامی ہوٹل میں 6 سے 8 اکتوبر تک منعقد ہونے والی عالمی نمائش کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایچ عبداللطیف ملک، چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹیٹیوٹ اعجاز الرحمن، سینئر ممبر عثمان اشرف، سعید خان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ میاں عتیق الرحمن اور ریاض احمد نے کہا کہ عالمی نمائش کے انعقاد سے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو نئی عالمی منڈیوں تک رسائی، براہ راست خریداروں سے روابط اور برآمدی سودوں کے حصول کے حوالے سے بڑی توقعات وابستہ ہیں۔ غیر ملکی خریداروں کی بڑی تعداد میں شرکت اس امر کا واضح اظہار ہے کہ پاکستانی ہاتھ سے بنے قالین اب بھی عالمی منڈی میں اپنی منفرد شناخت اور کاروباری اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی نمائش پاکستان کیلئے لاکھوں ڈالر کا قیمتی زرمبادلہ حاصل کرنے کے امکانات پیدا کرے گی جبکہ نئے برآمدی آرڈرز ملنے سے پیداواری سرگرمیوں، روزگار اور صنعت سے وابستہ دیگر شعبوں کو بھی فروغ ملے گا۔ عالمی نمائش محض مصنوعات کی نمائش نہیں بلکہ پاکستانی قالین سازوں کو عالمی ویلیو چین سے جوڑنے، نئے خریدار تلاش کرنے اور طویل مدتی کاروباری معاہدوں کی بنیاد رکھنے کا مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگی۔

ڈی ایس پی طالب حسین تجربے کار عوام دوست پولیس آفیسر ہے، رفیق جنگ

کوئٹہ (آن لائن) تجربے کار سیاسی ورکر اور مسلم لیگ ن سریاب کے رہنما رفیق جنگ اور صادق ہنگورکی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں ڈی ایس پی سریاب طالب حسین کے اقدامات اور عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ سریاب جیسے حساس علاقے میں امن و امان کی بحالی منشیات فروشوں، چوروں، ڈاکوؤں کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں عوام دوست پولیسنگ کا فروغ غریب مظلوم کی دادرسی اور ماتحت ایس ایچ اوز کو عوام کا محافظ بننے کی ہدایات جاری کی ہیں انہوں نے کہا کہ ہم ڈی آئی جی عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء مندوخیل سے اپیل کرتے ہیں کہ طالب حسین جیسے آفیسر کو سریاب میں مزید خدمت کا موقع دیا جائے۔

اور ماڑہ میں غیر قانونی سگریٹ اور مضر صحت اشیاء کے خلاف کارروائی، ممنوعہ سامان ضبط

اورماڑہ (خ ن) عوامی مفاد اور صحت عامہ کے تحفظ کے لیے صوبائی حکومت کی پالیسی کے تحت اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے مختلف دکانوں کا معائنہ کیا اور غیر قانونی سگریٹ سمیت مضر صحت اشیاء کی فروخت و دستیابی کا جائزہ لیا معائنے کے دوران غیر قانونی سگریٹ کی نشاندہی پر انہیں متعلقہ قانون کے مطابق ضبط کر لیا گیا۔

پنجگور میں مسلح افراد کا زمیندار کے سولر سسٹم پر مبینہ دھاوا، پلیٹس اور انورٹر لے گئے

مزدوروں پر تشدد اور قتل کی دھمکیاں، نامزد افراد کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے دیہی علاقہ سوروان حال تسپ پنجگور کے رہائشی حاجی عبدالصمد نے اپنی فیملی کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ میں سوروان حال تسپ پنجگور کا رہائشی ہوں اور اپنے فیملی کے ساتھ زمینداری کر کے اپنا گزر بسر کر رہا ہوں اور ہماری جدی پشتی زمینیں سوروان میں ہیں اور زمینداری کے شعبہ سے ہمارا تعلق ہے ہم نے سات سال پہلے اپنے زمینوں کو سیراب کرنے کیلئے سولر سسٹم نصب کر کے ان کو کاشت کر کے سلسلہ شروع کیا اور حال ہی میں اپنی زمینوں پر کپاس کی فصل کاشت کی ہے جو پچاس ایکڑ پر مشتمل ہیں جن پر ہم نے کپاس کاشت کی ہے۔ گزشتہ دنوں 19 ستمبر کو شام سات بجے ایک تھائی لینڈی گاڑی برنگ سفید اور ایک 2700 سی سی گاڑی جن میں درجنوں مسلح افراد سوار تھے انہوں نے میرے سولر پلیٹس، انورٹر اپنی گاڑیوں میں ڈال کر لے گئے اور میری زمینوں پر کام کرنے والے بزگر مزدوروں کو زدوکوب کر کے خوف زدہ کیا اور جائے وقوعہ پر شدید فائرنگ کر کے علاقے میں خوف کا ماحول پیدا کیا اور جاتے وقت میرے مزدوروں کو بھی قتل کرنے کی دھمکیاں دی۔ انہوں نے کہا کہ اطلاع ملتے ہیں ہم نے تسپ پولیس تھانہ میں جا کر ان کے خلاف کارروائی کی درخواست دی اور سرکار کی جانب سے جائے وقوعہ پر جا کر پوری تفصیل لینے کے بعد روزنامچہ میں درج کیا اور جائے وقوعہ سے گولیوں کے خالہ خول اور تھوڑے ہوئے سولر پلیٹس کو اپنے قبضہ میں لے لیا گیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کہدہ محمد جان اور دیگر نامزد افراد کے خلاف کارروائی کر کے مجھے انصاف دی جائے۔

سردار عبید گورگیج کی عوامی خدمات قابل تحسین ہیں، شیر احمد ہنگلزئی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سردار عبیداللہ گورگیج کو صوبائی کابینہ میں شامل کریں، پی پی رہنما

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما اور حلقہ پی بی 44 معائنہ کمیٹی کے رکن میر شیر احمد ہنگلزئی نے رکن صوبائی اسمبلی حلقہ پی بی 44 سردار عبیداللہ گورگیج کی بہترین عوامی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار عبیداللہ گورگیج نے اپنے حلقے کے عوام کے مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے، ان کی عوامی خدمات قابل قدر اور قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سردار عبیداللہ گورگیج عوام سے مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرانے کیلئے کوشاں ہیں، جبکہ حلقہ پی بی 44 میں ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح و بہبود کے حوالے سے ان کی کوششیں نمایاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندوں کی کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں صوبائی سطح پر مزید ذمہ داریاں دی جانی چاہئیں۔ میر شیر احمد ہنگلزئی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا کہ سردار عبیداللہ گورگیج کو صوبائی کابینہ میں شامل کیا جائے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو صوبے کی مجموعی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کے عوام کی خدمت کیلئے مزید مؤثر انداز میں بروئے کار لا سکیں۔

یکساں ترقی، عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے مؤثر اقدامات جاری ہیں، محمد خان لہڑی

عوامی خدمت، شفاف نظام اور اداروں کی بہتری اولین ترجیح ہے، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز و ٹیکسیشن کی وفود سے بات چیت

ایکسائز نظام کو جدت سے ہم آہنگ، شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جا رہا ہے، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز و ٹیکسیشن بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھا رہی ہے۔ عوامی خدمت اور اداروں میں بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ ایکسائز و ٹیکسیشن کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ شہریوں کو اپنے معاملات کے سلسلے میں غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ محکمے کی کارکردگی میں بہتری اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کے لیے کوشاں ہے، عوامی نمائندے اپنے حلقوں میں عوام کے مسائل سے آگاہ ہیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات کر رہے ہیں۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ملک اور صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

حاجی محمد خان لہڑی اور سردار یعقوب ناصر کی صحافی ظاہر خان ناصر سے تعزیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ایکسائز و ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی اور مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب ناصر نے سینئر صحافی ظاہر خان ناصر کی رہائش گاہ پر جا کر ان کے بڑے بھائی عبداللہ خان ناصر کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا اس موقع پر انہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عزیز کی جدائی کا غم ناقابل تلافی ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ اور پسماندگان کو صبر و حوصلہ عطا فرمائے۔

پشتون ثقافت صدیوں پر محیط ایک زندہ تہذیبی ورثہ ہے، پی ایس ایف

پشتون ثقافت نفرت نہیں، محبت؛ تضحیک نہیں، احترام؛ تقسیم نہیں، سیف الدین کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر سیف الدین کاکڑ نے کہا ہے کہ پشتون کلچر ڈے کی آڑ میں پشتون ثقافت، خواتین طالبات اور ان کی عزت و وقار کو نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت اور ناقابل برداشت عمل ہے پشتون ثقافت صدیوں پر محیط ایک زندہ تہذیبی ورثہ ہے، جس کی بنیاد میلہ، پالہ، غیرت، رواداری، برداشت، عزت نفس اور انسانی وقار پر قائم ہے۔ اسے خواتین کی تضحیک، کردار کشی یا نفرت پھیلانے کے لیے استعمال کرنا پشتون اقدار کی کھلی توہین ہے انہوں نے کہا کہ 23 ستمبر کو بلوچستان یونیورسٹی اور نوری نصیر خان کمپلیکس میں منعقدہ پشتون کلچر ڈے کے بعد بعض عناصر اور سوشل میڈیا پیجز کی جانب سے خواتین طالبات کی اجازت کے بغیر ان کی تصاویر اور ویڈیوز بنانا، انہیں توہین آمیز اور گالیوں پر مبنی مواد کے ساتھ سوشل میڈیا پر پھیلانا اور انہیں ہراساں و بدنام کرنے کی کوشش انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے کسی بھی خاتون کی رضامندی کے بغیر اس کی تصویر یا ویڈیو کو بدنیتی سے استعمال کرنا محض اختلاف رائے نہیں بلکہ اس کی نجی زندگی، عزت اور بنیادی حقوق پر حملہ ہے سیف الدین کاکڑ نے کہا کہ پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان خواتین طالبات کو ہراساں کرنے ان کی کردار کشی کرنے اور سوشل میڈیا کے ذریعے انہیں بلیک میل کرنے کی ہر کوشش کے خلاف بھرپور آواز اٹھائے گی خواتین کو ثقافتی، تعلیمی اور سماجی سرگرمیوں میں باعزت شرکت سے روکنے کے لیے دھونس، بلیک میلنگ اور کردار کشی کا سہارا لینا کسی صورت قابل قبول نہیں۔

کوئٹہ: کیو ڈی اے کے زیر تعمیر ... خالی گراؤنڈ میں بچے کھیل رہے ہیں

بلوچستان کی شاہراہوں پر رواں ماہ 41 حادثات میں 53 افراد زخمی ہوئے

ژوب میں 16 حادثات میں 24، خضدار میں 13 حادثات کے دوران 13 افراد زخمی، 1122 کی رپورٹ

لسبیلہ، کچھی، سبی، کیچ اور بارکھان سمیت مختلف علاقوں میں بھی ٹریفک حادثات، زخمیوں کو بروقت طبی امداد فراہم کر کے قیمتی جانیں بچائی گئی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں 26 ستمبر کو مختلف شاہراہوں پر پیش آنے والے ٹریفک حادثات میں میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز (MERC)1122 نے مجموعی طور پر 41 حادثات میں امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے 53 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جبکہ حادثات میں کسی ہلاکت کی اطلاع نہیں۔ MERC1122 بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ 26 ستمبر 2026 کی روزانہ رپورٹ کے مطابق ٹراما سینٹر ژوب نے 16 حادثات میں 24 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی، جبکہ ٹراما سینٹر خضدار نے 13 حادثات میں 13 زخمیوں کا علاج کیا۔ رپورٹ کے مطابق تیارہ لسبیلہ میں 5 حادثات میں 6 افراد زخمی ہوئے جبکہ وندر لسبیلہ میں ایک حادثے میں ایک شخص، گوکرت کچھی اور بختیارآباد سبی میں دو، دو حادثات میں مجموعی طور پر 4 افراد زخمی ہوئے۔ اسی طرح ہوشاب کیچ میں ایک حادثے میں 3 افراد، رکنی بارکھان میں ایک حادثے میں 2 افراد جبکہ دیگر مختلف مقامات پر بھی ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے MERC1122 کی رپورٹ کے مطابق 26 ستمبر کو بلوچستان کی شاہراہوں پر مجموعی طور پر 41 حادثات میں 53 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی، تاہم کسی حادثے میں جانی نقصان ریکارڈ نہیں کیا گیا۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

پیر 28 ستمبر 2026ء

mashriqqta2008@gmail.com

سیاسی غیر یقینی، مکمل استحکام اور ترقی؟ فیصلہ سیاسی قیادت کے ہاتھ میں ہے!!

ترقی کا راستہ ہے۔ فیصلہ کسی ایک جماعت کے ہاتھ میں نہیں بلکہ مجموعی طور پر ملک کی تمام سیاسی قیادت کے ہاتھ میں ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سیاسی جماعتیں اپنے اختلافات کو آئینی اور جمہوری دائرے میں رکھتے ہوئے ملک کو آگے لے جانے کے لئے کم از کم ان معاملات پر اتفاق رائے پیدا کریں جو قومی مفاد میں ہیں۔ اگر اب بھی سیاسی قیادت فہم و فراست، معاملہ فہمی، بصیرت اور احساس ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کرتی تو یہ ایک ایسا المیہ ہوگا جس کی کوکھ سے مزید بھی کئی المیے جنم لیتے رہیں گے۔

درہم برہم عالمی نظام کے بیچ اقوام متحدہ کا اجلاس

نکتہ نظر — اعزاز احمد چوہدری

جس نے سورج کی شعاعوں کو گرفتار کیا

جلسہ عام — مجیب الرحمان شامی

یہاں عام لوگوں کا جانا ممنوع ہے

منظرنامہ — اسد صاحب

پی ٹی آئی لانگ مارچ کا التوا: عطا تارڑ اور سہیل آفریدی کی تکرار

تاثرات — سید مجاہد علی

قانون کی نظر میں سب شہری برابر

تلخ حقیقت — اعظم خان



سید مودودی اور اکیسویں صدی کی ٹریجڈی

خورشید ندیم

مولانا ابوالکلام آزاد کا 'انقلاب حال' سید مودودی کے نزدیک اہل اسلام کیلئے بیسویں صدی کی سب سے بڑی ٹریجڈی تھی۔ یہ المیہ ان کیلئے اتنا شدید تھا کہ ایک ایسا 'جملہ معترضہ' شدت الم سے بے اختیار ان کے قلم سے بہہ نکلا' سید کا اسلوب نگارش جس سے مانوس نہیں تھا۔

میرا سوال ہے: اکیسویں صدی کے مسلمانوں کی سب سے بڑی ٹریجڈی کیا ہے؟ مولانا آزاد کا انقلاب حال کیا تھا؟ اس کا جواب مولانا مودودی نے اس 'جملہ معترضہ' میں دیا ہے جو دکھ کے گہرے احساس کے ساتھ ان کے قلم سے نکلا: "یہ شخص وہ تھا جس سے ہم شیخ احمد مجدد سرہندی اور شاہ اسماعیل شہید کی جانشینی کے متوقع تھے جو ہندی اسلامی نظام جماعت کا سب سے بڑا داعی تھا' جس نے برسوں مسلمانوں کو وحدت و مرکزیت کی دعوت دی' جو کسی زمانے میں ہم کو تلقین کیا کرتا تھا کہ "جماعتی زندگی کی معصیت کا تخم (یعنی نظام جماعت کا نہ ہونا) ایسا تخم ہلاکت ہے جو فوراً بربادی کا پھل لاتا ہے اور پوری قوم کی قوم تباہ ہو جاتی ہے"۔ مسلمانوں کی بدقسمتی کہ بالآخر وہ امت کے پراگندہ سروں سے چوسر کھیلنے نکلا اور اس نے تمام ہندوستان کو یہ تماشا دکھایا کہ اس قوم کے چیدہ اور سربرآوردہ لوگ بھی کتنے ذلیل' کتنے بودے کریکٹر کے لوگ ہیں' کس آسانی کے ساتھ ان کو جیب میں ڈالا جا سکتا ہے اور کس بے شرمی کے ساتھ یہ [illegible] وزارت کے پیچھے اس پارٹی سے اس پارٹی میں اور اس سے اس میں منتقل ہو جاتے ہیں"۔

اس 'جملہ معترضہ' کا سادہ مفہوم یہ ہے کہ جو شخص ہندوستان میں مسلمانوں کو مجتمع کر کے اس سرزمین پر حاکمیت الٰہیہ کے قیام کیلئے نکلا تھا اس نے متحدہ قومیت کا پرچم تھاما اور مہاتما گاندھی کے ہاتھوں پر بیعت کر لی۔ نکلے تھے امام الہند بننے اور بن گئے گاندھی جی کے مقتدی۔ مولانا مودودی نے اس کی تلافی اس طرح کرنا چاہی کہ حکومت الٰہیہ کا علم اٹھایا اور اسلامی جماعت کے قیام کیلئے 'جماعت اسلامی' قائم کی اور اسلامی ریاست برپا کرنے نکل کھڑے ہوئے۔ اس سفر میں بہت سے پڑاؤ آئے۔ کہیں ایسا مقام بھی آیا جہاں سے مسلمانوں کیلئے اکیسویں صدی کی ٹریجڈی کا آغاز ہوتا ہے۔

مولانا مودودی کو مولانا آزاد کا 'نقش ثانی' کہا جاتا ہے۔ سید مودودی کے فکر اور انداز تحریر دونوں پر مولانا آزاد کے اثرات ہیں۔ دونوں میں ایک اور مماثلت بھی ہے۔ دونوں خوش ذوق تھے اور خوش اطوار بھی۔ انسانی اخلاق کا اعلیٰ نمونہ۔ مولانا آزاد کے بارے میں مولانا مودودی نے کہا: "وہ ان حضرات میں سے تھے جو گالیاں سنتے تو ہیں لیکن کبھی کوئی ان کی زبان سے کسی کیلئے گالی نہیں سنتا"۔ سید صاحب کے بارے میں جاوید احمد صاحب غامدی نے لکھا: "ان کے حسن طبیعت میں حسن فطرت کی جھلک تھی"۔ دونوں کے علم و فضل کا معاملہ بھی ایسا تھا کہ ان کی ہمسری کا دعویٰ تو کیا جا سکتا ہے' اس کو ثابت کرنے کیلئے فرہاد کا جگر چاہیے۔ کوئی 'ترجمان القرآن' جیسی تفسیر لکھے تو مانیں۔ کوئی 'تفہیم القرآن' جیسے تین صفحات ہی رقم کر دے تو جانیں۔ ان دونوں شخصیات نے اس امت کو بہت کچھ دیا۔ علم' سماج' سیاست' سب پر اثرات ڈالے اور ان کو اپنے رنگ میں رنگ دیا۔ دونوں میں ایک اور مناسبت بھی تھی۔ ایک کا انقلاب حال بیسویں صدی کی سب سے بڑی ٹریجڈی تھا اور دوسرے کا فکری ورثہ اکیسویں صدی کی۔

اکیسویں صدی میں ایک انداز نظر نے مسلم ذہن کو اپنی گرفت میں لے لیا۔ اسلام کا سیاسی غلبہ مسلمانوں کا فریضہ اور مطمح نظر ٹھہرا۔ سماج کے بجائے ریاست اس کی توجہ کا مرکز بنی۔ اس نے اپنی نشاۃ ثانیہ کو سیاسی مہم جوئی میں تلاش کیا۔ سید مودودی کے علم اور قلم نے اس کیلئے فکری سرمایہ فراہم کیا۔ 'دین' 'سٹیٹ' کا مترادف بن گیا۔ مسلمانوں کی ذہانتیں اور مخلصانہ کاوشیں اسلامی ریاست کے قیام کی جدوجہد میں کھپ گئیں۔ گوہر مراد ہاتھ نہ آیا تو مایوسی نے آ گھیرا۔ مایوسی کا اظہار ہمیشہ انتہا پسندانہ ہوتا ہے۔ سید صاحب تو دعوت کے قائل تھے مگر ان کے فکر سے بالواسطہ یا بلاواسطہ سیراب ہونے والے دعوت تک نہیں رکے۔ دعوت سے اسلامی ریاست قائم نہ ہو سکی تو بندوق سے برپا کرنے کی سعی کی گئی۔ زمین فساد سے بھر گئی۔ کیا مسلم حکمران اور کیا عوام' سب طاغوت کا مصداق بنے اور ان کو واجب القتل قرار دے دیا گیا۔ مسلمان معاشرے مقتل بن گئے۔ یہ اہل اسلام کیلئے اکیسویں صدی کی سب سے بڑی ٹریجڈی تھی۔

سید مودودی کی علمی مسند خالی رہی۔ ان کے خوشہ چین ان سے آگے نہ سوچ سکے۔ انہوں نے اسلام کے سیاسی غلبے کیلئے تجدید دین کو بھی ضروری قرار دیا تھا۔ یہ بھاری پتھر اٹھانے کیلئے ان کی جماعت سے کوئی نہ اٹھا۔ مجتہد فی المذہب پیدا ہوئے مگر وہ بھی ایک دو۔ تیسری نسل میں یہ باب بھی بند ہو گیا۔ فکری مسائل کا سامنا ہوا تو سید مودودی کی جماعت' باجماعت اہل دیوبند کی چوکھٹ پہ جا سرنگوں ہوئی۔ یہ اس ٹریجڈی کا ایک پہلو ہے کہ دارالعلوم دیوبند' جہاں رد مودودیت کورس پڑھائے جا رہے ہیں' وہیں اس فکر کے متوسلین آب حیات تلاش کر رہے ہیں۔ اتنے سادہ تو شاید میر بھی نہ تھے۔

سید مودودی ان لوگوں میں تھے جو صرف مقلد پیدا نہیں کرتے' علم کا جہان نو آباد کر سکتے ہیں۔ ایسا جہان جس میں نئے معارف اور نئے علوم کی پرورش ہوتی ہے۔ نئے چمن آباد ہوتے ہیں جہاں روش روش پہ رنگارنگ پھول کھلتے ہیں۔ یہ ابن تیمیہ' شاہ ولی اللہ' اقبال اور حمید الدین فراہی جیسوں کے جہان ہیں۔ ان سب نے سر راہ گزر ایک ایک چراغ روشن کر دیا۔ لوگ آئیں گے اور حسب ذوق ان کی روشنی میں اپنا راستہ تلاش کریں گے۔ جیسے ابن تیمیہ اور شاہ ولی اللہ کے چراغ سے ابوالکلام اور سید مودودی نے اپنی دنیا روشن کی مگر ان سے مختلف راہ علم و عمل کا انتخاب کیا۔ سید مودودی کے چراغ کو ابوالکلام کے چراغ سے روشنی ملی۔ اسی کی روشنی میں انہوں نے وہ 'جملہ معترضہ' لکھا جسے شدت الم نے بے اختیار جنم دیا۔ یہ وہ الم ہے جو گہری محبت سے اس وقت جنم لیتا ہے جب مایوسی غلبہ پا لیتی ہے۔

فکر کے چراغ کا معاملہ یہ ہے کہ وہ خارج سے روشن نہیں ہوتا۔ یہ اپنے لہو کو روغن بناتا ہے۔ جب تک اس میں لہو موجود ہے' اس کو کوئی بجھا نہیں سکتا۔ فکر مودودی کا چراغ روشن ہے اور لو دے رہا ہے۔ اس لو سے وہ علم جنم لے سکتا ہے جو نئی دنیاؤں کا پتا دے۔ ایسی دنیا جس میں ریاست کے بجائے سماج توجہ کا مرکز بنے اور مسلمان ذہانتیں علم کا رخ کریں۔ اپنی اخلاقی اور علمی برتری کو ثابت کریں۔ اس روایت کا احیا کریں جس نے انہیں زمانے میں معزز بنایا۔ مولانا مودودی کے لٹریچر میں یہ راستہ موجود ہے جو اس فکری تسلسل کو برقرار رکھ سکتا ہے۔ جیسے شاہ ولی اللہ کے راستے پر چلتے ہوئے انہوں نے ایک نیا راستہ دریافت کیا۔ علم صرف تقلید سے نہیں' اجتہاد سے آگے بڑھتا ہے۔

جب حالات ایسے ہوں

خیالات — رسول بخش رئیس

آج کے دور میں ریاستیں اپنے محدود جغرافیائی دائرے میں رہتی ہیں اور ایک آئینی نظام کے سائے میں سانس لیتی اور جیتی جاتی ہیں۔ اب تو سرحدیں بھی اس طرح نہیں رہیں جو کبھی ہوا کرتی تھیں۔ شاید دراندازی کرنے والوں اور غیر قانونی تارکین وطن کو کہیں نہ کہیں رکاوٹیں ڈال کر واپس بھیجا جا سکے' لیکن خبروں اور اطلاعات کو روکنا تو درکنار' محدود کرنا بھی کسی کے بس میں نہیں۔ دنیا ہمیں اچھی طرح دیکھ رہی ہے۔ آج ہم پوری دنیا کو سینکڑوں ٹی وی چینلوں' انٹرنیٹ کے رنگوں اور رنگینیوں' اور آن لائن اخباروں اور رسالوں کی رسائی حاصل کر کے ہر وقت دیکھ اور سن سکتے ہیں۔ اس بارے میں زیادہ تمہید کی ضرورت نہیں کہ ہم دنیا کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ ہماری سرحدوں سے باہر قریبی علاقوں اور ملکوں میں جو کچھ ہو رہا ہے اور [illegible] ہونے کی جو اطلاعات ہیں' ہم اپنی قومی اور انفرادی زندگی میں اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ افغانستان سے دہشت گردی کی یلغار اور کچھ اور ممالک میں دہشت گردوں کے سرغنوں کے محفوظ ٹھکانوں سے کون واقف نہیں؟ کئی برسوں سے ہمارے سلامتی کے ادارے اور عام شہری ان کی زد میں ہیں۔ معاشی نقصانات کا اندازہ دہشت گردی کے خلاف جنگ سے لے کر اب تک' سینکڑوں ارب ڈالر میں ہے۔ معاشرے پر نفسیاتی' معاشی اور سماجی اثرات' خصوصاً سرحدی علاقوں میں مرتب ہوئے ہیں۔ وہ گہرے زخموں کی طرح شاید بہت دیر تک رستے رہیں۔ ایران کے خلاف اسرائیل اور امریکی جنگ ابھی تک ختم نہیں ہوئی اور نہ ہی ایران کی طرف سے علاقے میں امریکہ کے اتحادیوں کے خلاف شدید ردعمل' جو مختلف صورتوں میں بے رکنے کا نام لے رہا ہے۔ غزہ میں جو ہم نے اور پوری دنیا نے بے بسی کی حالت میں اسرائیل کی طرف سے فلسطینیوں کی نسل کشی کو دیکھا ہے' شاید اس کا اثر اور دکھ پوری زندگی زائل نہ ہو سکے۔

اگر ہم کسی دوسرے عالمی سطح کے 'بحران' جیسا کہ روس کی یوکرین کے خلاف پانچ سال سے جاری جنگ اور اس کے معاشی اثرات کو بھی اکٹھا کر کے دیکھیں تو ایسا لگتا ہے کہ ہماری سیاست اور حکمرانوں کی روش میں کوئی فرق نہیں آیا۔ اندرونی طور پر ایک طرف ہمیں دہشت گردی' بڑھتی ہوئی لاقانونیت' آبادی کے خطرناک پھیلاؤ اور اس کے نتیجے میں غربت کا سامنا ہے' اور دوسری طرف ہمارے سب سیاسی کرم فرما کرسی مضبوط کرنے اور بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے کا پرانا کھیل کھیلنے میں مصروف ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ ہمارے حکمرانوں نے کبھی اپنی' نہ دوسروں کی تاریخ سے' نہ ہی بدلتے ہوئے عالمی حالات سے کچھ واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔ تیل کے بڑھتے ہوئے عالمی بحران اور خلیج کی جنگ کی وجہ سے حالات خطرناک صورتحال اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ کئی دہائیوں سے ہماری قومی طاقت چند ہاتھوں میں رہی ہے' اور وہی چند ہاتھ معتبر بھی تھے' مفکر بھی' رہبر بھی اور مشعل راہ بھی۔ نتائج کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں' آپ سب کچھ اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھ رہے ہیں۔ حکمران اپنے طاقت کے کھیل تماشے میں' ایوب خان کی حکومت کے بعد سے اتنا مصروف رہے ہیں کہ ہوش ہی نہیں رہا کہ آبادی کا بلا روک ٹوک پھیلاؤ کیسے معاشرے اور کیسی معیشت کو جنم دے سکتا ہے۔ اس آمر سے لاکھ اختلاف سہی مگر ایوب خان' جس کے خلاف سب سے پہلے جلوس ہماری نسل کے طلبہ نے نکالے تھے' اس زمانے میں ملک میں منصوبہ بندی صرف خاندانوں کو محدود کرنے تک نہ تھی بلکہ قومی زندگی کے ہر شعبے میں رائج ہوئی۔ ایک دہائی میں بہت کچھ ہمارے ملک اور قوم نے کر دکھایا۔ اس کے بعد جو کچھ ہوا' وہ مداری کے کھیل تماشے ہی تھے۔ نعرہ بازی آسمان کو چھوتی رہی اور زمین میں ہمارے ملک کی ساکھ بگڑتی رہی۔ کہاں چار کروڑ اور کہاں 25 کروڑ؟ ہم نہ پانی' نہ زمین میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ بس زور اس بات پر ہے: غلہ زیادہ پیدا کرو۔ غلہ ہمارے کاشتکار جب زیادہ پیدا کرتے ہیں تو کوئی خریدار نہیں ملتا۔ حکمرانوں کے وارے نیارے ہو جاتے ہیں جب غلے کی کمی ہو جیسے گندم بھی' کبھی برآمد اور کبھی درآمد ہوتی رہی ہے۔ یہ ہے ہماری منصوبہ بندی! یہ صرف آج اور اس حکومت کی بات نہیں' 56 سال پیچھے چلے جائیں' اور اس کے بعد کے سیاسی کرشموں' چالبازیوں' پرانے اور نئے سیاسی فنکاروں اور کٹھ پتلی تماشے کے ماہروں کے کارنامے آپ کے سامنے کھل کر آ جائیں گے۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے اہل اقتدار کنویں کے مینڈک کی طرح اس سے باہر نہیں نکل سکے۔ اب تو غلطی بھی کوئی غلطی نہیں رہی کہ سب کچھ جان بوجھ کر کرتے ہیں اور ساتھ للکارتے ہیں کہ ہاں' کیا ہے ہماری مرضی! آپ نے جو کرنا ہے کر لیں۔ اس کو کوئی [illegible] کی انتہا نہ کہے تو آپ ہی بتائیں اور کیا کہے؟ یہ جو سرکاری ہوائی جہاز میں برطانیہ جانے کا معاملہ ہے' جو کچھ اندر کھاتے اس ملک میں ہو رہا ہے' اس کے مقابلے میں کوئی بڑا واقعہ نہیں' مگر یہ اس لیے عوام کے ذہنوں میں ابھرا ہے کہ یہ طاقت کی سیاست کا ایک عکس ہے جسے عوامی میڈیا کی ہوا دی' نے ہر طرف پہنچا دیا ہے۔ صوبوں کو اٹھارہویں ترمیم کی بدولت جس قدر فیضیاب کیا گیا' سرکاری سطح پر ایسے ارتکاز زر اور طاقت کی مثال کسی وفاقی نظام میں نہیں ملتی۔ بہت موثر بیانیہ مرکز کی طاقت کے خلاف دہائیوں سے لسانی گروہوں کی طرف سے چل رہا تھا۔ اس سے موروثی سیاسی خاندانوں نے آئین کو آمریت کے اثرات سے پاک صاف کرنے کے بجائے اپنے اپنے صوبوں میں معاشی اور سیاسی آمریت پیدا کرنے کی کامیاب منصوبہ بندی کی۔ اس ترمیم کے بعد ایسا لگتا ہے کہ ملک میں ایک نہیں' پانچ طاقت کے مراکز قائم ہیں۔

وطن عزیز کے معروضی حالات ایسے ہی ہیں' حکمران کے تناظر میں ہمیں تو قومی یا سیاسی مفاہمت کی کوئی پالیسی نظر نہیں آ رہی۔ کچھ موسم بدلتے ہی سب حزب اختلاف والے اور وہ بھی جن کا دھیان نہ کرپشن پر جاتا ہے اور نہ ہی دیگر اہم قومی امور پر' اسلام آباد پر چڑھائی کرنے کیلئے تیار بیٹھے ہیں۔ نہ حکمرانوں کے رویے میں کوئی لچک ہے' نہ دوسروں کی سیاسی مہم جوئی میں کوئی فرق یا امید کی تمنا۔ ماضی کے کچھ حالات' جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے' اور ہمارے قریبی علاقے میں جنگ اور اس کے دوررس اثرات کا تقاضا تو یہ ہے کہ سب مل کر بیٹھیں' کچھ ملک اور عوام کا سوچیں۔ ابھی تو معلوم نہیں کہ آگے چل کر امریکہ' ایران اور اس کے اتحادیوں کے خلاف کیا کرتا ہے' اور کوئی سمجھتا ہے کہ جنگ جاری رہتی ہے۔ پوری دنیا متاثر ہو رہی ہے' اور سب سے زیادہ بھاری اثرات کھانے پینے کی اشیا سے لے کر پٹرول تک ہیں۔ مدبر قیادت کی یہی نشانی ہے کہ وہ حکومتی اتحاد میں ہو یا حزب اختلاف کی جماعتوں میں' حالات کی نزاکت کو سمجھتی ہے

گنداواہ: منشیات کی کھلے عام فروخت، نوجوان نسل کا مستقبل داؤ پر

نال: دفعہ 144 نافذ، چہرہ ڈھانپنے پر پابندی عائد

اوستہ محمد: مہنگائی، بے روزگاری، عوام دو وقت کی روٹی سے محروم

ہرنائی: پولیس کی کارروائی، آئس اسمگلنگ میں ملوث ملزم گرفتار

سومرو قوم کے اتحاد کیلئے تنظیمی نظم و ضبط مضبوط بنانے پر زور

فرید سومرو سمیت شرکاء نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈویژنل صدر غلام فرید سومرو نے کہا کہ سومرو قوم کی ترقی، اتحاد اور فلاح و بہبود کے لیے باہمی اتفاق اور تنظیمی نظم و ضبط کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہم خدمت کا جذبہ رکھنے والے ممبران کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے تنظیمی اخراجات کے لیے باہمی رضامندی سے اپنی بساط کے مطابق مالی تعاون کرنے پر بھی زور دیا، تاکہ ہر ضلع میں تنظیمی سرگرمیوں کو جاری رکھتے ہوئے سومرو قوم اور خلق خدا کی خدمت کا سلسلہ مزید بہتر بنایا جاسکے۔

گوادر: ضلعی آفیسر تعلیم زاہد حسین بلوچ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحبت پور: واٹر سپلائی بند، متعدد دیہات آلودہ پانی پینے پر مجبور

زیارت: ہسپتال میں ڈائیلاسز مشین نصب، مریضوں کیلئے سروس کا آغاز

زیارت اور گرد و نواح کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو بڑی سہولت میسر آگئی ہے۔ اس سے قبل مریضوں کو علاج کے لیے کوئٹہ سمیت دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا جس سے انہیں شدید مالی اور سفری مشکلات کا سامنا رہتا تھا۔ اب مقامی سطح پر ڈائیلاسز کی سہولت دستیاب ہونے سے مریضوں کا قیمتی وقت اور اخراجات دونوں کی بچت ہوگی جبکہ بروقت علاج کی فراہمی سے انسانی جانوں کے تحفظ میں بھی مدد ملے گی۔ عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ زیارت کی جانب سے صحت کے شعبے میں اس اہم اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں بھی عوام کو مزید جدید طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

ژوب: قمرالدین کاریز روڈ کی تعمیر فوری مکمل کی جائے، تاجر

ژوب (یو این اے) مرکزی انجمن تاجران ژوب کے صدر ہاران خان کلیوال جنرل سیکرٹری حاجی محمد دین خروٹی سینئر نائب صدر حبیب الرحمن کاکڑ اور کابینہ کے دیگر اراکین نے وفاقی و صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کی تعمیر کا کام ہنگامی بنیادوں پر تیز کرکے جلد از جلد مکمل کیا جائے اور قمرالدین کاریز کو ایک محفوظ اور فعال تجارتی گیٹ وے کے طور پر ترقی دی جائے۔ انجمن کے رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قمرالدین کاریز پاکستان، افغانستان اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے درمیان تجارت کیلئے انتہائی اہم جغرافیائی اور تجارتی حیثیت رکھتا ہے۔ اس گیٹ وے کو فعال بنانے سے پاکستان کو وسطی ایشیائی منڈیوں تک رسائی کیلئے ایک اہم متبادل تجارتی راستہ میسر آسکتا ہے، جبکہ بلوچستان بالخصوص ژوب میں تجارت، سرمایہ کاری، روزگار اور معاشی سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ رہنماؤں نے کہا کہ ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کی تکمیل اس پورے تجارتی منصوبے کی بنیادی ضرورت ہے۔ سڑک کی ناقص حالت اور ترقیاتی کاموں کی سست رفتار کے باعث اس اہم تجارتی راستے سے وہ فوائد حاصل نہیں ہو رہے جو پاکستان کی معیشت اور بلوچستان کی تجارتی سرگرمیوں کیلئے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ مرکزی انجمن تاجران ژوب کے رہنماؤں نے وزیراعظم پاکستان، وفاقی وزیر مواصلات، وزیراعلیٰ بلوچستان اور متعلقہ وفاقی و صوبائی اداروں سے پرزور مطالبہ کیا کہ قمرالدین کاریز گیٹ وے کو قومی تجارتی منصوبہ قرار دے کر ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کی تعمیر فوری مکمل کی جائے۔

جعفرآباد: 34 خواتین کو تربیت کے بعد سرٹیفکیٹس اور سامان تقسیم

خواتین کو موبائل فون، مفت سم، ایک سالہ انٹرنیٹ اور ٹول کٹس فراہم کی گئیں

پیشہ ورانہ تربیت سے خواتین کی ڈیجیٹل خواندگی اور کاروباری صلاحیتوں کو فروغ ملا

جعفرآباد (اے این این) ورڈز فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام بااختیار منصوبے کے تحت ضلع جعفرآباد کی 34 خواتین میں سرٹیفکیٹس اور معاون سامان تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں خواتین کی پیشہ ورانہ تربیت، ڈیجیٹل خواندگی، مالیاتی آگاہی اور کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کو سراہا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان تھے، جبکہ آئی آر ایم کے صوبائی سربراہ رفیع اللہ، ورڈز فاؤنڈیشن پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیات جمالی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عائشہ کاکڑ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش، آصفہ جمالی سمیت دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ بااختیار منصوبے کے تحت 34 خواتین نے پیشہ ورانہ ہنر، ڈیجیٹل خواندگی، مالیاتی آگاہی، زندگی کی ضروری مہارتوں اور کاروباری تربیت پر مشتمل پروگرام کامیابی سے مکمل کیا ہے۔ تربیت کی تکمیل پر تمام خواتین کو سرٹیفکیٹس کے ساتھ موبائل فونز، یوفون کی مفت سمیں، ایک سال کا مفت انٹرنیٹ ڈیٹا اور ٹول کٹس فراہم کی گئیں، تاکہ وہ اپنی سیکھی ہوئی مہارتوں کو عملی طور پر بروئے کار لاتے ہوئے روزگار اور چھوٹے کاروبار کے مواقع پیدا کر سکیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ خواتین کو ہنر، جدید ٹیکنالوجی اور مالیاتی آگاہی سے آراستہ کرنا معاشی خودمختاری کی جانب اہم قدم ہے۔ موبائل فون، انٹرنیٹ اور ٹول کٹس کی فراہمی سے خواتین کو اپنے کام کی تشہیر، گاہکوں سے رابطے اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ بااختیار خواتین اپنے خاندانوں اور معاشرے کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکتی ہیں۔ واضح رہے کہ بااختیار منصوبہ پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) اور پی ٹی سی ایل گروپ کے تعاون سے انسٹی ٹیوٹ آف رورل مینجمنٹ (آئی آر ایم)، اسلام آباد کے ذریعے نافذ کیا جارہا ہے، جبکہ ضلع جعفرآباد میں ورڈز فاؤنڈیشن پاکستان فیلڈ سطح پر معاونت فراہم کر رہی ہے۔ تقریب کے اختتام پر تربیت مکمل کرنے والی تمام 34 خواتین کو مبارکباد پیش کی گئی اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے، ان کی مہارتوں کو عملی مواقع سے جوڑنے اور روشن مستقبل کی بنیاد مضبوط کرنے کے لیے ایسے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

ڈھاڈر کے عوامی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ جدوجہد کا اعلان

کچھی: ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل پر کھلی کچہری منعقد

مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے مختلف فیزز کے تحت ضلع میں متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جن کی تکمیل سے ضلع میں بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، سڑکوں، پانی اور دیگر شعبوں میں نمایاں بہتری آئے گی۔

میر ممتاز علی کھیتران نے شرکاء کے مسائل فرداً فرداً انکی نشست کے پاس جاکر خود سنے اور حل کی یقین دہانی کرائی ڈپٹی کمشنر کے مشاورت کو شرکاء نے عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے مثبت اقدام قرار دیا اس موقع پر نوابزادہ میر شاہنواز خان شاہوانی، سردار نور جان جتوئی، سید احسان شاہ دوپاسی، میر زوہیب ہنگلوئی، مفتی علی اصغر بگٹی، مفتی

جیوانی: اے سی طارق امام بلوچ سے غلام نبی کی قیادت میں ماہیگیروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

اوتھل: درگاہ سید فدا حسین شاہ بخاری کا سالانہ عرس اختتام پذیر

ملاکھڑا، شیدی دھمال، ہو جمالو سمیت ثقافتی و تفریحی پروگرام منعقد ہوئے

عرس میں سندھ اور بلوچستان سے ہزاروں زائرین نے مختلف تقریبات میں شرکت کی

اوتھل (یو این اے) درگاہ سید فدا حسین شاہ بخاری کے تین روزہ سالانہ عرس مبارک کا قدیمی میلہ اختتام پذیر ہوگیا۔ عرس میں سندھ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں سے ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مندوں اور زائرین نے شرکت کی۔ تین روزہ میلے کے دوران مختلف ثقافتی، روحانی اور تفریحی پروگرام منعقد کیے گئے، جن میں روایتی ملاکھڑا، ہو جمالو، شیدی دھمال اور دیگر پروگرام شامل تھے۔ ملاکھڑے کے مقابلوں میں سندھ، بلوچستان اور پنجاب سے تعلق رکھنے والے معروف ملہ پہلوانوں نے شرکت کی اور اپنے فن کے شاندار جوہر دکھائے۔ میلے میں زائرین کی تفریح کے لیے عارضی بازار، بچوں کے جھولے، موت کا کنواں اور مختلف سرکس بھی لگائے گئے، جہاں بچوں سمیت بڑی تعداد میں زائرین نے تفریحی سرگرمیوں سے لطف اٹھایا۔ میلے کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی سندھ و بلوچستان کی معروف روحانی شخصیت پیر جمیل شاہ جیلانی تھے، جبکہ پیر محمد شاہ جیلانی، بزرگ ہستی سید حیدر شاہ بخاری، ملہ ایسوسی ایشن بلوچستان کے عہدیداران، درگاہ کے گدی نشین خلیفہ سجاد کریم، خلیفہ ریاض احمد، خلیفہ اعجاز احمد، خلیفہ شاہد احمد، گنگو قبائل کی معزز شخصیات، لاکھڑا سٹی کے چیئرمین و ملہ ایسوسی ایشن کے سرپرست اعلیٰ وڈیرہ مولا بخش گنگو، پیر غلام شاہ جیلانی، سردارزادہ محمد آصف گنگو، عزیز فقیر، غفور عزیز فقیر، محمد حسن بروہ سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر درگاہ کے گدی نشین خلیفہ فدا حسین کی جانب سے میلے میں شریک معزز مہمانوں کو اجرک پہنائی گئی، جبکہ پیر جمیل شاہ جیلانی اور پیر محمد شاہ جیلانی نے بھی مہمانوں اور صحافیوں کو اجرک پیش کی۔ ملاکھڑے کے مختلف جوڑوں میں کامیاب ہونے والے پہلوانوں میں پیر جمیل شاہ جیلانی، پیر محمد شاہ جیلانی، درگاہ سید فدا حسین شاہ کے گدی نشین خلیفہ عبدالغنی خلیفہ سجاد کریم خلیفہ ایاز علی اور اعجاز نے انعامات تقسیم کیے۔ عرس کے دوران ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی ہدایت پر ایس ایچ او اوتھل وحید علی کلمتی کی نگرانی میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ اس موقع پر سینئر پولیس آفیسر نصیر عاصم خاصخیلی، محمد ہاشم شاہوک اور محمد علی شیخ بھی موجود رہے۔ پولیس اہلکاروں نے میلے کے مختلف مقامات پر ڈیوٹیاں انجام دیتے ہوئے زائرین کی سیکیورٹی کو یقینی بنایا

اوستہ محمد: گیس مسائل کے حل کیلئے لائنوں کی بحالی شروع

مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار میر نگار خان جمالی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ شہر میں گیس کی کئی لائنیں پرانی اور بوسیدہ ہو چکی ہیں، جن کی بحالی اور بہتری کا کام دسمبر تک مکمل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، جس کے بعد صارفین کو درپیش مسائل میں کمی آئے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی گیس کنکشن کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے، چاہے وہ کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو خلاف ورزی کی صورت میں سخت

وو زحمت سے بچنے کے لیے بل کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ سب ڈویژنل انچارج نے مزید کہا کہ صارفین کے لیے میرے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، وہ جب چاہیں اپنے مسائل کے حل کے لیے مجھ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اوستہ محمد و تحصیل گنداخہ کی عوام کو گیس کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے صوبائی وزیر ایریگیشن ایم پی اے اوستہ محمد سردارزادہ فیصل خان جمالی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں جس سے شہریوں کو گیس کی فراہمی ممکن ہوگا۔

لسبیلہ: زمینداروں کی سہولت کیلئے ایگرو مارٹ کا باقاعدہ افتتاح

قاضی محمد اسماعیل قریشی نے علاقائی معززین اور زمینداروں کی موجودگی میں افتتاح کیا

لسبیلہ ایگرو مارٹ سے زرعی ضروریات کی سہولیات ایک ہی جگہ دستیاب ہوں گی، خطاب

بیلا (یو این اے) لسبیلہ میں زرعی شعبے سے وابستہ زمینداروں اور کاشتکاروں کے لیے بیلا کراس پر واقع پیر بخش مارکیٹ میں لسبیلہ ایگرو مارٹ کا باقاعدہ افتتاح لسبیلہ کے ممتاز عالم دین قاضی محمد اسماعیل قریشی نے اتوار کے روز علاقائی معززین اور زمینداروں کی موجودگی میں کیا افتتاحی تقریب میں لسبیلہ ایگرو مارٹ کے مالک معروف ایڈووکیٹ فیصل کریم رونجھو سمیت علاقائی معززین زمینداروں اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی، افتتاح کے موقع پر شرکاء نے لسبیلہ ایگرو مارٹ کے قیام کو علاقے کے زرعی شعبے کے لیے ایک مثبت اور خوش آئند قدم قرار دیا ان کا کہنا تھا کہ لسبیلہ ایک زرعی علاقہ ہے جہاں بڑی تعداد میں زمیندار اور کاشتکار اپنی معاشی ضروریات کے لیے زراعت سے وابستہ ہیں ایسے میں زرعی شعبے سے متعلق سہولیات اور معیاری زرعی مصنوعات کی دستیابی مقامی زمینداروں کے لیے اہمیت رکھتی ہے۔ تقریب میں موجود معروف ایڈووکیٹ فیصل کریم رونجھو نے معزز مہمانوں اور علاقائی شخصیات کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ لسبیلہ ایگرو مارٹ کے قیام کا مقصد علاقے کے زمینداروں اور کاشتکاروں کو زرعی ضروریات سے متعلق سہولیات ایک ہی جگہ فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، اس موقع پر علاقائی معززین اور زمینداروں نے بھی لسبیلہ ایگرو مارٹ کے قیام کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ لسبیلہ ایگرو مارٹ علاقے کے زرعی شعبے کی ترقی اور زمینداروں کی ضروریات پوری کرنے میں مثبت کردار ادا کرے گا، افتتاحی تقریب کے اختتام پر لسبیلہ ایگرو مارٹ کی کامیابی علاقے کے زمینداروں اور کاشتکاروں کے لیے آسانی اور لسبیلہ میں زرعی شعبے کی ترقی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

دکی: کوئلہ کانوں کی سیکیورٹی مزید مؤثر بنانے کیلئے سخت اقدامات پر زور

سڑک بین الصوبائی روٹ کی حیثیت رکھتی ہے۔ ٹانک روڈ کا باقی ماندہ کام مکمل کرکے اسے ٹریفک کے لئے کھولنے سے تین صوبوں کے درمیان آمدورفت میں سہولت پیدا ہوگی اور مسافروں کے سفر کا فاصلہ اور وقت تقریباً دو گھنٹے کم ہو جائے گا لینڈ سلائیڈنگ اور دیگر خطرات سے ایک محفوظ ہموار راستہ ہے۔ حکام بالا سے مطالبہ ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ٹھیکیدار کو ٹانک روڈ کا باقی ماندہ کام جلد از جلد دوبارہ شروع کرنے اور مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے احکامات صادر کئے جائیں تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ اور تینوں صوبوں کے درمیان آمدورفت مزید آسان ہوسکے۔

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبزانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال کی زیر صدارت ضلع دکی میں کول مائنز کمپنیوں کے مالکان، منیجرز اور مجاز نمائندگان کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں کوئلہ کانوں کے حفاظتی انتظامات، موجودہ سیکیورٹی صورتحال اور ضروری حفاظتی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مائنز انسپکٹر قادر خان مری، نائب تحصیلدار اکرام اللہ خان ترین اور مختلف کول مائنز کمپنیوں کے مالکان، منیجرز و نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال نے کہا کہ کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں، عملے اور تنصیبات کا تحفظ مشترکہ ذمہ داری ہے، لہٰذا تمام کول مائنز انتظامیہ اپنی اپنی کانوں کے سیکیورٹی انتظامات کا ازسرنو جائزہ لے کر موجودہ تقاضوں کے مطابق مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔ اجلاس میں سیکیورٹی گارڈز و چوکیداروں کی تعیناتی، داخلی و خارجی راستوں کی نگرانی، رات کے اوقات میں سیکیورٹی و روشنی، کانوں کی حدود، مشینری اور حساس تنصیبات کا تحفظ، CCTV کیمروں کی دستیابی و فعالیت سمیت دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا گیا۔ کان مالکان اور منیجرز کو سیکیورٹی انتظامات میں موجود خامیوں کو فوری طور پر دور کرنے، غیر متعلقہ افراد کی آمدورفت پر کڑی نظر رکھنے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ حکام کو اطلاع دینے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں ہنگامی صورتحال کے دوران پولیس، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے فوری رابطے کے طریقہ کار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

ڈی ای او کا گورنمنٹ مڈل سکول بھاگیہ خان بلیدی کا تدریسی عمل کا جائزہ

اساتذہ کو تدریسی معیار بہتر بنانے اور طلبہ کیلئے سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی تاکید

فیض آباد (یو این اے) گورنمنٹ مڈل سکول بھاگیہ خان بلیدی کا تفصیلی تدریسی و انتظامی دورہ کیا۔ دورے کا بنیادی مقصد اسکول میں جاری درس و تدریس کے عمل، اساتذہ و طلبہ کی حاضری، تعلیمی ماحول اور کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ ریڈنگ و رائٹنگ میٹریل، فرنیچر، یونیفارم اور دیگر تعلیمی سامان کے استعمال کا جائزہ لینا تھا۔ معائنے کے دوران اسکول کے مختلف تدریسی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بالخصوص اس امر کا مشاہدہ کیا گیا کہ کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ تعلیمی و تدریسی سامان کو طلبہ کی تعلیمی ضروریات کے لیے کس حد تک مؤثر، مناسب اور باقاعدہ طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن محمد جمن پنہور نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ تمام تعلیمی وسائل اور سہولیات کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لاتے ہوئے درس و تدریس کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور طلبہ کو ایک سازگار، مؤثر اور معیاری تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ تعلیمی اداروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور وسائل کا بنیادی مقصد طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی، ان کی تعلیمی استعداد میں اضافہ اور تعلیمی نتائج میں بہتری لانا ہے۔ لہٰذا تمام دستیاب وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنانا اساتذہ اور اسکول انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔ دورے کے اختتام پر اسکول کے تدریسی و انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے، دستیاب تعلیمی وسائل کے مناسب استعمال اور طلبہ کی تعلیمی کارکردگی میں بہتری کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کی گئیں

چاغی انتظامیہ کا غیرقانونی افغان مہاجرین کیخلاف کارروائی کا اعلان

انتظامیہ نے ٹرانسپورٹرز کو غیر قانونی افغان مہاجرین کو سفر کرانے سے باز رہنے کی سختی سے ہدایت جاری کردی

خلاف ورزی پر بس، وین، ٹوڈی یا زمیاد اور بس اڈہ سیل، ایف آئی آر، کمپنی کا این او سی منسوخ ہوگا، اعلامیہ

چاغی (آن لائن) انتظامیہ کی جانب سے تمام ٹرانسپورٹرز کو متنبہ کیا گیا ہے کہ افغان مہاجرین کو غیر قانونی طور پر سفر کروانے سے گریز کیا جائے، بصورت دیگر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ غیر قانونی افغان مہاجرین کی نقل و حمل میں ملوث ٹرانسپورٹ کمپنی کے بس اڈے کو سیل، کمپنی کے خلاف ایف آئی آر درج اور تمام متعلقہ بسیں، وین، ٹوڈی اور زمیاد سمیت دیگر گاڑیاں ضبط کی جائیں گی، جبکہ کمپنی کا سول انتظامیہ کی جانب سے جاری این او سی بھی منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ کسی بھی بس، ٹوڈی، وین، زمیاد یا دیگر گاڑی میں افغان مہاجرین غیر قانونی طور پر سفر کرتے ہوئے پائے گئے تو گاڑی ضبط کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور ایسا کارروائی ہوگا تاکہ دوبارہ وہ افغان مہاجرین کو سفر کروانے کے قابل بھی نہ رہیں تمام ٹرانسپورٹرز قانون کی پابندی کرتے ہوئے غیر قانونی افغان مہاجرین کی نقل و حمل سے مکمل طور پر گریز کریں۔

ڈام بندرگاہ پر ماہیگیروں کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات

کمشنر نے کشتی حادثات پر فوری امداد اور فشرمین کمپلین ریسکیو ڈیسک قائم کرنیکا حکم

غیر فعال جیٹی، سڑک، لوڈشیڈنگ اور کولڈ اسٹوریج سمیت مسائل جلد حل کرنے کی ہدایت

وندر (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ساحلی بندرگاہ ڈام کا دورہ کیا دورے کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج بلوچ اسسٹنٹ کمشنر وندر سیف علی مغل انکے ہمراہ تھے ڈائریکٹر فشریز میرین نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو بریفنگ میں بتایا کہ 14 بلین کی لاگت کے فلوٹنگ جیٹی قیام کا پروپوزل فیز جیٹی اسٹڈی کیلئے زیر غور ہے ڈائریکٹر میرین فشریز لسبیلہ حب تھور احمد نے کمشنر کو بریفنگ میں بتایا کہ ڈام بندر میں بی ڈی اے کی جانب سے 55 کروڑ لاگت سے بنایا گیا جیٹی پراجیکٹ نان فنکشنل ہے جس کی وجہ سے سی فوڈ برآمدات کی 70 فیصد مچھلیاں سے بھری کشتیاں کراچی ہاربر لنگر انداز ہوتی ہیں انہوں نے بتایا کہ جھینگا فارمنگ کنسلٹنسی فرم کام کررہی ہے حکومت نے شرمپ فارمنگ کیلئے 300 ایکڑ اراضی الکرم کوہی بیچ کنسلٹنسی کررہی ہے ماہیگیر نمائندوں نے کمشنر لسبیلہ کو گزشتہ دنوں سمندر میں کشتی ڈوبنے اور ریسکیو معاملات میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز پٹرولنگ کی عدم فرض شناسی کے معاملے سے آگاہ کیا سونمیانی ڈام ساحلی بستی میں کولڈ اسٹوریج آئس فیکٹری کی عدم سہولت سونمیانی وندر ڈام لنک روڈ کی عدم بحالی ماہیگیر بستی ڈام سونمیانی کی ماہیگیر بستی بلز ادائیگی کے باوجود کے الیکٹرک لوڈشیڈنگ کی ایشوز فلسال گراؤنڈ ایشوز سے آگاہ کیا کمشنر نے متعلقہ حکام اور اسپورٹس سیکرٹری کو لیٹر لکھنے کے احکامات جاری کئے کمشنر لسبیلہ نے فشریز پٹرولنگ ٹیم افسر اور ماہیگیروں کے مابین کوآرڈینیشن کی کمی کو سنگین مسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ متاثرہ ماہیگیر گھرانے کی فوری امداد اور فشرمین کمپلین ریسکیو ڈیسک قائم کرنیکا احکامات جاری کیے کمشنر نے کہا کہ بلیو اکنامی سیوایت فشرمینوں کیٹیگریوں کی فوری رجسٹریشن کیا کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے عوامی شکایات پر ساحلی بندرگاہ کے گرلز اسکول میں پندرہ مہینوں سے ڈیوٹی سے غیر حاضر اساتذہ کو تبادلے کا حکم جاری کیا فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے وائس چیئرمین ارشاد پارس کلمتی نے کمشنر کو بتایا کہ سی فوڈ انڈسٹری بدحالی سے دوچار ہے غلط پلاننگ اور ماہیگیروں سے کوآرڈینیشن کے بغیر کنسلٹنسی پراجیکٹ بنائے جاتے ہیں سمندر میں ماہیگیری کرنے والے فشرمین کشتی حادثات کی صورت میں سال بھر کی جمع پونجی صحت پر خرچ کرتے ہیں فشریز ڈیپارٹمنٹ ماہیگیروں کے بنیادی مسائل سے عدم دلچسپی کررہی ہے فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے وائس چیئرمین نے کمشنر کو بتایا کہ بلوچستان کیا ماہیگیر سمندری گیٹ وے کی ویلفیئر پر مشکل حالات میں ملک کے لیے زرمبادلہ کماتے ہیں بلوچستان کے ماہی گیر قدرتی سمندری وسائل کے باوجود کسمپرسی کا شکار ہیں

اسلم بزنجو کی رہائش گاہ پر فائرنگ، سیاسی حلقوں میں تشویش بڑھ گئی

خضدار (آن لائن) نیشنل پارٹی خضدار کے ضلعی ترجمان نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر، جھالاوان کے معروف قبائلی و سیاسی رہنما سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائش گاہ پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ اور ان کے گارڈز کے زخمی ہونے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ضلعی ترجمان نے کہا کہ سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائش گاہ کو نشانہ بنانا نہ صرف ایک انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اقدام ہے بلکہ یہ بلوچستان کی قبائلی، بلوچی اور اسلامی روایات و اقدار کے بھی منافی ہے۔ سیاسی و قبائلی رہنماؤں کی رہائش گاہیں معاشرے میں احترام اور رواداری کی علامت سمجھی جاتی ہیں، انہیں اس طرح نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سردار محمد اسلم بزنجو ایک امن پسند، سنجیدہ اور عوامی سیاسی رہنما کی حیثیت سے طویل عرصے سے سیاسی و سماجی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

سبی: سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل حماد اعوان مون سون شجرکاری مہم کے موقع پر پودا لگا رہے ہیں

جامعہ تربت میں اساتذہ کی جدید تدریسی تربیت کیلئے ورکشاپ منعقد

تدریسی ٹیکنالوجی، مؤثر ابلاغ اور طلبہ کی دلچسپی برقرار رکھنے پر تربیت دی گئی

اساتذہ نے حاصل مہارتیں کلاس روم میں استعمال کرکے تعلیمی ماحول بہتر بنانے کا عزم کیا

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے زیر انتظام یونیورسٹی ماڈل اسکول میں تدریسی معیار کو مزید بلند کرنے اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو جدید تدریسی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے "بیسٹ پریکٹسز ان ٹیچنگ" کے عنوان سے یونیورسٹی کے ویڈیو کانفرنس روم میں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کا بنیادی مقصد اسکول اور کلاس روم میں سازگار و جدید تعلیمی ماحول قائم کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی سے اساتذہ کو آراستہ کرنا تھا۔ ورکشاپ کے ریسورس پرسن جامعہ تربت کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر غلام جان تھے، جنہوں نے کلاس روم میں مؤثر ابلاغ، طلبہ کی دلچسپی برقرار رکھنے کی تکنیکس، تدریس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور تدریسی عمل میں استاد کے متحرک کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے مختلف صلاحیتوں اور سوچ کے حامل بچوں کی بہترین تربیت کے حوالے سے اساتذہ کو درپیش عملی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مفید طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا۔ ترجمان جامعہ تربت کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن اور پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد نے اپنے خصوصی پیغامات میں ورکشاپ کے کامیاب انعقاد پر ریسورس پرسن ڈاکٹر غلام جان اور یونیورسٹی ماڈل اسکول کی پرنسپل مہناز بشیر کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ جامعہ تربت خطے میں معیاری ایلیمنٹری ایجوکیشن کے فروغ سمیت اپنی تمام تر سماجی و علمی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہے۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء نے تمام سیشنز کو انتہائی معلومات افزا قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ورکشاپ سے حاصل کردہ مہارتوں کو کلاس روم میں استعمال کرکے تدریسی ماحول کو مزید بہتر بنائیں گے۔ انہوں نے مستقبل میں بھی اس نوعیت کے پیشہ ورانہ تربیتی پروگرامز کا سلسلہ جاری رکھنے پر زور دیا۔

گدر: منافع خور بے قابو، پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال؟

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں من مانے اضافے سے شہری پریشان، سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد بھی یقینی نہ بنایا جاسکا

پرائس کنٹرول کمیٹی کی عدم فعالیت سے دکانداروں کو مبینہ منافع خوری کی کھلی چھوٹ، غریب طبقہ مہنگائی سے شدید متاثر

سوراب (آن لائن) گدر سمیت گرد و نواح کے مضافاتی علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں من مانے اضافے اور مبینہ منافع خوری کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جبکہ عوامی شکایات کے ازالے اور بازاروں میں سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے قائم پرائس کنٹرول کمیٹی گزشتہ ایک سال سے غیر فعال ہونے کے باعث صورتحال مزید سنگین ہوتی جارہی ہے۔ گدر کے بازار میں اشیائے خورد و نوش سمیت روزمرہ استعمال کی مختلف اشیا مبینہ طور پر مقررہ نرخوں سے زائد قیمتوں پر فروخت کی جارہی ہیں، جس سے محدود آمدنی رکھنے والے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کے مطابق دکانداروں کی جانب سے من مانے نرخ وصول کیے جانے کی شکایات کے باوجود مؤثر نگرانی، باقاعدہ نرخ چیکنگ اور کارروائی کا فقدان محسوس کیا جارہا ہے۔ پرائس کنٹرول کمیٹی کی طویل عرصے سے غیر فعالیت نے گدر کے بازار میں منافع خور عناصر کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے، جبکہ غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے دب کر رہ گیا ہے۔ شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر بازار کی نگرانی اور سرکاری نرخوں پر عمل درآمد کی ذمہ داری متعلقہ اداروں کی ہے تو گزشتہ ایک سال کے دوران گدر اور مضافاتی علاقوں میں مؤثر کارروائی کیوں نظر نہیں آئی؟ گدر کے عوام نے ضلعی انتظامیہ سوراب سے مطالبہ کیا ہے کہ گدر کے بازار کا فوری طور پر معائنہ کیا جائے، سرکاری نرخ ناموں پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے، منافع خوری اور ناجائز تجاوز نرخ کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور پرائس کنٹرول کمیٹی کو فعال کرکے باقاعدگی سے بازاروں کی نگرانی یقینی بنائی جائے

پیپلز پارٹی کارکنوں کے حقوق اور نظریے پر سمجھوتہ نہیں کرے گی، یعقوب کھوسہ

صحبت پور (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد یعقوب کھوسہ نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے ورکرز ہمارا حقیقی اثاثہ ہیں اور اس جماعت کی پوری تاریخ عظیم قربانیوں سے بھری پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گڑھی خدا بخش لاڑکانہ کی مٹی میں قائد عوام، ایشیا کے پہلے منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو دفن ہیں، تاہم ان کا فکر و نظریہ آج بھی زندہ و جاوید ہے جسے صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری، محترمہ فریال تالپور اور خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری انتہائی کامیابی کے ساتھ آگے لے کر چل رہے ہیں۔

لورالائی: پانی کے غیرقانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی تیز

کوئٹہ روڈ پر متعدد غیرقانونی کنکشنز منقطع، پائپ لائنیں بھی ہٹا دی گئیں

انتظامیہ نے پانی کی منصفانہ فراہمی کیلئے دیگر علاقوں میں نگرانی بڑھانے کی ہدایت

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کی سربراہی میں کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ آپریشن میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کے ایکسین ڈاکٹر گل محمد اور ان کی ٹیم نے بھی حصہ لیا کارروائی کے دوران کوئٹہ روڈ کے مختلف مقامات پر قائم متعدد غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع کیے گئے، جبکہ سرکاری پانی کی لائنوں سے غیر قانونی طور پر منسلک پائپ لائنوں کو ہٹانے کے لیے مشکل مقامات پر ایکسکیویٹر مشین بھی استعمال کی گئی انتظامیہ اور محکمہ PHE کی ٹیموں نے موقع پر پانی کی لائنوں اور کنکشنز کا معائنہ کیا اور غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والے کنکشنز کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ حکام کے مطابق غیر قانونی کنکشنز کے باعث پانی کی ترسیل کا نظام متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ قانونی صارفین کو بھی پانی کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اور محکمہ PHE کے افسران نے کہا کہ شہر میں پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ سرکاری پانی کی لائنوں سے غیر قانونی طور پر کنکشن حاصل کرنے اور پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی حکام نے واضح کیا کہ پانی ایک بنیادی شہری ضرورت ہے اور اس کی منصفانہ تقسیم کے لیے سرکاری واٹر سپلائی نظام کو غیر قانونی کنکشنز سے پاک کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ ٹیموں کو ہدایت کی کہ شہر کے دیگر علاقوں میں بھی پانی کی لائنوں اور کنکشنز کی نگرانی جاری رکھی جائے اور غیر قانونی کنکشنز کی نشاندہی کی صورت میں قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی کہ پانی کے غیر قانونی کنکشنز سے مکمل طور پر گریز کریں، سرکاری پانی کی لائنوں کو نقصان نہ پہنچائیں اور پانی کے نظام میں کسی بھی غیر قانونی مداخلت سے اجتناب کریں۔ شہری کسی بھی غیر قانونی کنکشن کی نشاندہی متعلقہ حکام کو کریں تاکہ پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لورالائی شہر میں پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے، پانی کے ضیاع کو روکنے اور تمام علاقوں میں دستیاب پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے انتظامی اور محکمہ جاتی سطح پر مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

اسرائیل کے خلاف میچ، آئرش فٹبال ٹیم میں اختلافات شدت اختیار کرگئے

کوئٹہ: بی ٹی اینٹ ہنٹ ٹورنامنٹ میں نور حیات ماڈل سکول کا فاتحانہ آغاز

ہیلپر پبلک سکول کا دیا گیا 265 رنز کا ہدف نور حیات پبلک سکول نے آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 37 ویں اوور میں حاصل کرلیا

محسن نقوی کا ویژن قابل تعریف ہے، سی او او لاہور قلندرز

قومی کرکٹر محمد رضوان کی عدم پیشی پر خدشات بڑھ گئے

ایشین گیمز، پاکستان کوارٹر فائنل میں آج ہانگ کانگ کے مدمقابل ہوگا

گیمز کے کوارٹر فائنل میں ہانگ کانگ کے مدمقابل ہوگی، پاکستان کرکٹ ٹیم نے اتوار کو شن، جاپان میں ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا۔ رات بھر بارش اور گیلی آؤٹ فیلڈ کے باعث پاکستان کا ٹریننگ سیشن متاثر ہوا۔ پاکستان ٹیم نے جاپان روانگی سے قبل کراچی میں چار روزہ ٹریننگ کیمپ میں تیاری کی۔ کپتان پاکستان ٹیم

مطابق تیاری کی اور سپن کے خلاف زیادہ سے زیادہ پریکٹس کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قیادت کرنا میرے اور میرے خاندان کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لیے ہر میچ اہم ہے، پہلے میچ پر مکمل توجہ مرکوز کریں گے، ہر میچ کو سنجیدگی سے لیں گے اور اپنی بہترین کرکٹ کھیلنے کی کوشش کریں گے۔

کرتے ہوئے مقررہ 40 اوورز میں 264 رنز کا مضبوط مجموعہ ترتیب دیا اور نور حیات ماڈل سکول کو کامیابی کے لیے 265 رنز کا ہدف دیا۔ نور حیات ماڈل سکول کی جانب سے عاصم شاہ نے بھی 38 رنز کی مفید اننگز کھیلی جبکہ حمید اللہ نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے 34 رنز ناٹ آؤٹ بنائے۔ حمید اللہ نے اختتامی مرحلے میں وکٹ پر موجود رہتے ہوئے ٹیم کو ہدف کے قریب پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ نور حیات ماڈل سکول نے 265 رنز کا مطلوبہ ہدف 37 ویں اوور میں 8 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا اور یوں دو وکٹوں سے کامیابی اپنے نام کرلی۔ ہدف کے کامیاب تعاقب کے دوران نور حیات کے کھلاڑیوں نے دباؤ میں حوصلے کا مظاہرہ کیا اور آخری مرحلے تک مقابلے میں اپنی گرفت برقرار رکھی۔ میچ میں دونوں ٹیموں کے نوجوان کھلاڑیوں کی جانب سے دکھائی جانے والی صلاحیت اور جوش و جذبے نے مقابلے کو دلچسپ بنائے رکھا، خصوصاً نور حیات ماڈل سکول کی بیٹنگ اور باؤلنگ میں نمایاں کارکردگی

لارڈز میں سرفراز نواز کی کتاب ریورس سوئنگ کی شاندار رونمائی

یہ کتاب نئی نسل کے فاسٹ بولرز کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بن سکتی ہے، سابق فاسٹ بولر

لندن (آئی این پی) پاکستان کے سابق لیجنڈ فاسٹ بولر سرفراز نواز کی خودنوشت کتاب ریورس سوئنگ کی تقریب رونمائی تاریخی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں ہوئی جس میں سابق کرکٹرز، پاکستانی و برطانوی شائقین اور کمیونٹی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کتاب کی خریداری اور سرفراز نواز سے آٹوگراف لینے کے لیے لارڈز میں شائقین کی طویل قطاریں لگ گئیں جبکہ پاکستانی اور برطانوی کرکٹ مداحوں سمیت بڑی تعداد میں افراد نے کتابیں خریدیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سرفراز نواز نے کہا کہ ریورس سوئنگ محض کرکٹ کی کتاب نہیں بلکہ کھیل کے اندر کی کہانیوں اور ان کے کرکٹ کیریئر کے تلخ و شیریں تجربات پر مبنی خودنوشت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کتاب نئی نسل کے فاسٹ بولرز کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ سرفراز نواز کو ریورس سوئنگ کے فن کو متعارف کرانے والے اہم ترین فاسٹ بولرز میں شمار کیا جاتا ہے۔ ان کی نئی کتاب میں ان کے کرکٹ کیریئر، یادگار واقعات اور کھیل سے وابستہ تجربات کو قلمبند کیا گیا ہے۔ تقریب کے بعد لندن کے ایک معروف پاکستانی ریسٹورنٹ میں پاکستانی کمیونٹی اور میڈیا نمائندوں کے ساتھ خصوصی نشست بھی ہوئی جہاں سرفراز نواز نے صحافیوں سے گفتگو کی اور اپنے کرکٹنگ کیریئر کے مختلف یادگار واقعات شیئر کیے۔

پی ایف ایف ڈی سرٹیفکیٹ لائسنس فٹ بال کوچنگ کورس راولپنڈی میں منعقد کروانے کی منصوبہ تیار

اسلام آباد (یو این پی) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن (ڈی ایف اے) راولپنڈی نے پی ایف ایف ڈی سرٹیفکیٹ لائسنس فٹ بال کوچنگ کورس راولپنڈی میں منعقد کروانے کی منصوبہ بندی تیار کرلی ہے۔ ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن راولپنڈی کے صدر راجہ محمد اشتیاق نے بتایا کہ کورس کے فارم تمام رجسٹرڈ فٹ بال کلبوں کے عہدیداروں کو بھیج دیئے گئے ہیں اور کلبوں کے عہدیداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ کورس کی رجسٹریشن کے لئے فارم 2 اکتوبر تک جمع کرواسکتے ہیں۔

ایشین گیمز، پاکستان والی بال ٹیم کا فاتحانہ آغاز، قازقستان کو 1-3 سے شکست

پاکستان نے ابتدائی دونوں سیٹس 16-25 اور 22-25 سے جیتے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان والی بال ٹیم نے ایشین گیمز میں کامیاب آغاز کرتے ہوئے پہلے میچ میں قازقستان کو تین ایک سے شکست دے دی۔ پاکستان نے ابتدائی دونوں سیٹس 16-25 اور 22-25 سے جیتے، تاہم تیسرے سیٹ میں قازقستان نے کم بیک کرتے ہوئے 17-25 سے کامیابی حاصل کی۔ چوتھے سیٹ میں پاکستان نے 20-25 سے کامیابی حاصل کرکے میچ تین ایک سے اپنے نام کرلیا۔ پاکستان کی جانب سے مراد خان، علی عثمان، مراد جہان اور منصور خان نے شاندار کھیل پیش کیا۔

ایمباپے کو گھٹنے کے باؤ پر ایکسٹینشن کی تشخیص ہوئی ہے، ریئل میڈرڈ اعلامیہ

میچ میں عراق کی فتح کے بعد عراق اور کویتی کھلاڑیوں میں ہاتھا پائی

کوقابو کیا۔ میچ میں عراق نے کویت کو 3-2 سے شکست دی۔ عراق کی جانب سے زیدان اقبال نے 52 ویں منٹ میں گول کیا جس کے بعد کویت کے یوسف ناصر نے 75 ویں منٹ میں پنالٹی پر گول کرکے مقابلہ برابر کردیا۔ سیف رشید نے 83 ویں منٹ میں عراق کو دوبارہ برتری دلائی، تاہم یوسف ناصر نے 90 ویں منٹ میں اپنا دوسرا گول کرکے اسکور 2-2

تبادلہ ہوا جو بعد میں دھکم پیل میں تبدیل ہوگیا۔ عراق کے ایمن حسین نے ابتدائی طور پر کویت کے کپتان یوسف ناصر اور عراق کے زیدان اقبال کے درمیان معاملہ ختم کرانے کی کوشش کی، تاہم صورتحال مزید کشیدہ ہوگئی۔ اس فتح کے بعد عراق کے دو میچوں میں 4 پوائنٹس ہوگئے جبکہ کویت دونوں میچز ہار کر تاحال کوئی پوائنٹ حاصل نہیں کرسکا۔

ہے، قومی ٹیم پول بی میں شامل ہے۔ مینز ٹیم ایونٹ میں پاکستان (آج) پیر کو پہلے میچ میں فلپائن کے مدمقابل ہوگا اور دوسرا میچ کویت کے خلاف کھیلے گا۔ ویمنز ٹیم ایونٹ میں قومی ٹیم کو پول بی میں رکھا گیا ہے۔ ویمنز ٹیم ایونٹ میں پاکستان (آج) پیر کو پہلے میچ میں ہانگ کانگ چائنا کے مدمقابل ہوگا جبکہ دوسرا میچ منگولیا کے خلاف کھیلا جائے گا۔

تحقیقات جاری ہیں جبکہ ادارے کے ذرائع کا کہنا ہے کہ محمد رضوان کی جانب سے مبینہ عدم تعاون کے باعث تحقیقات میں تاخیر ہورہی ہے۔ این سی سی آئی اے ذرائع کے مطابق محمد رضوان سے متعدد مرتبہ رابطہ کرکے تحقیقات میں تعاون کرنے کی درخواست کی گئی، تاہم بھرپور کوششوں کے باوجود ان کی جانب سے مثبت جواب نہیں ملا۔

کے موبائل کا ڈیپ فرانزک ابھی باقی ہے، رضوان کے موبائل کے ڈیپ فرانزک کیلئے ان کی موجودگی ضروری ہے۔ ۔ ۔ این سی سی آئی اے نے فرانزک کے دوران رضوان کو موجود رہنے کی پیشکش بھی کی ہے، غلط پاس ورڈ کے باعث ڈیٹا متاثر ہونے کے خدشے پر رضوان کو پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے دریں اثناء کرکٹر محمد رضوان کے قریبی ذرائع نے کہا

ایشین گیمز لانگ جمپ ایونٹ، پاکستان کے انصر اقبال فائنل میں پہنچ گئے

انصر اقبال نے سات عشاریہ دو آٹھ میٹر جمپ کے ساتھ فائنل کے لیے کوالیفائی کیا، یہ وقت ان کا پرسنل بیسٹ بھی بن گیا

لانگ جمپ ایونٹ کے فائنل آج کھیلا جائے گا، انصر اقبال نے گولڈ میڈل کے جیتنے کے عزم کا اظہار کردیا، رپورٹ

ناگویا سٹی (آئی این پی) ایشین گیمز کے لانگ جمپ ایونٹ میں پاکستان کے انصر اقبال نے فائنل میں رسائی پالی۔ انصر اقبال نے سات عشاریہ دو آٹھ میٹر جمپ کے ساتھ فائنل کے لیے کوالیفائی کیا، یہ وقت ان کا پرسنل بیسٹ بھی بن گیا۔ لانگ جمپ فائنل پیر کو ہوگا۔ دوسری جانب پاکستان والی بال ٹیم نے قازقستان کو ہرا کر فاتحانہ آغاز کیا ہے۔ پاکستانی ٹیم نے پہلے دونوں سیٹ پچیس سولہ اور پچیس بائیس سے اپنے نام کیے۔ تیسرے سیٹ میں قازقستان نے پچیس سترہ سے کامیابی کے ساتھ کم بیک کیا جبکہ چوتھے سیٹ میں پاکستان نے پچیس بیس سے کامیابی حاصل کرکے مقابلہ تین ایک سے جیت لیا۔ پاکستان ٹیم اپنا اگلا میچ پیر کو ازبکستان کے خلاف کھیلے گی۔ شوٹنگ کے پچیس میٹر ریپڈ فائر میں راجہ کیہر چوالیس شوٹرز میں سیاتالیس ویں نمبر پر رہیں۔

اسٹوکس کے پی ایس ایل کھیلنے کی راہ میں ای سی بی سے این او سی درکار ہوگا

بین اسٹوکس کو این او سی دینے میں ہچکچاہٹ کا شکار، سابق کپتان کو این او سی نہ ملنے کا امکان

لندن (این این آئی) انگلش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان بین اسٹوکس کے پاکستان سپر لیگ کھیلنے کی راہ میں ای سی بی سے این او سی درکار ہوگا۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق بین اسٹوکس پی ایس ایل کا اگلا سیزن کھیلنے کے خواہش مند ہیں، انہوں نے پی ایس ایل اور ایم ایل سی فرنچائزز سے رابطے کیے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بین اسٹوکس کو پی ایس ایل سمیت دیگر لیگز کرکٹ کھیلنے کے لیے ای سی بی سے این او سی درکار ہوگی۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق ای سی بی بین اسٹوکس کو این او سی دینے میں ہچکچاہٹ کا شکار ہے، سابق کپتان کو این او سی نہ ملنے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سینٹرل کنٹریکٹ ختم ہونے کے باوجود بین اسٹوکس کو لیگز کرکٹ کھیلنے کیلئے ای سی بی کی کلیئرنس درکار ہوگی۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق ای سی بی رولز کے تحت ڈومیسٹک کرکٹ میں رجسٹرڈ کھلاڑیوں کو لیگز کرکٹ کے لیے این او سی درکار ہوتا ہے۔ لہٰذا ڈومیسٹک کنٹریکٹ میں ہونے کی وجہ سے بین سٹوکس کو لیگز کرکٹ کے لیے این او سی نہ ملنے کا امکان ہے۔

پروفیشنل باکسر عثمان وزیر نے انٹرنیشنل ورلڈ رینکنگ فائٹ جیت لی

ڈبلیو بی اے گولڈ ٹائٹل کے لیے بھی کوالیفائی کرلیا، عثمان وزیر نے تھائی لینڈ میں انڈونیشین باکسر کو ناکوں چنے چبوا دیئے

اپنی فتح کور کمانڈر پشاور، پاک فوج اور پولیس کے شہدا کے نام کرتا ہوں، گولڈ ٹائٹل کی فائٹ کا اعلان جلد کروں گا، عثمان وزیر

اسلام آباد (آن لائن) پاکستانی پروفیشنل باکسر عثمان وزیر نے 19 ویں انٹرنیشنل ورلڈ رینکنگ فائٹ جیت لی اور ڈبلیو بی اے گولڈ ٹائٹل کے لیے بھی کوالیفائی کرلیا۔ عثمان وزیر نے تھائی لینڈ میں انڈونیشین باکسر کو شکست دے کر کامیابی حاصل کی۔ باکسر عثمان وزیر نے اپنی فتح کور کمانڈر پشاور، پاک فوج اور پولیس کے شہدا کے نام کی۔ انہوں نے کہا کہ اپنی جیت افواج پاکستان، پولیس کے جوانوں اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی میں شہید ہونے والوں کے نام کرتا ہوں۔ عثمان وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان آرمی نے ہمیشہ مجھے سپورٹ کیا ہے، ڈبلیو بی اے گولڈ ٹائٹل کی فائٹ کا اعلان بہت جلد کروں گا، پاکستان کے لیے اپنی 20 ویں فائٹ بھی جیتنے کی کوشش کروں گا۔

نصیرآباد: امن وامان، سکیورٹی اقدامات مزید مؤثر بنانے پر زور

مانیٹرنگ کمیٹی اجلاس میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، نگرانی بڑھانے کے احکامات

قومی شاہراہوں حساس مقامات پر پولیس گشت بڑھانے، اضلاع میں رابطے مضبوط بنانے کی ہدایت

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں ڈویژنل مانیٹرنگ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی کامران نواز، ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر، ایس پی ہائی ویز خاوند بخش کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر بشیر احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی، جبکہ ڈویژن کے دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور ایس ایس پیز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے اور اپنے اپنے اضلاع میں سکیورٹی کے حوالے سے کیے گئے اقدامات اور صورتحال سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں علاقائی امن وامان کی صورتحال، BISA پورٹل پر ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی کا جامع جائزہ لیا گیا۔ اور احکامات جاری کیے گئے اس کے علاوہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی، فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی نگرانی، مدارس کی رجسٹریشن اور ضروری معلومات، تجاوزات کے خلاف اقدامات اور اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے سے متعلق اقدامات کرنے پر زور دیا گیا مزید یہ کہ متعلقہ افسران عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے، فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی کڑی نگرانی یقینی بنائی جائے اور قومی شاہراہوں وحساس مقامات پر پولیس گشت میں مزید اضافہ کیا جائے، تمام اضلاع کے افسران باہمی رابطوں کو مزید مؤثر بناتے ہوئے سکیورٹی اقدامات پر خصوصی توجہ دیں اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی حکمت عملی مرتب رکھی جائے۔

سربندن گرلز انٹر کالج میں تعلیمی امور کا جائزہ، بہتری پر زور

سربندن (خ ن) ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز مکران پروفیسر برکت اسماعیل نے گورنمنٹ گرلز انٹر کالج سربندن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کالج کے تدریسی و انتظامی امور، اساتذہ و طالبات کی حاضری، تعلیمی سرگرمیوں، کلاس روم اور طالبات کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کالج کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعلیمی ماحول اور تدریسی عمل سے متعلق معلومات حاصل کیں انہوں نے کالج کے اساتذہ اور طالبات سے ملاقات کی اور ان کے مسائل، تجاویز اور تعلیمی ضروریات کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ انہوں نے اساتذہ کی تعلیمی خدمات اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی، باقاعدہ حاضری اور سازگار تعلیمی ماحول یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے تدریسی معیار میں مزید بہتری، تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ اور طالبات کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھنے پر زور دیا اس موقع پر کالج کے تدریسی و غیر تدریسی عملے نے ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کو کالج کی مجموعی کارکردگی، جاری تعلیمی سرگرمیوں اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔

صحبت پور: بازار کی بہتری، تجاوزات کے خاتمے کیلئے اقدامات تیز

ڈپٹی کمشنر نے صفائی، ٹریفک اور شہری آمدورفت کی صورتحال کا جائزہ لیا

بازار کی خوبصورتی کیلئے تاجروں اور شہریوں کی تجاویز کو منصوبہ بندی میں شامل کرنیکا فیصلہ

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے ریونیو افسران کے ہمراہ صحبت پور بازار کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے بازار میں جاری صفائی ستھرائی، ٹریفک کی روانی، ناجائز تجاوزات اور عوامی آمدورفت سے متعلق صورتحال کا جائزہ لیا اس موقع پر تاجر یونین کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ بازار میں قائم ناجائز تجاوزات کے خاتمے کے لیے قانون کے مطابق مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ شہریوں اور خریداروں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کا خاتمہ اور بازار میں نظم وضبط کو یقینی بنایا جاسکے انہوں نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI کے تحت صحبت پور بازار کی خوبصورتی، تزئین و آرائش اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے حوالے سے مختلف تجاویز کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر بازار کے داخلی و خارجی راستوں، دکانوں کے سامنے کے حصوں، صفائی ستھرائی، پیدل چلنے والوں کے لیے سہولیات اور مجموعی ماحول کو بہتر بنانے کے لیے مختلف امور پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ صحبت پور بازار شہر کا اہم تجارتی مرکز ہے اس لیے اس کی خوبصورتی اور بہتر انتظام نہ صرف شہریوں بلکہ تاجروں کے لیے بھی اہم ہے انہوں نے کہا کہ بازار کی بہتری کے لیے ترقیاتی اقدامات میں تاجروں اور شہریوں کی تجاویز کو بھی مدنظر رکھا جائے گا تاکہ منصوبہ بندی مقامی ضروریات کے مطابق کی جاسکے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے تاجروں کے نمائندوں سے بھی ملاقات کی اور بازار کی خوبصورتی تجاوزات کے خاتمے، صفائی ستھرائی اور دیگر شہری مسائل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا تاجروں نے بازار کی بہتری کے لیے انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ بازار کی خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے پیش کی جانے والی تجاویز کو عملی شکل دینے کے لیے جامع سفارشات مرتب کی جائیں اور متعلقہ حکام کو پیش کی جائیں۔

بلیدہ کے مراکز صحت میں سہولیات کی بہتری، جدید نگرانی کا نظام متعارف

تربت (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے پی پی ایچ آئی کے مینجنگ ڈائریکٹر (ایم ڈی) مرتضیٰ بلوچ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر مکران ڈویژن کے ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر محب اللہ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ایم ڈی پی پی ایچ آئی مرتضیٰ بلوچ نے اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ کو بلیدہ کے بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) کی صورتحال اور طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ بلیدہ کے تمام بنیادی مراکز صحت فعال ہیں اور طبی عملہ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہا ہے، جبکہ ملازمین کی حاضری اور ڈیوٹی کی نگرانی کے لیے مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر مبنی جدید مانیٹرنگ سسٹم بھی استعمال کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے پی پی ایچ آئی کی جانب سے بنیادی مراکز صحت کی فعالیت اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے ادارے کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر تعاون ناگزیر ہے۔

جھنڈا تالاب: صحت مرکز میں بجلی بحران کے حل کی جانب اہم پیشرفت

رورل ہیلتھ سینٹر میں جدید سولر سسٹم کی تنصیب سے طبی امور جاری رہیں گے

شہریوں کا اقدام کا خیر مقدم، ڈی ایچ او ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسہ کو خراج تحسین پیش

نانجی پور (این این آئی) عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی کے سلسلے میں رورل ہیلتھ سینٹر جھنڈا تالاب میں جدید سولر سسٹم کامیابی سے نصب کر دیا گیا ہے۔ سولر سسٹم کی تنصیب سے مرکز صحت میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات میں کمی آئے گی جبکہ مریضوں کے علاج معالجے اور دیگر طبی امور کی انجام دہی میں تسلسل برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔ اس اہم اقدام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ڈی ایچ او ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسہ کی مؤثر حکمت عملی، انتھک کوششوں اور مسلسل محنت ولگن کو اہم قرار دیا جارہا ہے۔ سولر سسٹم کی تنصیب سے رورل ہیلتھ سینٹر میں بجلی کی فراہمی بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی مزید مؤثر انداز میں جاری رہنے کی توقع ہے۔ شہریوں اور عوامی حلقوں نے رورل ہیلتھ سینٹر جھنڈا تالاب میں سولر سسٹم کی تنصیب کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے صحت کے شعبے میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا اور ڈی ایچ او ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے دیہی علاقوں کے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی۔ سولر سسٹم کی تنصیب سے رورل ہیلتھ سینٹر میں بجلی کی فراہمی بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی مزید مؤثر انداز میں جاری رہنے کی توقع ہے۔ شہریوں اور عوامی حلقوں نے رورل ہیلتھ سینٹر جھنڈا تالاب میں سولر سسٹم کی تنصیب کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے صحت کے شعبے میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا اور ڈی ایچ او ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کھوسہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے دیہی علاقوں کے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی۔

نصیرآباد: ڈی سی ورینڈر لعل منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دکی: ڈی سی محمد اکرم حریفال کول مائنز کمیٹی کے مالکان کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

علماء اسلام کے تحفظ کے لیے معاشرے میں عملی کردار ادا کریں، مولانا محمد ایوب

فرید آباد (اے این این) شعائر اسلام اور عقیدہ ختم نبوت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا علماء کرام دین اسلام کی ہر شعبے کی دفاع اور تحفظ کے لیے خانقوں اور حجروں سے نکل کر کردار ادا کریں شعائر اسلام اور ناموس رسالت کی دفاع اور تحفظ پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا محمد ایوب ایوبی، مولانا مفتی عبدالسلام، مولانا عبدالقیوم جنگ، مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا راز محمد حسنی، مولانا عبدالمنان سعادت، مولانا عبدالحق، مولانا مفتی محمد سلیمان فاروقی اور مولانا عبدالغفار نے جامعہ دارالعلوم اسلامیہ مسلم ٹاؤن کلی چلتن ریسانی بزار گئی میں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ تنظیم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی بزار گئی کے زیر اہتمام منعقدہ عظیم الشان تربیتی کنونشن و جنرل کونسل سے خطاب کیا

بیلا: دورافتادہ علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی کا منصوبہ جاری

مختلف گوٹھوں میں شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر بورز کی تنصیب جاری ہے

بیلا (یو این اے) سینیٹر اسد قاسم رونجھو کے نیک اقدامات بیلا کے مختلف علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں پر عمل درمد شمسی توانائی کے واٹر بورز کی تنصیب کا کام جاری عوامی حلقوں کی جانب سے اظہار تشکر تفصیلات کے مطابق لسبیلا سے منتخب سینیٹر اسد قاسم رونجھو کی کاوشوں اور جاری فنڈز سے لسبیلا کی تحصیل بیلا میں گوٹھ حیات بزایاخ گوٹھ حوالدار صالح محمد سمیت دیگر متعدد علاقوں میں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے شمسی توانائی کے منصوبوں پر تیزی سے عمل درمد جاری ہے منصوبوں پر عمل درمد اور دور افتادہ علاقوں کے مکینوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی پر حیات رونجھو حوالدار صالح محمد اور دیگر مکینوں نے اظہار تشکر کرتے ہوئے اقدامات کو نیک اور قابل ستائش قرار دیا ہے عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ سینیٹر اسد قاسم رونجھو نے بیلا میں شمسی توانائی کے ذریعے عوام کو پینے کے صاف پانی کی سہولت مہیا کرکے عوام کی دشواریوں و مشکلات کا ازالہ کیا ہے جس پر عوامی حلقے سینیٹر اسد قاسم رونجھو کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں

نصیرآباد: ڈی سی کا سرکاری واجبات کی بروقت وصولی یقینی بنانے کی ہدایت

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورینڈر لعل کی زیر صدارت عشر آبیانہ اور زرعی انکم ٹیکس سمیت سرکاری واجبات کی وصولی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں متعلقہ ریونیو افسران اور دیگر ذمہ دار افسران نے شرکت کی اس موقع پر افسران نے ضلع بھر میں عشر آبیانہ زرعی انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری واجبات کی وصولی کی موجودہ صورتحال مقررہ اہداف اب تک کی پیش رفت اور درپیش مسائل کے بارے میں ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی اجلاس کے دوران مختلف علاقوں میں سرکاری واجبات کی وصولی میں حائل رکاوٹوں بقایاجات کی تفصیلات اور وصولی کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورینڈر لعل نے کہا کہ عشر، آبیانہ، زرعی انکم ٹیکس اور دیگر تمام سرکاری واجبات کی بروقت اور مقررہ اہداف کے مطابق وصولی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

بھاگ: بختیارآباد شاہراہ چار برس بعد بھی تکمیل کی منتظر

ٹینڈر کے باوجود تعمیراتی کام سست، خستہ سڑک پر شہری سفر کی اذیت جھیلتے ہیں

بارش میں شاہراہ بند ہونے سے علاقہ ملک کے دیگر حصوں سے کٹ جاتا ہے

بھاگ (یو این اے) سیلاب سے تباہ بھاگ تو بختیارآباد 20 کلومیٹر روڈ ٹینڈر ہونے کے باوجود سست روی کا شکار عوام میں تشویش چار برس گزرنے کے باوجود یہ شاہراہ تشنہ تکمیل آج تک اس اہم منصوبے پر تاخیری حربے سمجھ سے بالاتر ہے انتظامی غفلت حکومت بے حسی نے ہزاروں شہریوں کو کیمپری اذیت اور محرومی کی زندگی گزارنے پر مجبور کردیا ہے یہ شاہراہ صرف ایک سڑک نہیں بلکہ بھاگ ناڑی کے عوام کی زندگی کی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہے مگر بدقسمتی سے یہ شہ رگ گزشتہ چار برس سے حکومت وعدوں واعلانات تک محدود ہوچکی ہے روزانہ سینکڑوں گاڑیاں گرد و غبار دھول مٹی گہرے کھڈوں سے گزرنے پر مجبور ہیں جہاں پر سفر ایک آزمائش اور ہر لمحہ کسی ممکنہ حادثے کا خدشہ لیے ہوتا ہے سڑک کی خستہ حالی ڈاکوؤں کے لیے بہترین آماجگاہ بن چکی ہے بیمار مریض بروقت ہسپتالوں پر نہ پہنچنے کے باعث زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا بزرگ افراد سفری اذیت برداشت کرنے پر مجبور ہیں طلبا اپنی تعلیم کے حصول میں مشکلات سے دوچار ہیں جبکہ تاجروں اور ٹریڈ سے وابستہ افراد کو بھاری نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے بارش کے موسم میں صورتحال مزید سنگین ہوجاتی ہے اور یہ شاہراہ مکمل بند ہوجاتی ہے جس سے پورا علاقہ عملا ملک کے دیگر حصوں سے کٹ جاتا ہے ترقی خوشحالی اور انفراسٹرکچر کے دعووں کے باوجود بھاگ ناڑی کے عوام آج بھی اہم شاہراہ کے منتظر ہیں۔

تیم مچھلی کے غیر قانونی شکار پر کارروائی کا فیصلہ، ماہیگیروں کو یقین دہانی

گوادر (آئی این پی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل گوادر ڈاکٹر عبدالشکور سے رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے معاون وسیم صمد نے ماہیگیروں کے وفد کے ہمراہ ملاقات کی، جس میں تیم مچھلی کے شکار پر عائد پابندی اور اس پر مؤثر عملدرآمد سے متعلق ماہیگیروں کے تحفظات سے آگاہ کیا گیا ماہیگیروں کے وفد نے موقف اختیار کیا کہ پابندی کے باوجود بعض افراد کی جانب سے مبینہ طور پر تیم مچھلی کا غیر قانونی شکار جاری ہے، جبکہ بعض مچھلی کے بیوپاریوں کی جانب سے اس عمل کی مبینہ سرپرستی کے خدشات بھی موجود ہیں۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے فشریز کے ڈپٹی ڈائریکٹر احمد ندیم اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر شاہد کو طلب کیا اور تیم مچھلی کے شکار پر عائد پابندی اور اس پر عملدرآمد سے متعلق تفصیلی بریفنگ لی

سوراب: ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم ایس/ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر یوسف عثانی، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس فضل محمد قمرانی، محکمہ خزانہ کے نمائندے، پی پی ایچ آئی کے نمائندے سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی حاضری، سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مختلف مراکز صحت کی کارکردگی اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کی تعیناتی، تنخواہوں کی ادائیگی، ڈائیلاسز یونٹ (OT) اور طبی مشینری کی دستیابی و فعالیت سمیت دیگر اہم امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

استاد علم، کردار اور اخلاق سے طلبہ کی تربیت کرتا ہے، رئیس اللہ ڈنہ

تنظیم اساتذہ پاکستان قرآن و سنت کی روشنی میں نسل سازی کیلئے کوشاں ہے

فرید آباد (آن لائن) تنظیم اساتذہ پاکستان کے مرکزی نائب صدر رئیس اللہ ڈنہ منگریو نے اساتذہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بہترین استاد بااخلاص ہوتا ہے، وہ علم کو عبادت سمجھ کر پڑھاتا ہے اور اس کا اپنا کردار طلبہ کے لیے عملی نمونہ ہوتا ہے۔ وہ قرآن وسنت کی روشنی میں طلبہ کی زندگی کی تعمیر کرتا ہے، صرف نصابی کتاب نہیں بلکہ سیرت و اخلاق بھی سکھاتا ہے۔ وہ طلبہ پر شفقت کرنے والا ہوتا ہے، غلطی پر ڈانٹنے کے بجائے محبت سے اصلاح کرتا ہے۔ اس کا علم وسیع، تازہ اور تحقیقی ہوتا ہے، وہ ہر سوال کا جواب حکمت اور دلیل سے دیتا ہے۔ اس کا مقصد صرف تنخواہ نہیں بلکہ رضائے الٰہی اور ملک کے لیے ایک صالح تعلیم یافتہ نسل تیار کرنا ہوتا ہے۔ رئیس صاحب نے کہا کہ تنظیم اساتذہ پاکستان اسی مشن پر کام کررہی ہے کہ "قرآن وسنت کی روشنی میں انسانی زندگی کی تعمیر کے ذریعے رضائے الٰہی کا حصول" ممکن بنایا جائے۔ مزید انہوں نے کہا کہ ہم خوش نصیب وخوش نہاد ہیں کہ ہمارے وطن عزیز میں وفادار اساتذہ کرام موجود ہیں جو کہ آج بھی تعلیمی میدان میں سرخرو ہوکر زندگی گزارنے کا طریقہ طلبہ وطالبات کو پڑھا کر جنت کے راستے بتلاتے ہیں

گوادر: انتظامیہ نے کارکردگی مزید مؤثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کیے

ڈپٹی کمشنر نے بنیادی سہولیات، پرائس کنٹرول اور تجاوزات پر سخت نگرانی کی ہدایت

تمام سب ڈویژنز کی کارکردگی پر مبنی اسسمنٹ رپورٹ اعلیٰ حکام کو پیش کرنے کا فیصلہ

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی، گورننس اور عوامی ریلیف سے متعلق اقدامات کا جامع جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تمام سب ڈویژنز میں صحت، تعلیم، پرائس کنٹرول، تجاوزات کے خاتمے اور غیر قانونی سرگرمیوں کے انسداد سمیت اہم شعبوں میں جاری اقدامات اور کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اجلاس تمام ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز اور نے ڈپٹی کمشنر کو اپنے علاقوں میں اب تک کی کارکردگی اور درپیش دقت پر انہیں آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد کو اولین ترجیح دیتے ہوئے بنیادی سہولیات کی فراہمی، سرکاری اداروں کی نگرانی، سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد اور تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی یقینی بنائی جائے انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ متعلقہ انڈیکیٹرز پر مؤثر عملدرآمد، فیلڈ مانیٹرنگ اور شفاف رپورٹنگ کو یقینی بنایا جائے، جبکہ تمام سب ڈویژنز کی کارکردگی پر مبنی اسسمنٹ رپورٹ مرتب کرکے پیش کیا جائے تاکہ رپورٹ جلد از جلد اعلیٰ حکام کو پیش کیا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ قانون کی حکمرانی، شفاف انتظامی نظام اور عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی بنیادی ترجیحات ہیں۔

برشور: سکیورٹی سخت، ممنوعہ فصلوں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

افیون، بھنگ غیر قانونی کاشت پر مقدمات اور فصلیں تلف کرنے کا حکم

حساس مقامات اور داخلی خارجی راستوں پر سکیورٹی بڑھانے کی ہدایات جاری

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاک فوج، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے آفیسران سمیت حساس اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی، اجلاس کے دوران ضلع میں امن وامان کی موجودہ صورتحال، سرحدی امور اور سکیورٹی فورسز کے درمیان انٹیلیجنس معلومات کے تبادلے کو مزید مؤثر بنانے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، ڈپٹی کمشنر نے حساس مقامات اور داخلی وخارجی راستوں پر سکیورٹی سخت کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور امن کی بحالی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، اجلاس میں ضلع کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے افیون اور بھنگ کی غیر قانونی کاشت کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ بھی کیا گیا، ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے احکامات جاری کیے کہ ممنوعہ فصلیں اگانے والے کاشتکاروں کے خلاف فوری مقدمات درج کرکے قانونی کارروائی کی جائے اور علاقے میں موجود تمام غیر قانونی فصلوں کو فی الفور تلف کیا جائے، انہوں نے تاکید کی کہ کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا بلکہ سماج دشمن اور امن وامان میں خلل پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی جانب سے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔

موسیٰ خیل: ڈی سی کا صحت مراکز کی ادویات اور سہولیات کا جائزہ

عبدالرزاق خجک نے پی پی ایچ آئی میڈیسن اسٹور میں ادویات کا ریکارڈ چیک کیا

ٹیلی ہیلتھ سینٹر کے معائنے میں مریضوں کو فراہم سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک نے آج پی پی ایچ آئی کے مین میڈیسن سٹور کا تفصیلی دورہ اور معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی امان شاہ اور ایم اینڈ ای آفیسر عمران بزدار نے ڈپٹی کمشنر کو سٹور کے امور اور کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سٹور میں موجود ادویات کے سٹاک، ان کی معیاد اور دیگر ترسیلی ریکارڈز کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ انہوں نے پی پی ایچ آئی کی مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے علاوہ ازیں، ڈپٹی کمشنر نے پی پی ایچ آئی کے زیر انتظام ٹیلی ہیلتھ سینٹر کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے سینٹر میں روزانہ کی بنیاد پر آنے والے مریضوں صفائی ستھرائی کے انتظامات اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے فراہم کردہ سہولیات اور انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت عوام کو بنیادی صحت کی معیاری سہولیات کی دہلیز تک فراہمی کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 1 سہیل آفریدی

بعد ٹریفک بحال ہوگئی۔ پشاور اسلام آباد موٹروے ایم ون سے رکاوٹیں ہٹانے کا سلسلہ جاری ہے۔ پی ٹی آئی کا لانگ مارچ روکنے کے لیے موٹروے پر ریت کی بوریاں، لوہے کی شیٹیں اور کنٹینرز رکھے گئے تھے۔ ٹیکسلا میں پنجاب کے داخلی راستوں پر بھی ٹریفک کی آمدورفت معمول پر آگئی، میانوالی میں بھی پیک روڈ بند ہے۔ 27 ستمبر کا لانگ مارچ موخر کیے جانے کے بعد بھی اسلام آباد میں ریڈ زون کے اطراف کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ ہوگیا۔

بقیہ 2 دہشتگرد ہلاک

زیارت، نوشکی، مند سمیت دیگر علاقوں میں آپریشن کے دوران 71 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، ایمونیشن، گولہ بارود برآمد کر کے ان کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق انٹیلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے بلوچستان کے علاقے شعبان میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے ٹھکانوں کی نشاندہی پر انٹیلی جنس اطلاعات پر سیکیورٹی فورسز نے 21 ستمبر کو زیارت اور گرد و نواح میں کارروائی کی، سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں سے مقابلہ کرتے ہوئے متعدد ٹھکانے کلیئر کیے، اور فائرنگ کے تبادلے میں 33 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، یہ خوارج مقامی آبادی کے لیے خطرہ بن رہے تھے۔ اس کے علاوہ فورسز نے 25 ستمبر کو نوشکی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 11 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا اس کے علاوہ مند میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گردوں ہلاک کر کے کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کر لیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران 71 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کیا جا چکا ہے۔ جس سے بھارتی پشت پناہی میں سرگرم افغان پراکسیز کو شدید دھچکا پہنچا ہے، دہشت گردی میں افغان طالبان رجیم کا ملوث ہونا امن کے لیے خطرے کا باعث ہے، اسے بھارت کی جانب سے پشت پناہی اور مکمل معاونت حاصل ہے۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ عزم استحکام وژن کے تحت انسداد دہشت گردی مہم جاری رہے گی، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 3 وزیراعلیٰ

کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپریشن شعبان کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں کلیئر کیا، جبکہ کارروائی کے دوران اب تک 33 دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے ہیں۔ گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران مزید 23 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران 11 دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ مند میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران آپریشن شعبان اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گردوں کا خاتمہ کیا جا چکا ہے، جو دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنا کر مقامی آبادی کو درپیش خطرات میں نمایاں کمی کی ہے۔ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پیدا نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قومی ایکشن پلان کے تحت "عزم استحکام" کے وژن کے مطابق دہشت گردی کے خلاف قومی عزم غیر متزلزل ہے۔ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں اور کاوشوں سے بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کی کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 4 وزیراعظم

ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا منہ بولتا ثبوت ہے، سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو کلیئر کر کے مقامی آبادی کو دہشتگردی کے خطرے سے نجات دلائی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، پاکستان کی سرزمین سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہمارا عزم ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 5 میزائل فائر

نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اینٹی شپ کروز میزائل نے مقررہ ہدف کو انتہائی درستگی سے نشانہ بنایا، کامیاب فائرنگ سے ہنگور کے ویپن سسٹم اور جنگی تیاری کی توثیق ہوئی، ہنگور کی کامیاب فائرنگ پاک بحریہ کی زیر آب جنگی صلاحیتوں میں اہم سنگ میل ہے۔ نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے پی این ایس ہنگور کی جنگی صلاحیت اور عملے کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ اس موقع پر نیول چیف نے کہا کہ زیر آب جنگی صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ آپریشنل تیاری اور قابل اعتماد دفاعی صلاحیت کے لیے ناگزیر ہے، پاک بحریہ پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 6 ڈی مارش

میں دہشت گردی کے واقعات اور سرحدی خلاف ورزیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان نے افغان حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے اور دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر نے بھی پاکستان کی جانب سے افغان حکام کے سامنے دہشت گردی اور سرحدی صورتحال پر شدید احتجاج ریکارڈ کرائے جانے کی تصدیق کی ہے۔ حالیہ ڈی مارش کے ذریعے دہشت گرد حملوں اور سرحدی واقعات پر پاکستان کے تحفظات افغان حکام تک پہنچائے گئے ہیں، جبکہ افغانستان سے پاکستان کے خلاف کارروائیوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 7 مسترد کر دیا

کسی بھی اندرونی جھڑپ سے کوئی تعلق نہیں، پاکستانی سیکیورٹی فورسز اور انٹیلی جنس اداروں کے ملوث ہونے کے دعوے من گھڑت ہیں، سابق افغان اہلکاروں کی بھرتی یا تربیت اور داعش سمیت کسی دہشت گرد گروہ کی سہولت کاری کے الزامات کو مسترد کرتے ہیں۔ وزارت اطلاعات نے کہا ہے کہ پاکستان کے ملوث ہونے کا کوئی قابل تصدیق ثبوت پیش نہیں کیا گیا، الزامات کے حق میں شناخت، دستاویزات، مواصلاتی ریکارڈ یا فرانزک شواہد فراہم نہیں کیے گئے، سوشل میڈیا پر زیر گردش مبینہ ویڈیو پاکستان سے کسی تعلق کو ثابت نہیں کرتی، اقوام متحدہ کی مسلسل رپورٹس افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی اور سرگرمیوں کی نشاندہی کرتی ہیں۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے کہا ہے کہ افغان سرزمین پر سرگرم دہشت گرد گروہ پاکستان اور علاقائی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں، دہشت گردوں کو پناہ دینے والی طالبان حکومت کا پاکستان پر دہشت گردی کی حمایت کا الزام باعث تعجب ہے، طالبان حکومت داخلی سلامتی کے مسائل کی ذمہ داری پاکستان پر ڈالنے کے بجائے دہشت گرد تنظیموں کے خلاف قابل تصدیق کارروائی کرے۔

بقیہ 8 فلسطینی مشن

فلسطینی مشن کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے جنرل اسمبلی سے خطاب میں فلسطین کا خصوصی ذکر کیا، وزیراعظم شہباز شریف نے فلسطینی خواتین، بچوں اور بزرگوں پر ہونے والے مظالم کو عالمی ضمیر کے سامنے اجاگر کیا۔ وزیراعظم نے عالمی برادری کے سامنے غزہ کے بچوں کے حق زندگی، بہتر مستقبل اور خوابوں کی تکمیل کا سوال اٹھایا۔

بقیہ 9 سہیل آفریدی

پر تھیں تو سائیکل اور سائیکل بھی نہ ہو تو پیدل جائیں گے۔ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ جو شخص عہدے یا کرسی کے پیچھے بھاگتا ہے وہ چھوٹا ہوتا ہے، بانی پی ٹی آئی کے کیس کی ماہ سے سماعت نہیں سنتے جا رہے، جنید اکبر نے سومنات کا ذکر کیا تھا جس پر کچھ لوگ خفا ہوئے، جنید اکبر نے وضاحت بھی کی، کچھ لوگ اب بھی خفا ہیں، معیشت تباہ ہو رہی ہے، مزدور کو مزدوری نہیں مل رہی ہے۔

بقیہ 10 ایرانی آرمی چیف

سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران جنگ میں کامیاب رہا ہے، تاہم اس کامیابی کو مستحکم کرنا ضروری ہے۔ ان کے بقول مخالف فریق کو شدید نقصان پہنچا ہے، لیکن ایرانی فوج کو آئندہ کسی بھی ممکنہ حملے کا جواب دینے کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ ایرانی آرمی چیف نے مزید کہا کہ ایران ایک ایسا ملک ہے جو امریکا اور اسرائیل کے خلاف کھڑا ہے اور اس کے مطابق ایرانی عوام نے اپنی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کا مظاہرہ کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کسی بھی بیرونی دباؤ یا خطے میں طاقت کے استعمال کو قبول نہیں کرے گا۔ امیر حاتمی کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی، آبنائے ہرمز اور سفارتی رابطوں کے حوالے سے صورتحال غیر یقینی ہے۔ حال ہی میں ایرانی حکام نے کہا تھا کہ مسقط اور دیگر ثالثوں کے ذریعے امریکا کو ہرمز دوبارہ کھولنے اور جنگ کے خاتمے سے متعلق تجاویز پہنچائی گئی ہیں، جبکہ واشنگٹن کے جواب پر تہران کی نظریں ہیں۔

بقیہ 11 بجلی

میٹرنگ میں مجوزہ ترامیم کے مطابق ایسی عمارتیں جنہیں 500 کے وی اے سے زیادہ گنجائش والے مخصوص ٹرانسفارمر کی ضرورت ہوگی، ان کے مالکان گرڈ شیئرنگ چارجز ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ مجوزہ ترامیم کے تحت صنعتی صارفین کو مجموعی طور پر 15 میگاواٹ تک بجلی کے متعدد کنکشن حاصل کرنے کی اجازت دینے کی بھی تجویز ہے، جبکہ صنعتی اور اسٹیل فرنس صارفین کیلئے چارجز پر بھی نظرثانی کی جائے گی۔

بقیہ 12 سکول عمارت

علاقے کنڈ عمرانی میں گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کو دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا جس سے متعدد کلاس رومز کے کمرے زمین بوس ہو گئے اور عمارت کو شدید نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 13 مہنگائی کا طوفان

داموں سبزیاں خریدنے پر مجبور ہیں، پیاز 150 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے، ٹماٹر کا سرکاری ریٹ 150 روپے، شملہ مرچ 280، کریلا 220 اور گوبھی 180 روپے فی کلو میں فروخت کی جا رہی ہے۔ گوشت کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا، سرکاری نرخ نظر انداز کرتے ہوئے بیف 1150 کے بجائے 1500 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے، مٹن کی سرکاری قیمت 2100 روپے کے مقابلے میں 3000 روپے فی کلو تک پہنچ گئی۔

بقیہ 14 بیرسٹر گوہر

نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں کوششیں کی جا رہی ہیں کہ معاملات کو مزید خراب ہونے سے بچایا جائے اور ملک میں حالات معمول پر رہیں۔

بقیہ 15 رانا ثنا اللہ

فیصلہ نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وفاقی حکومت آئینی طور پر کسی بھی صوبے میں جن وجوہات کی بنیاد پر گورنر راج لگا سکتی ہے، خیبر پختونخوا حکومت ان تمام شرائط پر پورا اترتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے، تاہم اس پر ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا لیکن یہ فیصلہ ہو بھی سکتا ہے کیونکہ خیبر پختونخوا حکومت آئین اور قانون کے مطابق نہیں چلائی جا رہی۔

بقیہ 16 گورنر کے پی

سے باقاعدہ چینل سے استعفیٰ آیا تو منظور کروں گا۔ گورنر خیبر پختونخوا کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق گورنر فیصل کریم کنڈی نے وفاقی حکومت سے رابطہ کیا ہے اور وزیراعظم کو پشاور میں وفاقی کابینہ کے اجلاس بلانے کے لیے بات کی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گورنر ہاؤس میں امن و امان پر وفاقی کابینہ کا اجلاس بلایا جائے، وزیر سے ملاقات کی ہے اپیکس کمیٹی کا اجلاس پشاور میں بلانے کی درخواست بھی کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی جا رہے ہیں اور علی امین گنڈاپور آ رہے ہیں کچھ پتا نہیں ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ تحریک انصاف اس وقت لانگ کیا شارٹ مارچ کے بھی قابل نہیں ہے۔

بقیہ 17 گورنر

اقدامات میں تبدیل کرنا ہی اس ورکشاپ کی حقیقی کامیابی ہوگی۔ میں 12 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے منتظمین اور تمام معزز شرکاء کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ اس ورکشاپ کے فکری مباحث اور کورس بلوچستان اور پاکستان کی پائیدار ترقی کیلئے عملی رہنمائی فراہم کرینگی۔ اس موقع پر بریگیڈیئر خاقان سرور بھی موجود تھے۔ نیشنل ورکشاپ کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج جب آپ اس ورکشاپ سے واپس جائیں گے تو آپ کی ذمہ داریاں ختم نہیں بلکہ مزید بڑھ چکی ہیں۔ آپ سے توقع ہے کہ یہاں حاصل ہونے والے علم، تجربے اور بصیرت کو اپنے اپنے ادارے، شعبے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کیلئے استعمال کرینگے۔ ہمیں بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار اور ہنرمندی کے مواقع پیدا کرتے، معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے، سماجی انصاف کو مضبوط بنانے اور معاشی عدم استحکام جیسے مسائل سے نمٹنے کیلئے مشترکہ اور دیرپا حکمت عملی اپنانا ہوگی۔

بقیہ 18 کنٹینرز

گئے کنٹینرز سائیڈ پر رکھ دیے گئے ہیں جس کے بعد ٹریفک کی آمدورفت معمول پر آگئی۔ علاوہ ازیں اٹک پل پر رکاوٹیں ہٹادی گئیں۔

بقیہ 19 وزیراعلیٰ

کامیاب ہتھیاروں کی فائرنگ ملک کی دفاعی صلاحیت اور پیشہ ورانہ تیاری کی عکاس ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور پی این ایس/ایم ہنگور کی شمولیت اور آپریشنلائزیشن کے عمل سے وابستہ تمام افسران، اہلکاروں اور عملے کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو بھی سراہا۔ انہوں نے پاکستان بحریہ کے افسران اور جوانوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دفاع وطن کے لیے ان کی خدمات پر فخر ہے۔

بقیہ 20 نماز جنازہ

کی نماز جنازہ اعجاز شہید پولیس لائنز میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں کمشنر ڈیرہ ڈویژن داور خان، اسٹیشن کمانڈر بریگیڈیئر سلمان عادل شاہ، آر پی او غلام مبشر میکن، ڈی پی او ضیاء الدین احمد سمیت اعلیٰ حکام، پولیس، سیکیورٹی فورسز، کسٹمز اور ریسکیو 1122 کے افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے دستے نے شہدا کو سلامی پیش کی جبکہ افسران و اہلکاروں نے پھول چڑھائے اور شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 21 موسم

کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ راولپنڈی، مری، گوجرانوالہ، لاہور اور قصور میں بھی چند مقامات پر تیز ہواؤں، گرج چمک اور بارش متوقع ہے، جبکہ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور حبس برقرار رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بالائی خیبر پختونخوا، کشمیر اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں بھی کہیں کہیں بارش اور گرج چمک ہوسکتی ہے، جبکہ خیبر پختونخوا کے دیگر بعض علاقوں میں بھی بارش کا امکان ہے۔ گلگت بلتستان میں بھی چند مقامات پر ہلکی بارش متوقع ہے۔

بقیہ 22 شاہد رند

اور حقائق کی درست عکاسی صحافت کے بنیادی اصول ہیں، جبکہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں ان اصولوں کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا نے معلومات کی ترسیل کو غیر معمولی تیزی دی ہے، تاہم اسی رفتار کے باعث غیر مصدقہ اطلاعات، افواہوں اور گمراہ کن مواد کے پھیلاؤ کے امکانات بھی بڑھ گئے ہیں۔ ایسے ماحول میں ذمہ دار صحافت کا کردار مزید اہم ہو جاتا ہے، کیونکہ عوام تک درست اور قابل اعتماد معلومات پہنچانا میڈیا کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ کسی بھی اطلاع کو خبر بنانے سے قبل اس کے ذرائع، حقائق اور پس منظر کی مکمل تصدیق ضروری ہے۔

بقیہ 23 عسکر خان

فراہمی عوام کے اعتماد کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، جبکہ موجودہ دور میں حقائق کی تصدیق اور ذمہ دارانہ صحافت کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا نے اطلاعات کی ترسیل کو انتہائی تیز اور آسان بنا دیا ہے، تاہم اسی تیزی کے باعث غیر مصدقہ معلومات، افواہوں اور گمراہ کن مواد کے پھیلاؤ کے امکانات بھی بڑھ گئے ہیں۔ ایسے ماحول میں کسی بھی اطلاع کو آگے بڑھانے سے قبل اس کے ماخذ اور صداقت کی جانچ ضروری ہے۔ عسکر خان نے کہا کہ حساس، اہم اور عوامی نوعیت کی اطلاعات کے حوالے سے مجاز سرکاری اداروں اور متعلقہ سرکاری ذرائع سے تصدیق کو بنیادی اہمیت دی جانی چاہیے۔ سرکاری اداروں کی جانب سے جاری کردہ باضابطہ معلومات عوام تک درست حقائق پہنچانے کا اہم ذریعہ ہیں، تاہم خبر کی جامع تصویر کے لیے صحافتی تحقیق اور دیگر قابل اعتماد ذرائع سے بھی تصدیق ضروری ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان درست، مستند اور بروقت معلومات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے اور عوام تک حقائق پر مبنی اطلاعات پہنچانے کو اہمیت دیتی ہے۔ محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان سرکاری اداروں اور میڈیا کے درمیان مؤثر رابطے کے ذریعے باضابطہ معلومات کی بروقت ترسیل اور میڈیا کو مستند معلومات کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے

بقیہ 24 زیر زمین

زیر زمین پانی سے محروم ہو چکا، جبکہ 36.17 فیصد زمین بھی جلد بے آب ہو جائے گی۔ صوبے میں 5 فٹ تک زیر زمین پانی میں 3.2 فیصد جبکہ 5 سے 10 فٹ تک تقریباً 11 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ خیبر پختونخوا میں 32.96 فیصد زمین کے نیچے پانی کی بوند تک نہیں۔ صوبے کے 42 فیصد حصے میں زیر زمین پانی بھی جلد ختم ہونے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 25 ٹرمپ

اس کے نتیجے میں تیل کی قیمتوں میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے امریکی نشریاتی ادارے کو دیے گئے ایک ٹیلی فونک انٹرویو میں کہا ہے کہ وہ توقع رکھتے ہیں کہ امریکی مذاکرات کار اس ہفتے ایران کے ساتھ مزید بات چیت کریں گے۔

بقیہ 26 سی ٹی ڈی

بارود سے بھری گاڑی اور رکشہ استعمال کر کے پہنچے، خودکش بمبار رکشے جبکہ 2 دہشت گرد موٹر سائیکل پر پولیس لائنز تک پہنچے۔ حکام کے مطابق دہشت گرد حملے کیلئے آئی ای ڈیز، دستی بم اور بھاری اسلحہ ساتھ لائے تھے، جبکہ واردات سے قبل پولیس لائنز کی کئی بار ریکی بھی کی گئی۔ تفتیشی حکام کے مطابق واردات میں ملوث سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں، سہولت کاروں میں مکان دینے والے اور پولیس لائنز تک رسائی ممکن بنانے والے افراد شامل ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق کچھ اہم شواہد فارنزک کے لیے بھجوائے گئے ہیں۔

بقیہ 27 طارق فضل

پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ ایکس پر اپنے بیان میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران 71 سے زائد دہشت گردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کا ثبوت ہے، جبکہ دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو کلیئر کر کے مقامی آبادی کو محفوظ بنانا قابل تحسین اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ قومی عزم ہے۔

بقیہ 28 بابر سلیم

کوئی نئی ایجاد نہیں ہے۔ اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیر داخلہ اگر منتخب عوامی نمائندہ اور پارلیمانی نظام کا حصہ رہے ہوتے تو یہ جانتے کہ ارکان اسمبلی کو حاصل پارلیمانی استحقاق نئی ایجاد نہیں بلکہ طویل عرصے سے پارلیمانی روایات اور قومی و صوبائی قوانین کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوجداری الزام میں رکن صوبائی اسمبلی کی گرفتاری سے قبل اسپیکر کی پیشگی اجازت بھی خیبر پختونخوا کی نئی ایجاد نہیں، یہ تحفظات مقننہ کی آزادی برقرار رکھنے اور پولیس کے ذریعے منتخب نمائندوں کو دباؤ میں لانے سے روکنے کے لیے ہیں۔

بقیہ 29 میڈیکل معائنہ

کرلی، گاڑی کو تھانہ ڈیفنس سی منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق آذربائیجان کی رہائشی خاتون ڈیانا کا میڈیکل کروا لیا گیا ہے، میڈیکل رپورٹ میں مزید حقائق سامنے آئیں گے۔ گاڑی کی مدد سے مرکزی ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ پولیس کے مطابق زیادتی کرنے والے دو ملزمان کی شناخت کر لی گئی ہے جبکہ تیسرے ملزم کی شناخت نہیں ہو سکی۔ ایس پی کینٹ عاصم افتخار کی سربراہی میں بنائی گئی ٹیم ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مار رہی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے میں ملوث تین سہولت کاروں کو گرفتار کر لیا گیا ہے

بقیہ 30 گولڈ میڈل

ہوئے گولڈ میڈل حاصل کر لیا۔ تاجکستان میں [illegible] بلوچستان سے تعلق رکھنے والے بلال احمد نے اوور آل ایتھلیٹ فزیک کے ساتھ ساتھ 180 سینٹی میٹر کیٹیگری میں بھی گولڈ میڈل جیت کر ملک کا نام روشن کیا۔ 58 ویں ایشین باڈی بلڈنگ اینڈ فزیک اسپورٹس چیمپئن شپ میں بلال احمد نے پہلے اپنی 180 سینٹی میٹر ایتھلیٹ فزیک کیٹیگری میں کامیابی حاصل کی، جس کے بعد مجموعی ایتھلیٹ فزیک مقابلوں میں بھی گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔

بقیہ 31 محسن نقوی

فراڈ میں ملوث منظم گروہوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے۔ جعلی اکاؤنٹس، ڈیجیٹل بلیک میلنگ اور آن لائن ہراسانی میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ آن لائن ہراسانی اور فراڈ سے متعلق عوامی شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر فوری ازالہ کیا جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ مالیاتی فراڈ کی شکایت موصول ہونے پر فوری رسپانس یقینی بنایا جائے تاکہ متاثرہ شہریوں کی رقوم کو بروقت محفوظ بنانے کے لیے ممکنہ اقدامات کیے جا سکیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زیرالتوا سائبر کرائم کیسز کا جائزہ لینے اور ان کی تحقیقات کو تیزی سے منطقی انجام تک پہنچانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں کو آن لائن ہراسانی، بلیک میلنگ اور دیگر سائبر جرائم سے تحفظ فراہم کرنا خصوصی ترجیح ہے۔

بقیہ 32 ڈی آئی جی

کو تربیت دے کر لاہور بھیجنے کا مطالبہ کر رہی ہیں جبکہ ایک شخص کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور آڈیو ان کے ذریعے سامنے آئی ہے۔ لاہور کے ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ سوشل میڈیا پر بہت سے بیانات سامنے آ رہے ہیں کہ 27 ستمبر یا 25 اکتوبر کا احتجاج پرامن ہوگا، ایک آڈیو سامنے آئی جس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) رہنما فاطمہ حیدر 20،30 غنڈوں کا مطالبہ کر رہی ہیں

بقیہ 33 مذاکرات آج

وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق دونوں فریقوں کے درمیان بات چیت کا ابتدائی سلسلہ 23 ستمبر سے کراچی میں جاری ہے جو 7 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ مذاکرات دو مراحل میں ہوں گے، پہلے مرحلے میں تکنیکی سطح پر معاشی اعداد و شمار اور مطلوبہ معلومات آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کی جائیں گی، جبکہ دوسرے مرحلے میں پالیسی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

بقیہ 34 نعیم الرحمٰن

آئی پی پیز کے معاہدوں اور مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کی احتجاجی تحریک جاری ہے، ہم نے احتجاجی تحریک ختم نہیں بلکہ موخر کی ہے، حکومت نے عوام کے مطالبات تسلیم نہ کیے تو ملتان سے ہی پر لانگ مارچ شروع کیا جائے گا۔ کراچی سمیت پورے پاکستان میں احتجاجی کیمپ قائم کیے گئے ہیں اور کروڑوں محضرناموں پر عوام کی رائے کے ساتھ اسلام آباد کی جانب مارچ کیا جائے گا۔ جماعت اسلامی کا کوئی ذاتی ایجنڈا نہیں، ہماری جدوجہد صرف عوام کے حقوق کے لیے ہے۔ ملک کو مختلف شعبوں میں موجود مافیاز سے نجات دلانے کے لیے عوام کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ جماعت اسلامی کے کارکنان محضرنامہ لے کر گلی گلی اور بازاروں میں جائیں، عوام کو موجودہ مسائل سے آگاہ کریں اور ان سے مطالبات کے حق میں محضرنامہ پر کروائیں۔ جب عوام اپنے حقوق کے لیے متحد ہوں گے تو حکمرانوں کو عوامی مطالبات تسلیم کرنا پڑیں گے۔

بقیہ 35 وزیر ریلوے

کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتی ہے، جنہوں نے ایک مرتبہ پھر پیشہ ورانہ صلاحیت اور غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کیا۔ اپنے بیان میں محمد حنیف عباسی نے کہا کہ ملک کے دفاع، امن اور سلامتی کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے

بقیہ 36 ٹیکس چوری

گا، انکم ٹیکس ریٹرن میں غلط معلومات دینے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی، ٹیکس چوری پکڑنے کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے مدد لینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ترجمان ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے والے زد میں آئیں گے، ٹیکس دہندگان کو مالی لین دین کا ریکارڈ احتیاط سے مرتب کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ واضح کیا گیا کہ تمام معلومات درست اور دستاویزی ثبوت کے ساتھ درج ہونی چاہیے۔ انکم ٹیکس ریٹرن میں غلط معلومات فراہم کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے۔

بقیہ 37 عالمی تنقید

رپورٹس کے بعد بھارتی الیکشن کمیشن کو شدید عدم اعتماد کا سامنا ہے، بھارتی اپوزیشن کے مطابق الیکشن کمیشن بی جے پی کو فائدہ پہنچانے کیلئے ایس آئی آر کے ذریعے ووٹرز خارج کیے جا رہے ہیں، عالمی جریدے کے مطابق کاکروچ جنتا پارٹی نے 48 گھنٹوں میں چیف الیکشن کمشنر کا استعفیٰ موصول نہ ہونے پر احتجاج کا اعلان کیا۔

بقیہ 38 ڈاکٹر مالک بلوچ

نیشنل پارٹی عوام کو طاقت کا سرچشمہ سمجھتی ہے اور آئین و قانون کی حکمرانی کو عام شہری کی زندگی، آزادی اور بنیادی حقوق کا ضامن قرار دیتی ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہیں سفر کے لیے محفوظ نہیں، عوام کی نقل و حرکت محدود ہو گئی ہے۔ ٹرانسپورٹ و زراعت سے وابستہ طبقہ شدید مشکلات کا شکار ہے ایک طرف گاڑیوں کو جلایا جاتا ہے تو دوسری طرف بھتہ لیکر ٹرانسپورٹرز کو شدید معاشی مشکلات سے دوچار کیا گیا، انہوں نے کہا کہ کھڈ کوچہ، قلات اور نوشکی میں باغات کاٹنے اور لوگوں کو علاقوں سے بے دخل کرنے کی پالیسی عوام دشمن اقدام ہے انہوں نے کہا کہ نیشنل دلیل اور منطق کی قائل ہے، بلوچستان پر سنجیدگی کی ضرورت ہے کیونکہ اس وقت عوام مشکلات کا شکار ہیں۔ شدید قسم کی انارکی پھیلنے کا خدشہ ہے جو سنگین قسم کی انسانی المیہ جنم دے سکتا ہے۔ اس لیے بات چیت کو فوقیت حاصل ہونی چاہیے نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ بلوچستان جیو پالیٹکس کے اعتبار سے خطے کا اہم حصہ ہے اس لیے ریجنل موومنٹ و عمل دخل سے انکار ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی کوشش ہے کہ بلوچستان کی سیاسی جماعتوں کو مشترکہ نکات پر اکٹھا کریں تاکہ ایک مضبوط سیاسی فرنٹ قائم ہو۔

بقیہ 39 عمرے کی آڑ

بنادی۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن نے ملتان ایئرپورٹ پر کارروائی کی، خاتون مسافر عشرت بی بی کی نشاندہی پر امجد نامی ایجنٹ کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق خاتون فلائٹ نمبر ایس وی 801 کے ذریعے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جا رہی تھی، امیگریشن کلیئرنس کے دوران خاتون مسافر کو جانچ پڑتال کے لیے شفٹ انچارج کے حوالے کیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں خاتون کو جنسی استحصال کے لیے بیرون ملک بھجوانے کے شواہد برآمد ہوئے۔ خاتون کے موبائل فون، چیٹس اور ڈیجیٹل مواد سے جنسی استحصال کے سنگین شواہد سامنے آئے۔

بقیہ 40 علی مدد جتک

کمانڈر ملا عبید اللہ بڑیچ، حاجی محمد گل شاہوانی، نکری حمید بنگلزئی، حاجی نور محمد رخشانی، انور مینگل، ڈاکٹر راشد قریشی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھے حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ حلقے کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں عوامی مینڈیٹ سے نوازا ہے، ہم اس کی قدر کرتے ہیں اور عوامی توقعات پر پورا اترنے کیلئے علاقے کے بنیادی مسائل کے حل کو ترجیح دے رہے ہیں۔ مشرقی بائی پاس کی تعمیر و توسیع کا منصوبہ علاقے کی ترقی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا، منصوبے پر تقریباً ڈیڑھ ارب روپے کی لاگت آئے گی۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ نے منصوبے کی منظوری اور تکمیل کے لیے بھرپور معاونت فراہم کی، جس پر ہم ان کے مشکور ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ہم پہلے ہی اس عزم کا اعادہ کر چکے ہیں کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے ہاتھوں سے بندوق لے کر انہیں قلم تھمانا ہے کسی بھی معاشرے کی مضبوط اور پائیدار تشکیل میں امن، محبت اور بھائی چارہ بنیادی ستون کی حیثیت رکھتے ہیں، بلوچستان کے نوجوانوں میں بدامنی اور انتشار پھیلانے والوں کا محاسبہ کرنا ہوگا تاکہ صوبے میں امن و استحکام کا وہ خواب جو ہم سب نے دیکھا ہے، اسے حقیقت میں تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 41 بخت محمد کاکڑ

بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ پیپلز پارٹی ایک حقیقی وفاقی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ جمہوریت اور جمہور کے حقوق کیلئے بھرپور جدوجہد کی ہے پیپلز پارٹی کی قیادت نے جمہوریت کے تسلسل، ملک کے استحکام اور عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے بیشمار قربانیاں دی ہیں انہوں نے کہا کہ حلقہ پی بی 39 میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا ہے۔ جبکہ حلقے میں پینے کے صاف پانی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ عوام کے ساتھ انتخابی مہم کے دوران کیے گئے تمام وعدے پورے کر کے دم لیں گے۔ اب کھوکھلے نعروں کا دور گزر چکا ہے، عوام عملی اقدامات اور حقیقی ترقی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور حلقے کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے لیے جاری منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ انشاء اللہ میرے اس پانچ سالہ مدت میں حلقے کی عوام خوشگوار تبدیلی محسوس کریں گے۔ میں گفتار پر نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھتا ہوں۔ میری سیاست کا محور غریب عوام ہے اور ہوگی۔

بقیہ 42 2 افراد ہلاک

پر پہنچ کر نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 43 مولانا عبدالواسع

بٹھانے کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ بلوچستان سیاسی بے یقینی، معاشی جمود، انتظامی مفلوجیت، بدامنی اور محرومیوں کے ایسے گرداب میں دھنس چکا ہے، جس کا خمیازہ براہ راست عوام بھگت رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا اعتماد، ان کا حقیقی مینڈیٹ اور ان کی سیاسی تائید حاصل کر کے بننے والی جواب دہ اور بااختیار حکومت ہی صوبے کو بحرانوں کے حصار سے نکال سکتی ہے، بلوچستان وسائل، معدنی دولت، افرادی قوت اور جغرافیائی اہمیت کے اعتبار سے پاکستان کی معاشی ترقی کا انجن بننے اور پاکستان کو ایشین ٹائیگر بنانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، مگر اس صلاحیت کو بروئے کار لانے کیلئے نمائشی سیاست نہیں بلکہ مضبوط سیاسی ارادہ، شفاف حکمرانی، آئینی بالادستی، وسائل پر صوبے کا حق اور عوامی مینڈیٹ کا غیر مشروط احترام ضروری ہے، رہنماؤں نے کہا کہ ضد، انا پرستی، سیاسی انتقام اور اقتدار کی بندربانٹ نے بلوچستان کے سیاسی ماحول کو انتشار، محاذ آرائی اور بے یقینی کی آماجگاہ بنا دیا ہے، سوال یہ ہے کہ کیا بلوچستان مزید مصنوعی حکومتوں، سیاسی تجربات، غیر فطری اتحادوں اور عوامی مینڈیٹ سے انحراف کا متحمل ہو سکتا ہے؟ اب وقت آ گیا ہے کہ بند کمروں میں طے ہونے والے سیاسی فارمولوں کے بجائے عوام کی عدالت سے رجوع کیا جائے، عوام کے ووٹ کو محض انتخابی عمل کی رسمی کارروائی نہیں بلکہ اقتدار کے حقیقی سرچشمے کے طور پر تسلیم کیا جائے اور بلوچستان کی سیاسی سمت کا فیصلہ عوام کے آزادانہ اور حقیقی مینڈیٹ سے کیا جائے، انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ ملک کے وسیع تر مفاد، آئین کی بالادستی، پارلیمانی جمہوریت، قومی یکجہتی اور ملکی استحکام کو ذاتی اور جماعتی مفادات پر مقدم رکھا ہے، جماعت نے مختلف مواقع پر اپنے سیاسی مفادات داؤ پر لگائے مگر ریاستی استحکام اور قومی وحدت پر آنچ نہیں آنے دی، مختلف ادوار میں سیاسی کارڈ کھیلے، مفادات کی بساط بچھانے اور اقتدار کے حصول کیلئے مختلف حربے آزمانے والے عناصر اقتدار کے ایوانوں تک پہنچتے رہے ہیں، لیکن جن سیاسی قوتوں کی سیاست کی بنیاد پاکستان، آئین، جمہوریت، عوامی حقوق اور پارلیمانی بالادستی پر ہے، انہیں مسلسل دیوار سے لگانے کی کوشش کی جا رہی ہے، یہ طرز عمل نہ جمہوری روح سے مطابقت رکھتا ہے اور نہ ہی بلوچستان کے عوام کے سیاسی شعور، اجتماعی فیصلے اور حق رائے دہی کا احترام ہے، انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک کر اور مصنوعی بیانیوں کے ذریعے سیاسی حقیقت کو زیادہ دیر تک دبایا نہیں جا سکتا، نوشتہ دیوار پڑھ لیا جائے، عوام کے حق رائے دہی کو تسلیم کیے بغیر سیاسی استحکام، پائیدار امن اور حقیقی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا، اقتدار کسی فرد، گروہ یا مصنوعی سیاسی بندوبست کی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے، اس امانت کا فیصلہ عوام کے ووٹ، آئین کی بالادستی اور حقیقی جمہوری مینڈیٹ کے ذریعے ہی ہونا چاہیے، جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے عوام کے سیاسی، آئینی، معاشی، قومی اور جمہوری حقوق کے تحفظ کیلئے اپنی جدوجہد ہر سطح پر پوری قوت کے ساتھ جاری رکھے گی۔

بقیہ 44 عبدالقادر لونی

جاری ہے نئے صوبوں کی آڑ میں اصل مقاصد کیا ہیں؟ جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے نزدیک اس کے دو بڑے محرکات ہیں: 1- اٹھارویں ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کو رول بیک کرنا: اٹھارویں آئینی ترمیم میں یہ طے ہوا تھا کہ قومی محصولات میں صوبوں کے حصے میں اضافہ تو کیا جائے گا، کمی نہیں کی جا سکے گی۔ جب یہ طے ہوا تھا تو صوبوں کا حصہ تقریباً 49 فیصد تھا، جو بڑھتے بڑھتے آج 56 سے 57 فیصد تک پہنچ چکا ہے۔ مرکز میں بیٹھی قوتیں اس آئینی تحفظ کو ختم کرنا چاہتی ہیں۔ صوبوں کو توڑ کر از سر نو این ایف سی ایوارڈ تشکیل دینا چاہتی ہیں تاکہ صوبوں کو مالی طور پر کمزور اور مرکز کو مزید طاقتور بنایا جا سکے۔ 2- صوبائی معدنی وسائل پر قبضہ: اٹھارویں ترمیم کے تحت صوبوں کے اندر موجود تمام معدنی ذخائر صوبوں کی ملکیت ہیں اور ان پر وہاں کے عوام کا حق تسلیم کیا گیا ہے۔ مگر مقتدر قوتیں ہمارے قبائل، ہمارے بلوچ، پشتون اور دیگر صوبوں کے عوام کو ان وسائل کا مالک تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ وہ ان وسائل کو اپنے براہ راست قبضے میں لینا چاہتی ہیں، اور اسی لئے صوبوں کی تقسیم ان کے لئے ناگزیر ہوگئی ہے۔ لہذا جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان اس طرح کے کسی بھی غیر آئینی اور جابرانہ فیصلے کی حمایت نہیں کر سکتی۔ یہ آپ کے بس میں نہیں کہ آپ قوم پر جبراً فیصلے مسلط کرتے رہیں اور قوم اسے قبول کرتی رہے کراچی تا کوئٹہ قومی شاہراہ غیر محفوظ ہے، کوئٹہ تا ڈیرہ اسماعیل خان، کوئٹہ تا ڈیرہ غازی خان، کوئٹہ تا جیکب آباد ہر شاہراہ پر گھنٹوں گھنٹوں ناکے لگے رہتے ہیں۔ عوام کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔ ہم پوچھتے ہیں، ہمیں ٹھنڈی زمین تو دو، ہمیں امن تو دو۔ آج بلوچ بیلٹ میں خونریزی ہے، پشتون بیلٹ میں جنگ ہے، خیبر پختونخوا میں بدامنی ہے۔ دوسری طرف آزاد کشمیر کے راولاکوٹ میں کئی ماہ سے عوام دھرنے پر بیٹھے ہیں اور کوئی ان سے بات کرنے کو تیار نہیں۔ اس غفلت کی وجہ سے وہاں ایسے عناصر کو تقویت مل رہی ہے جو خودمختار کشمیر کی بات کرتے ہیں اور عوامی جذبات میں خطرناک تبدیلی آ رہی ہے کیا اس ملک کو مزید توڑنا مقصود ہے؟ حتمی موقف: ان تمام حقائق کی روشنی میں جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کا واضح اور دوٹوک موقف ہے کہ موجودہ بدامنی، معاشی بحران اور سیاسی افراتفری کے ماحول میں نئے صوبوں کا قیام ملک و قوم کیلئے تباہ کن اور وفاق کے لیے خطرناک ہوگا۔ اس فیصلے کے لیے نہ کوئی انتظامی ہوم ورک کیا گیا ہے، نہ آئینی تیاری ہے، نہ قومی اتفاق رائے اور نہ ہی عوام کا اعتماد حاصل ہے۔ ہم حکومت اور مقتدر اداروں کو خیرخواہانہ مشورہ دیتے ہیں کہ نئے صوبوں کے غیر ضروری تجربے کی بجائے پہلے ملک میں امن و امان بحال کریں، عوام کو تحفظ دیں، شاہراہوں کو محفوظ بنائیں اور عوامی مسائل حل کریں۔

بقیہ 45 بابر یوسفزئی

گروہوں کا خاتمہ بڑی کامیابی ہے سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا بلوچستان کے امن کے دشمنوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیاں قابل فخر ہیں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز پوری بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں بلوچستان میں امن کے دشمنوں کے لیے واضح پیغام ہے کہ ریاست دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری قوت کے ساتھ موجود ہے، سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائیوں سے دہشت گرد نیٹ ورکس کو شدید نقصان پہنچا ہے، دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی مؤثر انٹیلی جنس اور کارروائیوں کا ثبوت ہے حکومت بلوچستان اور بلوچستان کی عوام سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم متحد ہے۔

بقیہ 46 جمال خان رئیسانی

عوام سے براہ راست رابطہ برقرار رکھتے ہوئے ان کی تجاویز اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ فورمز تک پہنچایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سراوان ہاؤس کوئٹہ میں این اے 264 سریاب کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے وفود اور معززین سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات کے دوران حلقے میں جاری عوامی رابطوں، علاقائی صورتحال، ترقیاتی ضروریات، بنیادی سہولیات اور عوام کو درپیش روزمرہ مسائل سمیت مختلف اہم امور پر گفتگو ہوئی۔ وفود نے اپنے علاقوں کے مسائل، عوامی ضروریات اور درپیش مشکلات سے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کو آگاہ کیا، جبکہ علاقے میں ترقیاتی کاموں اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے حوالے سے بھی اپنی تجاویز پیش کیں۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے وفود کی بات تفصیل سے سنی اور کہا کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ ضروری ہے۔

بقیہ 47 مولانا عبدالرحمان

کہ کارکنان جماعتی فکر و پیغام کو عام کرنے کیلئے گھر گھر رابطہ کریں اور عوام تک جمعیت علماء اسلام کا پیغام پہنچائیں۔ موجودہ پرفتن دور میں علماء کرام اور اہل حق کی صحبت و رہنمائی انسان کیلئے ہدایت اور نجات کا ذریعہ ہے اس لئے نوجوان نسل غیر اسلامی تہذیب و افکار کی اندھی تقلید کے بجائے اپنے اسلاف و اکابر کے نقش قدم کو اپنائے۔ انہوں نے کہا کہ جماعتی نظم و ضبط، باہمی رابطے اور فکری تربیت کے ذریعے کارکنان اپنی ذمہ داریوں کو بہتر انداز میں ادا کر سکتے ہیں موجودہ حالات میں نوجوانوں کی دینی و اخلاقی تربیت اور انہیں اکابر کی روشن روایات سے وابستہ رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دریں اثناء جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ تحصیلی مجلس عاملہ کا اجلاس آج دوپہر 12 بجے جبکہ تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس شام 4 بجے ضلعی سیکرٹریٹ سنجر پلازہ ایگل روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس میں 8 اکتوبر کو منعقد ہونے والی ضلعی جنرل کونسل کی تیاریوں، دعوت ناموں کے اجراء، متعلقہ اراکین تک دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اور دیگر تنظیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ اجلاس میں آئندہ کے لائحہ عمل اور تنظیمی امور سے متعلق اہم فیصلے بھی کیے جائیں گے۔

بقیہ 48 مولانا ہدایت الرحمان

ہوئے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہوتے ہیں بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت اور محنتی ہیں تعلیم و ٹیکنالوجی سے لیس ہو کر جدید چیلنجز کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے بلوچستان میں غربت و ناخواندگی کا خاتمہ تعلیم و ہنر سے کریں گے جماعت اسلامی نے الخدمت بنو قابل پروگرام کے کورسز مفت فراہم کر کے نوجوانوں کو علم و ہنر کا راستہ آسان بنا دیا انہیں جدید تعلیم، ٹیکنالوجی اور فنی مہارتوں کے مواقع فراہم کر کے ان کی صلاحیتوں کو ملک و قوم کی ترقی کیلئے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ نوجوانوں کو روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ہنر اور ٹیکنالوجی سیکھنے پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ جماعت اسلامی بلوچستان میں دینی و عصری تعلیم اور ہنر سے لیس باصلاحیت تعلیم یافتہ نوجوان تیار کرے گی ملک بھر میں کیا کوئی اور سیاسی قوم پرست مذہب پرست پارٹی عوام کی ایسی تعلیمی خدمت کر رہی ہے؟ جماعت اسلامی ہر دکھ درد میں بلاتفریق رنگ، نسل اور زبان ہر طبقے کیساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنو قابل جیسے پروگرام نوجوانوں کو جدید فنی تعلیم اور عملی مہارتیں حاصل کرنے کے مواقع فراہم کر رہے ہیں جو خوش آئند اقدام ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے زیادہ سے زیادہ نوجوان ایسے تعلیمی و فنی پروگراموں سے استفادہ کریں اور اپنی صلاحیتوں کو نکھار کر روزگار اور خود روزگاری کے نئے مواقع پیدا کریں۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ باصلاحیت، ہنرمند اور تعلیم یافتہ نوجوان ہی بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں، تعلیم اور ہنر سے جوڑ کر ہی صوبے میں ترقی، خوشحالی اور بہتر مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے اس موقع پر جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر مولانا عارف دمڑ، الخدمت فاؤنڈیشن اور جماعت اسلامی کے دیگر ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 49 میر علی حسن زہری

پی ڈی ماسٹر پلان حب، ایکسین بی اینڈ آر روڈز، ایکسین بی اینڈ آر بلڈنگز، ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور ایس ڈی او لوکل گورنمنٹ سمیت دیگر متعلقہ حکام شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران پی ڈی ماسٹر پلان حب کی جانب سے شہر کے ماسٹر پلان کے تحت جاری مختلف منصوبوں، ان پر ہونے والی پیش رفت اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے میر علی حسن زہری کو تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر ایکسین بی اینڈ آر روڈز اور ایکسین بی اینڈ آر بلڈنگز نے اپنے متعلقہ محکموں کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں اور تعمیراتی کاموں کی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا میر علی حسن زہری نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ماسٹر پلان سمیت تمام جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے، جبکہ تعمیراتی کاموں کے معیار اور پائیداری پر کسی صورت سمجھوتہ نہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ عوامی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ ساتھ اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے کہ تعمیراتی کام معیاری اور دیرپا ہوں تاکہ قومی و عوامی وسائل کا مؤثر استعمال ممکن بنایا جا سکے۔ اجلاس میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تحت جاری منصوبوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا میر علی حسن زہری نے ایکسین پی ایچ ای کو ہدایت کی کہ شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی سے متعلق منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ حب کے عوام کو درپیش پانی کے دیرینہ مسئلے کے حل میں مدد مل سکے۔ انہوں نے لوکل گورنمنٹ کے حکام کو بھی ہدایت کی کہ شہر کی مختلف گلیوں اور محلوں میں جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز کی جائے اور انہیں جلد مکمل کیا جائے، تاکہ تعمیراتی سرگرمیوں کے باعث شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی میں بہتری لائی جا سکے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ حب میں جاری ترقیاتی منصوبے اور ماسٹر پلان شہر کے مستقبل کیلئے غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں ان منصوبوں کی تکمیل سے شہر کی خوبصورتی، منصوبہ بندی، انفراسٹرکچر اور بنیادی سہولیات میں بہتری آئے گی اور حب کو ایک منظم، جدید اور ماڈل شہر بنانے کی راہ ہموار ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی جانب سے حب میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام جاری ہیں، تاہم اس امر کا بھی احساس ہے کہ جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے دوران شہریوں کو بعض مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ تعمیراتی کاموں کی رفتار مزید تیز کی جائے، شہریوں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا ہو اور انہیں ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔ میر علی حسن زہری نے واضح کیا کہ عوامی فلاح کے منصوبوں کا بنیادی مقصد شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے، اس لیے ترقیاتی کاموں کی نگرانی، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 50 علی پرویز ملک

کے تحت 60 لاکھ سے زائد افراد رجسٹریشن کرا چکے ہیں۔ ملک میں 20 سال پرانی موٹر سائیکلوں کی تعداد بھی 2 کروڑ 50 لاکھ سے زائد ہے۔ علی پرویز ملک کے مطابق حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے جنگ کے خاتمے تک سبسڈی اسکیم جاری رکھنے کا ارادہ رکھتی ہے، جبکہ اس منصوبے پر حکومت ماہانہ 35 سے 40 ارب روپے خرچ کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے ملک بھر کے پیٹرول پمپ مالکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بغیر کسی اضافی چارج کے عوام تک سبسڈی کا فائدہ پہنچایا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت ماضی کی طرح بغیر تیاری کے ریلیف دینے کی پالیسی اختیار نہیں کرے گی، کیونکہ ایسی صورتحال ملک کو دیوالیہ پن کے قریب لے جا سکتی ہے۔ انہوں نے اپنے گزشتہ ہفتے کے بیان کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ان کے موقف کو درست انداز میں پیش نہیں کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے کہا تھا کہ اگر پیٹرول کی قلت پیدا ہوئی تو قیمتوں کو قابو میں رکھنا مشکل ہوگا، تاہم وزیراعظم کے بروقت اور بہتر فیصلوں کے باعث پاکستان میں تیل کی قلت پیدا نہیں ہوگی اور حکومت صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہی ہے۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت کی ہمدردیاں شہداء کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔ سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف بھرپور عزم کے ساتھ کارروائیاں کر رہی ہیں، ملک کو دہشت گردی کی نئی لہر کا سامنا ہے اور اس کا مقابلہ اتحاد کے ذریعے کرنا ہوگا۔ انہوں نے تمام سیاسی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ باہمی اختلافات کو ایک طرف رکھتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف متحد ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کشیدہ ہے اور امریکا ایران جنگ کے باعث خطے میں تناؤ بدستور موجود ہے۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم شہباز شریف کی اقوام متحدہ میں تقریر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے جنگی صورتحال پر پاکستانی عوام کے جذبات کی ترجمانی کی اور خطے کے حالات پر پاکستان کا موقف مؤثر انداز میں پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین کا معاملہ بھی عالمی فورم پر بھرپور انداز میں اجاگر کیا گیا۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ پاکستان کو مستقل جنگ بندی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور ملک کے نظام کی بہتری کے لیے ہر فرد کو اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاست کو دھمکانے والے عناصر اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے، ریاست کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور کسی کو ریاست پر حملہ آور ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے اپوزیشن سے بھی ملک کو ترجیح دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی سرگرمیاں بعد میں بھی کی جا سکتی ہیں، موجودہ مشکل حالات میں ملکی مفاد مقدم ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اور حکومت مشکل گھڑی میں پیچھے نہیں ہٹیں گے، پاکستان سے بڑھ کر کوئی سیاست ہے اور نہ کوئی دوسرا مفاد۔

بقیہ 51 محمد عبدالقادر

سے زائد منشیات قبضے میں لے لیں، جن کی عالمی منڈی میں مالیت 750 ملین امریکی ڈالر ہے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان نیوی سمندری حدود میں منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی تجارت اور دیگر جرائم کی روک تھام کیلئے مسلسل نگرانی اور مؤثر کارروائی کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ بحیرہ عرب بین الاقوامی تجارت اور توانائی کی ترسیل کا اہم بحری راستہ ہے، اس لیے یہاں غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام علاقائی اور عالمی سلامتی سے براہ راست جڑی ہوئی ہے۔ پاک بحریہ کے افسران اور جوان کامیاب آپریشن پر مبارکباد کے لائق ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاک بحریہ صرف ملکی بحری مفادات کے تحفظ تک محدود نہیں بلکہ منظم جرائم اور منشیات کی بین الاقوامی اسمگلنگ کے سدباب میں بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کر رہی ہے۔ 750 ملین ڈالر مالیت کی منشیات کی ضبطگی بڑی معاشی اور سماجی تباہی کو روکنے کے مترادف ہے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار نے مزید کہا ہے کہ یہ آپریشن پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت انٹیلی جنس، سمندری نگرانی اور آپریشنل تیاری کا اہم ثبوت ہے۔ منشیات کی اسمگلنگ نوجوان نسل، معاشرے اور معیشت کیلئے سنگین خطرہ ہے، اس لیے اسکے خلاف مؤثر کارروائیاں قومی سلامتی کے ساتھ عالمی ذمہ داری بھی ہیں۔ پاک بحریہ کی یہ کامیابی اس عزم کو مضبوط کرتی ہے کہ پاکستان اپنی سمندری حدود کو غیر قانونی سرگرمیوں کیلئے استعمال نہیں ہونے دے گا۔

بقیہ 52 منشیات سمگل

زائد منشیات برآمد کر لی۔ پہلی کارروائی میں محمد عثمان کو گلستان سے کوئٹہ چرس سمگل کرتے ہوئے اس کے قبضے سے 30 کلو جبکہ دوسری کارروائی میں گل حسن کے قبضے سے موٹر سائیکل میں چھپائی گئی 4 کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا اور دونوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 53 لاکھوں روپے نقدی

لاکھوں روپے نقدی موبائل فونز لوٹ کر فرار ہو گئے جبکہ بعض مسافروں اور کھلاڑیوں کو تشدد کا بھی سامنا کرنا پڑا واردات کے بعد ڈاکو مسافروں کو بس سمیت جانے کی اجازت دیدی۔

بقیہ 54 آئی جی پولیس

بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے دورے کے موقع پر سی ٹی ڈی کے زیر تعمیر ہونے والے دفتر کے معائنے کے موقع پر آفیسران اور متعلقہ حکام سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایا، ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی، ڈی پی او خلیل احمد بگٹی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ آئی جی پولیس نے دفتر کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ اور اس موقع پر ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایا نے انہیں تفصیلی بریفنگ دی اس موقع آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ امن و امان، سیکیورٹی اقدامات اور دہشت گردی کے تدارک کے حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہر موقع پر پولیس اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی حوصلہ افزائی اور ہر ممکن سہولیات کے لئے تمام دستیاب وسائل کی فراہمی کے سلسلے کو جاری رکھا ہے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کے دفتر کے قیام سے علاقے میں انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کی روک تھام اور سیکیورٹی اقدامات کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ پولیس نے ہمیشہ امن کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کے تسلسل کو برقرار رکھا ہے۔ نئے دفتر سے علاقے میں سی ٹی ڈی کی استعداد کار اور فوری کارروائیوں میں مزید بہتری آئے گی۔ آئی جی نے تھانہ سرانان کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے جوانوں سے تفصیلاً ملاقات کی اور ان کے مسائل اور تجاویز سنیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کا رویہ عام شہریوں کے ساتھ عوام دوست اور امن دشمن عناصر کے ساتھ نمٹنے کیلئے سخت ہونا چاہیے۔ اور وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں انہوں نے تمام اہلکاروں کی محنت اور جانفشانی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے اپنے فرائض منصبی احسن طریقے سے سرانجام دے رہی ہے۔

بقیہ 55 صادق عمرانی

کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت منعقد ہونے والی اہم میٹنگ اور اس سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ملاقات میں پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال اور مضبوط بنانے، کارکنان کے ساتھ رابطوں کو مؤثر بنانے اور ان کے مسائل و تجاویز کو قیادت تک پہنچانے کے حوالے سے مختلف امور پر مشاورت کی گئی۔ رہنماؤں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ پارٹی کارکنان کسی بھی سیاسی جماعت کا بنیادی سرمایہ ہوتے ہیں اس لئے ان کے ساتھ مسلسل رابطے اور ان کے مسائل کے حل کے لئے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ اس موقع پر نصیرآباد ڈویژن سمیت مختلف اضلاع میں پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید منظم کرنے، کارکنان کو متحرک رکھنے اور آئندہ کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کیلئے باہمی رابطہ کاری کو مزید بہتر بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں پارٹی کی موجودہ تنظیمی صورتحال اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے مختلف تجاویز کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ 56 محمد رمضان مینگل

کہا ہے کہ مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے انتظامیہ اور حکومت کی عدم توجہی اور نااہلی کی وجہ سے بے گناہ شہریوں کی قتل و غارت گری جاری ہے اس کا نوٹس لیا جائے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ گزشتہ روز نوشکی کے علاقے میں سنی علماء کونسل ضلع نوشکی کے سینئر رہنما حافظ سعد اللہ کو نامعلوم افراد شہید کر کے فرار ہو گئے ایسے واقعات کا تواتر کے ساتھ رونما ہونا انتظامیہ، حکومت کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں ہمارا حکومت اور نوشکی انتظامیہ سے مطالبہ ہے کہ حافظ سعد اللہ کے قاتلوں کو گرفتار کر کے قانون کے شکنجے میں جکڑ کر قرار واقعی سزا دی جائے اور ان کے لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے انہوں نے بیان میں شہید کے بلند درجات اور ان کے لواحقین کو صبر و جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ ہم قاتلوں کی گرفتاری تک آرام سے نہیں بیٹھیں گے حکومت، علماء کرام اور دیگر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے ان کارروائیوں میں ملوث عناصر کی بیخ کنی اور قانون کے شکنجے میں جکڑنے کیلئے اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 57 پشتونخوا میپ

بلوچ اضلاع میں سخت بدامنی، لاقانونیت ہے، حکومت عوام کو امن دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ بدامنی، لاقانونیت کی اس صورتحال میں وفاقی ملکی ادارے اور ملک کی خفیہ ایجنسیاں مفلوجیت کا شکار یا ناکام ہو چکی ہیں اور ملک میں بدامنی، بیروزگاری اور وحشت دہشت اپنی عروج پر ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی متاثرہ خاندانوں کے اس غم میں ان کے ساتھ برابر کی شریک ہیں اور شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل اور زخمیوں کے لیے صحتیابی کی دعا کرتی ہے۔

بقیہ 58 مشیر خزانہ

بعد پی آئی اے کے لیے طیارے خرید رہی ہے اور نہ ہی اس مقصد کے لیے کسی حکومتی ضمانت یا ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے قرضے کا اعلان کیا گیا ہے، دنیا کے کسی بھی EXIM بینک کی طرح، امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کا بنیادی مقصد بھی اپنے ملک کی برآمدات اور روزگار کو فروغ دینا ہے۔ مشیر وزیر خزانہ نے کہا کہ بوئنگ طیارے امریکی برآمدات ہیں، امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک غیر ملکی خریداروں، بشمول فضائی کمپنیوں کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے، امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے فریم ورک میں اثاثوں کی بنیاد پر طیاروں کی فنانسنگ کی گنجائش موجود ہے، طیارہ خود فنانسنگ کے لیے سیکیورٹی کے طور پر استعمال ہو سکتا ہے، حکومتی ضمانت لازمی شرط نہیں۔ خرم شہزاد نے کہا کہ حکومت کا کردار پاکستانی کاروباری اداروں کے لیے بین الاقوامی فنانسنگ، ٹیکنالوجی، سپلائرز اور سرمایہ کاری کے دروازے کھولنا اور سہولت فراہم کرنا ہے، وزیر خزانہ کی امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک سے بات چیت صرف پی آئی اے تک محدود نہیں تھی

سی ٹی ڈی کے دفاتر کے قیام سے انسداد دہشتگردی میں مدد ملے گی' آئی جی بلوچستان

پولیس نے امن کے قیام' عوام کے تحفظ کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کا تسلسل برقرار رکھا ہے' محمد طاہر

پولیس کا رویہ عام شہریوں کیلئے عوام دوست اور امن دشمن عناصر کے ساتھ سخت ہونا چاہئے کیونکہ وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں

پولیس عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے فرائض منصبی احسن طریقے سے انجام دے رہی ہے' قلعہ عبداللہ و سراناں کے دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ سی ٹی ڈی کے دفاتر کے قیام سے علاقے میں انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کی روک تھام اور سیکورٹی اقدامات کو موثر بنانے میں مدد ملے گی پولیس نے امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کا تسلسل برقرار رکھا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل 21 ویں ٹیکنیکل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے شرکاء میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

کارکن کسی بھی جماعت کا بنیادی سرمایہ ہوتے ہیں' صادق عمرانی

صوبائی وزیر کی میر محمد یعقوب کھوسہ سے ملاقات نصیر آباد میں پارٹی کو منظم کرنے پر اتفاق

دوران ملاقات وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اہم میٹنگ اور اس سے متعلق امور زیر بحث

بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان کا میر اویس خان کاسی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مرحوم عبداللہ جان کاسی کے صاحبزادے میر اویس خان کاسی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ... انہوں نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

پی آئی اے حکام کی جانب سے فلائٹ ڈیوٹی پر سگریٹ لے جانے پر پابندی عائد

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) نے فضائی میزبانوں کے سگریٹ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کے انکشاف کے بعد ... ایک پیکٹ یعنی 20 سگریٹ لے جانے کی اجازت ہوگی، 20 سگریٹ سے زیادہ لے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

حافظ سعد اللہ کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے' مولانا محمد رمضان مینگل

حکومت عدم توجہی کے باعث بیگناہ شہریوں کی قتل و غارت گری جاری ہے' امیر جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت عوام کو امن دینے میں مکمل ناکام ہو چکی' پشتونخوا میپ

ڈی آئی خان میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ قابل افسوس ہے' مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں ڈی آئی خان میں پولیس چیک پوسٹ پر حملے ... کے پشتون....... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

خیبرل اتاشی و ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ سید ابوالحسن میری ڈائریکٹر سیاحت گیرام بگٹی بلوچ و دیگر مقررین عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت پی آئی اے کیلئے طیارے خرید رہی ہے نہ قرض دیا' مشیر خزانہ

پی آئی اے اور امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک سے متعلق حقائق واضح کرنا ضروری ہیں، بوئنگ طیارے امریکی برآمدات ہیں

امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک غیر ملکی خریداروں کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے، حکومتی ضمانت لازمی شرط نہیں، خرم شہزاد

اسلام آباد (شاکر رحمان) مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ حکومت نہ تو نجکاری کے بعد پی آئی اے کے لیے طیارے خرید رہی ہے اور نہ ہی اس مقصد کے لیے کسی حکومتی ضمانت یا ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے قرضے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پی آئی اے اور امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے حوالے سے حقائق واضح کرنا ضروری ہیں، گردش کرنے والے بعض تبصروں میں نجکاری اور برآمدی قرضہ فراہم کرنے والے ادارے کے کردار کو درست طور پر نہیں سمجھا گیا۔ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ حکومت نہ تو نجکاری کے........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

میر علی حسن زہری سے پی پی کے ترقیاتی منصوبوں، ماسٹر پلان اور دیگر عوامی فلاحی اسکیموں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تمام ترقیاتی منصوبوں کو وقت مقررہ پر مکمل کیا جائے' علی حسن زہری

تعمیراتی کاموں کے معیار اور پائیداری پر کسی صورت سمجھوتہ نہ کیا جائے' ترجمان صدر مملکت کی ہدایت

حب ماسٹر پلان مستقبل کیلئے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے' اجلاس سے خطاب

حب (آن لائن) سینئر مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری کی زیر صدارت حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ماسٹر پلان اور دیگر عوامی فلاحی اسکیموں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف محکموں کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب' تبلیغی اجتماع کا آغاز، ہزاروں افراد کی شرکت

مختلف علاقوں سے فرزندان اسلام اجتماع میں شرکت کیلئے سوراب پہنچ رہے ہیں

سوراب (آن لائن) سوراب میں سالانہ تبلیغی اجتماع کا باقاعدہ آغاز ہو گیا، جس میں ہزاروں فرزندان اسلام کی شرکت تبلیغی اجتماع میں عوام کی بڑی تعداد کی آمد کا سلسلہ تا حال جاری ہے، جبکہ مختلف علاقوں سے مزید فرزندان اسلام بھی اجتماع میں شرکت کیلئے سوراب پہنچ رہے ہیں، اجتماع کے مقام پر شرکاء کی بڑی تعداد موجود ہے۔

حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے پیٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھے گی' علی پرویز ملک

حکومت کو مشکلات کا مکمل احساس ہے، عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوتے ہی اس کا فائدہ عوام تک منتقل کریں گے' وفاقی وزیر پیٹرولیم

حکومت ماضی کی طرح بغیر تیاری کے ریلیف دینے کی پالیسی اختیار نہیں کرے گی، ایسی صورتحال ملک کو دیوالیہ پن کے قریب لے جا سکتی ہے' میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے پیٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھے گی، اگر اسے 10 ماہ تک چلانا پڑا تو عوام کیلئے اسے برقرار رکھا جائے گا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کو عوام کی مشکلات کا مکمل احساس ہے، عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوتے ہی اس کا فائدہ عوام تک منتقل کیا جائے گا انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے فی لیٹر 100 روپے ریلیف پر مبنی پیٹرول سبسڈی اسکیم متعارف کرائی گئی ہے، جس .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نیوی سمندری حدود کی نگرانی کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے' محمد عبدالقادر

بحیرہ عرب بین الاقوامی تجارت اور توانائی کی ترسیل کا اہم بحری راستہ ہے

میری ٹائم سیکیورٹی آپریشنز کے تحت مشکوک کشتی سے 2,800 کلو منشیات قبضے میں لینا اہم کامیابی ہے' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بحیرہ عرب میں پاک بحریہ کی انسداد منشیات کی ایک بڑی کارروائی نے پاکستان کی بحری سلامتی اور خطے میں غیر قانونی منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف جاری عالمی کوششوں میں اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ میری ٹائم سیکیورٹی آپریشنز کے تحت پی این ایس حنین اور پی این ایس یرموک نے ایک مشکوک ماہی گیر کشتی کو کارروائی کا نشانہ بناتے ہوئے 2,800 کلوگرام .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ نیو کچلاک پولیس کی کارروائی 34 کلو چرس برآمد' 2 ملزمان گرفتار

محمد عثمان سے 30 اور گل حسن کے قبضے سے موٹر سائیکل میں چھپائی گئی 4 کلو چرس برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیو کچلاک پولیس نے منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کی 34 کلو چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی صدر ڈویژن شفقت امیر جنجوعہ کی نگرانی میں ڈی ایس پی کچلاک عابد جدون اور ایس ایچ او حاجی عبدالغنی کرانی نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 مختلف کارروائیوں کے دوران 34 کلو سے........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ' چیف منسٹر فٹبال ٹورنامنٹ میں شرکت کیلئے آنے والی ٹیم لٹ گئی

ٹیم دیگر مسافروں کے ساتھ کوچ میں کراچی سے کوئٹہ آ رہی تھی نامعلوم مسلح افراد لوٹ مار کے بعد فرار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ کے قریب کراچی سے کوئٹہ چیف منسٹر گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ میں شرکت کیلئے آنے والی ٹیم مسافر مستونگ میں لٹ گئے لاکھوں روپے نقدی اور موبائل فونز چھین لئے پولیس کے مطابق کراچی سے کوئٹہ آنے والی ٹیم چیف منسٹر گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ میں شرکت اور دیگر مسافر کوچ کے ذریعے کوئٹہ آ رہے تھے کہ مستونگ کے قریب پہنچنے پر مسلح افراد نے اسے روک کر کھلاڑیوں اور مسافروں سے لوٹ مار کرتے ہوئے اور.......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

14 اکتوبر کو بھی مارچ نہیں ہوگا، شیر افضل مروت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے دو ماہ کا وقت اپنی تیاری کیلئے لیا لیکن تیاری حکومت نے کر لی ہے۔ ایک انٹرویو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ پی ٹی آئی نے تیاری نہیں کی اور کہا کہ مارچ 14 اکتوبر کو کریں گے، سہیل آفریدی نے مارچ موخر کر کے کہا کہ ہمارے ساتھ بات کریں یہ اپنی کمزور پوزیشن کا اظہار کر رہے ہیں۔۔۔۔

کراچی پولیو کا مرکزی گڑھ قرار، پاکستان پر عالمی سفری پابندیاں برقرار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے پاکستان پر عالمی سفری پابندیاں برقرار رکھنے کا فیصلہ کرتے ہوئے پابندیوں میں تین ماہ کی توسیع کر دی۔ رپورٹ کے مطابق پابندیوں کی سفارش ڈبلیو ایچ او ایمرجنسی کمیٹی برائے پولیو نے کی ہے۔ صحت کے عالمی ادارے کا کہنا ہے کہ کمیٹی نے پاکستان میں پولیو کی صورت حال اور حکومتی اقدامات پر غور کیا، پاکستان اور افغانستان میں وائلڈ پولیو وائرس کا پھیلاؤ تا حال قابل تشویش ہے۔

لانگ مارچ سے قبل کے پی حکومت ختم ہو جائے گی، اعجاز الحق

لاہور (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ضیا کے سربراہ اعجاز الحق نے کہا ہے کہ میری نظر میں 14 اکتوبر کے لانگ مارچ سے پہلے خیبر پختونخوا حکومت ختم ہو جائے گی۔ ایک انٹرویو انہوں نے کہا کہ ریلیف کا بھی طریقہ ہوتا ہے دھمکیوں سے ریلیف نہیں دی جاتی، دھمکی آمیز گفتگو اگر کسی وزیر نے بھی کی ہے تو وہ بھی غلط ہے، اگر حکومت نے کی ہے تو وہ بھی غلط ہے، لیکن لانگ مارچ کی ایک حد ہوگی، پی ٹی آئی کا لانگ مارچ نہیں ہوگا۔

لکی مروت، دہشتگردوں کی فائرنگ سے 3 افراد شہید، 3 زخمی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں دہشتگردوں کے حملے میں 3 افراد شہید جبکہ 3 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق تازہ واقعہ لکی مروت کے علاقے میداخیل کے قریب گزشتہ روز پیش آیا جہاں مسلح دہشتگردوں نے مقامی افراد کو نشانہ بنایا۔ پولیس افسر نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ فائرنگ کا واقعہ درہ پیزو ٹاؤن کے شہید حیات علی خان پولیس اسٹیشن کی حدود میں پیش آیا۔

عازمین حج کی سہولت کیلئے پاک حج ایپ پر مزید فیچرز متعارف

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزارت مذہبی امور نے پاک حج ایپ پر عازمین حج کی سہولت کے مزید فیچرز متعارف کرا دیے۔ حج انتظامات سے متعلق متعدد سہولیات اب عازمین کو گھر بیٹھے دستیاب ہوں گی، عازمین حج کو گھر بیٹھے پیکیج دورانیے اور رہائش میں ترمیم کی سہولت دیدی گئی ہے، اب ٹوین بیڈ، تھری بیڈ، فیملی روم یا شیئرنگ رہائش کا انتخاب گھر بیٹھے ممکن ہو سکے گا، لانگ حج کو شارٹ یا شارٹ کو لانگ پیکیج میں تبدیل کرنے کی سہولت بھی میسر ہوگی۔

واشک سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) واشک کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز سوراب بائی پاس پر ایک شخص کی پولیس کو نعش ملی جس کے جسم پر گولیوں کے نشان تھے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کی شناخت دیگر سخت تپ سے ہوئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

بلوچستان کے نوجوانوں کے ہاتھوں سے بندوق لیکر انہیں قلم تھمانا ہے' علی مدد جتک

صوبے میں بدامنی پھیلانے والوں کا محاسبہ کرنا ہوگا تاکہ امن و استحکام کا خواب حقیقت میں تبدیل کیا جا سکے' صوبائی وزیر

حلقے کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کر کے ہمیں مینڈیٹ سے نوازا ہم اسکی قدر کرتے ہیں' رہنما پاکستان پیپلز پارٹی

مشرقی بائی پاس منصوبہ علاقے کی ترقی اور بہتر سفری سہولیات کی فراہمی میں سنگ میل ثابت ہوگا' افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ ہماری سیاست کا محور عوام کی ترقی، خوشحالی اور ان کے طرز زندگی میں بہتری ہے، پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی، بلوچستان میں ترقی کے نئے راستے کھلے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشرقی بائی پاس بی شاہراہ کی تعمیر و توسیع کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں.......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ انڈسٹریل پولیس کی کارروائی
'2 ملزمان گرفتار' اسلحہ برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انڈسٹریل پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے اور مفرور ملزم سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی ہدایت پر ایس پی قائد آباد علی رضا، ڈی ایس پی مقصود احمد لغاری کی نگرانی میں ایس ایچ او خیر محمد نے کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم ساجد کو گرفتار کر کے اسلحہ، ایمونیشن برآمد کر لئے جبکہ دوسری کارروائی میں اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم مجیب الرحمان کو گرفتار کر لیا دونوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

کوئٹہ پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی سے فضل محمد نورزئی اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی نے جمہوریت و جمہور کے حقوق کیلئے ہمیشہ جدوجہد کی' بخت محمد کاکڑ

قیادت نے ملکی استحکام اور عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے بیشمار قربانیاں دی ہیں' صوبائی وزیر صحت

عوام سے کئے گئے تمام وعدے پورے کر کے دم لیں گے' کلی ہیری میں شمولیتی اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) پیپلز پارٹی کے رہنما و صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت کلی ہیری میں حاجی عبدالغفار لالا، واسع لالا، اکرم لالا، ملک ایوب، حافظ لالا، معصوم خان، امیر حمزہ لالا، نقیب خان کاکڑ، قاسم خان، سیف الرحمان، اشرف خان کاکڑ کی قیادت میں گرینڈ شمولیتی پروگرام کا انعقاد، شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت.......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد ہلاک' 1 زخمی

واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب ڈیرہ مراد جمالی تھانہ بابا کوٹ کی حدود میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے نوریز اور عرض محمد کو ہلاک جبکہ منگل کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع.......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

تربت' کانسٹیبل ڈیوٹی پر جاتے ہوئے راستے سے اغواء

ذاکر کو ہیرونک کے مقام پر مسلح افراد اس کی اپنی گاڑی میں اغواء کر کے فرار ہو گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تربت کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد پولیس کانسٹیبل کو اغواء کر کے لے گئے پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز پولیس کانسٹیبل ذاکر کو تربت کوئٹہ روڈ پر ہیرونک کے مقام پر موٹر سائیکل سوار مسلح افراد اسلحہ کے زور پر اسے اغواء کر کے اس کی ذاتی گاڑی میں لے کر فرار ہو گئے مغوی بلیدہ کا رہائشی اور ہوشاب تھانے میں ڈیوٹی پر تربت جا رہا تھا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بھاگ' نامعلوم افراد دن دیہاڑے ہندو تاجر کو لوٹ کر فرار ہونے میں کامیاب

بھاگ (نامہ نگار) دن دیہاڑے بھاگ بازار میں ہندو تاجر رتن کمار سے نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے نقد رقم موبائل اور سگریٹ کے پیکٹس لوٹ کر فرار' نامعلوم افراد نے فائرنگ بھی کی۔

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک مشرقی بائی پاس شاہراہ کی توسیع کے منصوبے کی افتتاحی تقریب کے موقع پر منعقدہ عظیم الشان جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت آئینی حقوق و سیاسی اختیار کی جنگ ہر محاذ پر لڑتی رہے گی' مولانا عبدالواسع

بلوچستان کو مصنوعی سیاسی بندوبست، مسلط شدہ اقتدار اور غیر نمائندہ انتظامی فارمولوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا' صوبائی امیر جمعیت

مصنوعی سیاسی کھیپ کو اقتدار پر بٹھانے کا نتیجہ یہ نکلا کہ آج بلوچستان سیاسی بے یقینی، بدامنی اور محرومیوں کے گرداب میں دھنس چکا' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے اصل وارث یہاں کے عوام ہیں، جمعیت علماء اسلام عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت کی حیثیت سے عوام کے حق حاکمیت، حق رائے دہی، آئینی حقوق اور سیاسی اختیار کی جنگ ہر محاذ پر لڑتی رہے گی، عوام کے مینڈیٹ کو روند کر اور انتخابات کے نام پر عوامی فیصلے کو بے معنی بنا کر رچایا گیا گھناؤنا سیاسی کھیل اب اپنے منطقی انجام کو پہنچ کر ناگزیر ہو چکا ہے، وفاقی حکومت کی تشکیل کے سودے میں بلوچستان حکومت کو بطور سیاسی بارگیننگ چپ استعمال کرنا مزید کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، بلوچستان کے اقتدار اور عوامی مینڈیٹ کو وفاقی سیاسی سودے بازی کا مال تجارت بنانے کا سلسلہ بند کیا جائے اور صوبے کی سیاسی تقدیر کا فیصلہ بند کمروں کے سیاسی فارمولوں کے بجائے بلوچستان کے عوام کے حقیقی مینڈیٹ سے کیا جائے، بلوچستان کو مصنوعی سیاسی بندوبست، مسلط شدہ اقتدار اور غیر نمائندہ انتظامی فارمولوں کے رحم و کرم پر مزید نہیں چھوڑا جا سکتا، صوبے کو اس کی حقیقی عوامی نمائندہ قیادت کے سپرد کیا جائے، مصنوعی سیاسی کھیپ کو اقتدار کے ایوانوں پر.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ پارٹی کے سینئر رہنماؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو

صوبے دنیا بھر میں بنتے ہیں یہ کوئی انہونی بات نہیں' جمعیت نظریاتی

پاکستان میں نئے صوبے محض چند لوگوں کی ذاتی خواہش جسے جبراً پوری قوم پر مسلط کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے' مولانا عبدالقادر لونی

مرکز میں بیٹھی قوتیں صوبوں کو توڑ کر از سر نو نیا این ایف سی ایوارڈ تشکیل دینا چاہتی ہیں' مرکزی امیر پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی جاری بحث پر جماعت کا واضح، دو ٹوک اور حتمی پالیسی موقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے دنیا بھر میں بنتے رہتے ہیں، تمام ممالک میں نئے انتظامی یونٹ بنتے ہیں، یہ کوئی انہونی بات نہیں لیکن ہر فیصلے کا ایک وقت، ایک ماحول اور ایک تیاری ہوتی ہے آج پاکستان میں نہ وہ ماحول موجود ہے، نہ کوئی آئینی، انتظامی اور عوامی تیاری ہے۔ یہ محض چند لوگوں کی ذاتی خواہش ہے جسے جبراً پوری قوم پر مسلط کرنے کی کوشش کی.......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا پیر حافظ ڈاکٹر محمد سلیمان اور پیر شاہ محمد احرار نقشبندی بزم رحمت العالمین کے زیر اہتمام 11 ویں شریف محفل میلاد کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردوں کیخلاف کارروائیوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا' بابر یوسفزئی

بلوچستان میں امن کے دشمنوں کیخلاف سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائیاں قابل فخر ہیں

ریاست دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پوری قوت کے ساتھ موجود ہے' معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں قابل تحسین ہیں شعبان، زیارت، نوشکی اور مند میں کارروائیوں کے دوران 71 سے زائد دہشت.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب کو درپیش مسائل اور ترقیاتی امور پر خصوصی توجہ دیں گے' جمال رئیسانی

عوام سے رابطہ برقرار رکھتے ہوئے ان کی تجاویز ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ فورمز تک پہنچایا جائے گا

عوامی مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ موثر رابطہ ضروری ہے' وفود سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ سریاب کے مختلف علاقوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مسائل کے حل اور ترقیاتی امور پر بھرپور توجہ دی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کارکن جماعتی فکر و پیغام عام کرنے کیلئے گھر گھر رابطہ کریں' مولانا عبدالرحمان رفیق

پرفتن دور میں علماء اور اہل حق کی صحبت و رہنمائی انسان کیلئے رہنمائی کا ذریعہ ہے' امین اللہ شمس

نوجوان نسل غیر اسلامی تقلید کی بجائے اپنے اسلاف و اکابر کے نقش قدم کو اپنائیں' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی امین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، مفتی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی' کلی صاحبزادہ روڈ پر فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

نوشکی (آن لائن) نوشکی کلی شریف خان کے قریب کلی صاحبزادہ روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جان بحق' تفصیلات کی مطابق اتوار کی شب نوشکی سے مغرب کی جانب کلی شریف خان کے قریب صاحبزادہ روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے سعد اللہ ولد محمد علی قوم مینگل جاں بحق ہو گئے پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

زیارت کے جنگلات میں آگ پر قابو پانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں' پشتونخوا نیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والے ایک بیان میں ضلع زیارت کے علاقے فیلہ میں صنوبر کے قیمتی، نایاب اور تاریخی جنگلات میں گزشتہ چار روز سے لگی آگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آگ پر فوری قابو نہ پایا گیا تو اس کے نتیجے میں مزید وسیع علاقے کے قیمتی جنگلات کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ضلع زیارت کی یونین کونسل پچھ کے پہاڑی علاقے فیلہ میں صنوبر کے انتہائی گھنے جنگلات موجود ہیں، جہاں گزشتہ چار روز سے آگ لگی ہوئی ہے۔۔۔۔

تعلیم و جدید ٹیکنالوجی سے لیس ہو کر چیلنجز کا مقابلہ ممکن ہے' مولانا ہدایت الرحمن

جماعت اسلامی نے "بنو قابل پروگرام" کے تحت کورسز مفت فراہم کر کے نوجوانوں کیلئے علم و ہنر کا راستہ آسان بنا دیا' صوبائی امیر

نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں، تعلیم اور ہنر سے جوڑ کر صوبے میں ترقی، خوشحالی کی بنیادیں رکھی جا سکتی ہیں' طلبہ سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کوئٹہ میں قائم الخدمت فاؤنڈیشن بنو قابل کے مختلف کمپیوٹر کیمپس کا خصوصی دورہ کیا جہاں انہوں نے طلبہ و طالبات اور ٹیچرز سے ملاقات کی اور ان کی تعلیمی و فنی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طلبہ سے براہ راست گفتگو کرتے ہوئے مختلف سوالات کئے اور ان کی صلاحیتوں، سیکھنے کے عمل اور مستقبل کے عزائم کے بارے میں معلومات حاصل کیں طلباء و طالبات نے الخدمت فاؤنڈیشن جماعت اسلامی کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر